لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | اتوار 11 اکتوبر 2026ء 1448ھ 28 ربیع الثانی 26 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 257
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ٥ (سورۃ البقرہ)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جدید سہولیات، ٹیکنالوجی سے مزین موبائل پولیس اسٹیشن وین کا باقاعدہ آغاز کر دیا

موبائل پولیس سٹیشن وین کا معائنہ، اسکی ورکنگ کا مشاہدہ کیا، سینئر سٹیشن اسسٹنٹ اور خاتون پبلک گائیڈ سے طریقہ کار بارے دریافت کیا

شہری یہاں ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست، آن لائن ای ٹیگنگ، گمشدگی کی رپورٹ، کریمنل ریکارڈ چیکنگ اور کرایہ داروں کے اندراج سمیت مختلف سہولیات حاصل کرسکیں گے، بریفنگ

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی سے مزین موبائل پولیس سٹیشن وین کا باقاعدہ آغاز کردیا، صوبے کے مختلف اضلاع میں مجموعی طور پر 33 موبائل پولیس سٹیشن فنکشنل ہوں گے، جن میں سے 6 خواتین سے متعلق امور کے لیے مخصوص کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موبائل پولیس سٹیشن وین کا معائنہ کیا او(بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے صدر مملکت آصف علی زرداری ملاقات کرتے ہوئے

وزیراعظم: ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام پر عملدرآمد تیز کیا جائے

وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ سے متعلق اجلاس' مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولتوں کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا، ڈیجیٹل نیشن پاکستان کا مقصد شہریوں کو مؤثر اور باسہولت خدمات فراہم کرنا ہے۔ شہباز شریف

تمام شعبوں اور حکومتی اداروں کے اعداد وشمار ایک جگہ دستیاب ہونے سے معاشی ترقی میں مدد ملتی ہے، ایندھن پر سبسڈی کی سکیم پر کامیاب عمل درآمد میں اداروں کی مشترکہ کوششوں نے کلیدی کردار ادا کیا۔ وزارتوں کی ڈیجیٹائزیشن بدعنوانی اور ادارہ جاتی بدنظمی کی روک تھام میں معاون ہے۔ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے وزارتوں کو متعلقہ اعداد و شمار قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہم کرنے کے لیے اقدامات کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولتوں کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا، ڈیجیٹل نیشن پاکستان کا مقصد شہریوں کو مؤثر اور باسہولت خدمات فراہم کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام شعبوں اور حکومتی اداروں کے اعداد و شمار ایک جگہ دستیاب (بقیہ نمبر29)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک

سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعلق ٹھکانے بھی تباہ کر دیئے گئے

عزم استحکام ویژن کے تحت بیرونی حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمہ تک کارروائیاں جاری رہیں گی: سکیورٹی ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 خارجی جہنم واصل کیے گئے۔ سکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعلق ٹھکانے بھی تباہ کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق عزم استحکام ویژن کیلئے بیرونی حمایت یافتہ دہشت گردی (بقیہ نمبر23)

گورنر راج لگانے کیلئے زیادہ پھرتیاں پیپلز پارٹی کی نظر آرہی ہیں، شوکت یوسفزئی

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے (بقیہ نمبر24)

بچوں کے خون سے سودا کرنے والوں سے کیا مذاکرات کریں: دانیال چودھری

خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کا وزیر اعلیٰ دہشت گردوں کی حمایت کرتا ہے (بقیہ نمبر25)

رانا ثناء اللہ: پی ٹی آئی سے مذاکرات میں بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں

پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں

پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی مؤقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف، تاہم کسی سمجھوتے یا مفاہمت کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات میں فی الحال کسی بڑے بریک تھرو کی زیادہ ا(بقیہ نمبر26)

MINISTRY OF
FEDERAL EDUCATION &
PROFESSIONAL TRAINING

اسلام آباد: وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی ایتھوپیا سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی کابینہ نے تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری دے دی۔ وزارت مذہبی امور کے جوائنٹ سیکرٹری اور وزارت (بقیہ نمبر 27)

کسی کو سنے بغیر اسکا سیلز ٹیکس نمبر بند کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے' لاہور ہائیکورٹ

ٹیکسٹائل ملز کی بلیک لسٹنگ کا حکم کالعدم قرار، سیلز ٹیکس نمبر، رجسٹریشن فوری بحال کرنے کی ہدایت

عدالت نے ایف بی آر کی اپیل خارج کرتے ہوئے اپیلٹ ٹربیونل کا فیصلہ برقرار رکھا

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکسٹائل ملز کی بلیک لسٹنگ کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے سیلز ٹیکس نمبر اور رجسٹریشن فوری بحال کرنے کی ہدایت کردی، عدالت نے ایف بی آر کی اپیل خارج کرتے ہوئے اپیلٹ ٹربیونل کا فیصلہ برقرار رکھا۔ جسٹس حسن نواز مخدوم اور جسٹس محمد اجمل زاہد نے عدالتی نظیر پر مشتمل فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ کسی کو سنے بغیر اس کا سیلز (بقیہ نمبر28)

شمالی وزیرستان میں کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے، مراد علی شاہ

وزیراعلیٰ سندھ کا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور بہادری کو خراج تحسین

کراچی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر قوم کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا مظہر ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ سندھ نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش (بقیہ نمبر 16)

مولانا اچھا کردار ادا کریں گے، ہم اب بھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں، بیرسٹر گوہر

ہم نے بہت کوشش کی، مولانا کو اپوزیشن الائنس میں شامل کریں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پی ٹی آئی ریاست کے ساتھ کھڑی ہے

گورنر راج یا ایمرجنسی لگانا مسئلے کا حل نہیں، سہیل آفریدی نے کبھی دہشت گردوں کی حمایت میں بیان نہیں دیا

پشاور (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا امید ہے کہ مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں اچھا کردار ادا کریں گے، ہم اب بھی بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ چارسدہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہم نے بہت کوشش کی، مولانا کو (بقیہ نمبر38)

پاکستان اور ویٹیکن کا بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ پر اتفاق

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقات ریاست آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر کے درمیان ملاقات

آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر پاکستان اور ہولی سی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے سلسلے میں پاکستان کے دورے پر ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور ویٹیکن نے بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی احترام اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ کے ساتھ ساتھ سفارتی تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقات ریاست آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر کے درمیان ملاقات میں مکالمے، علاقائی و عالمی امن اور مختلف مذاہب کے درمیان افہام وتفہیم کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر پاکستان اور ہولی سی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے سلسلے میں پاکستان کے دورے پر ہیں۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے آرچ بشپ کا خیرمقدم کرتے ہوئے امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کے فروغ میں ہولی سی کے کردار کو سراہا، انہوں نے پاکستان کی کیتھولک برادری کی بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں (بقیہ نمبر39)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب: مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے

مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا' مراد علی شاہ

پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کے تحت 2 روزہ 10 ویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس کا کراچی میں اختتام

ڈاکٹر محمد امجد ثاقب اور نوید اے خان کو بھی مالی شمولیت کے شعبے میں نمایاں خدمات پر اعزازات سے نوازا گیا

کراچی (آئی این پی) پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک (پی ایم این) کے زیر اہتمام 10 ویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس (اے ایم سی ایکس) کراچی میں اختتام پذیر ہوگئی، جس میں حکومت، ریگولیٹرز، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے پاکستان میں مالی شمولیت کو معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔ یونائیٹڈ نیشن انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) کے اشتراک اور یورپی یونین کے فنڈ سے چلنے والے PAIDAR پروگرام کے تحت منعقدہ 2 روزہ کانفرنس کا موضوع "جامع ترقی (بقیہ نمبر37)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی ٹیکنالوجی پارک "دانش ٹیکنالوجی پارک" کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

42 پروازیں منسوخ، 68 گھنٹوں تاخیر کا شکار، ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا

لاہور (آئی این پی) سعودی عرب سمیت دیگر خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہونے لگا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹ سے درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ 42 پروازیں منسوخ اور 68 دو سے سات گھنٹے تک تاخیر (بقیہ نمبر30)

مریم اورنگزیب: سموگ کنٹرول، پنجاب میں ڈیجیٹل نظام، 8 ہزار سے زائد بھٹوں کی نگرانی کی جا رہی ہے

فضائی آلودگی، سموگ پر قابو پانے کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت کام کیا جارہا ہے' سینئر صوبائی وزیر

فضائی آلودگی میں ٹرانسپورٹ کے دھوئیں، فصلوں کی باقیات جلانے اور تعمیراتی مقامات سے اٹھنے والی گردوغبار سمیت متعدد عوامل کا کردار ہے

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنجاب میں فضائی آلودگی اور سموگ پر قابو پانے کے لیے پہلی بار ٹرانسپورٹ، زراعت، تعمیرات اور دیگر شعبوں کو شامل کر کے جامع حکمت عملی کے تحت کام کیا جارہا ہے، صوبے بھر میں 8 ہزار سے زائد بھٹوں کی ڈیجیٹل نقشہ بندی کر کے ان کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ فضائی آلودگی میں ٹرانسپورٹ (بقیہ نمبر31)

وفاق نے پنجاب میں پائیدار ترقی اہداف پروگرام کی کارکردگی رپورٹ طلب کرلی

صوبے میں جاری منصوبوں پر پیش رفت، فنڈز کے استعمال کی تفصیلات بھی مانگ لی گئیں

لاہور (آئی این پی) وفاق نے پنجاب حکومت سے پائیدار ترقی اہداف پروگرام کی کارکردگی رپورٹ طلب کرلی۔ وفاق کی جانب سے صوبے میں جاری منصوبوں پر پیش رفت اور فنڈز کے استعمال کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔ پائیدار ترقی اہداف پروگرام پنجاب کے تمام اضلاع میں جاری ہے، پنجاب میں پروگرام کے لیے مجموعی طور پر 22 ارب روپے کے فنڈ مختص ہیں

پنجاب یونیورسٹی شعبہ جینڈر سٹڈیز کے زیر اہتمام روڈ سیفٹی پر آگاہی سیمینار کا انعقاد

لاہور (آئی این پی) پنجاب یونیورسٹی شعبہ جینڈر سٹڈیز کے زیر اہتمام سٹی ٹریفک پولیس لاہور کے اشتراک سے 'روڈ سیفٹی اور شہری ذمہ داریاں' کے موضوع پر آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ اور اساتذہ میں ٹریفک قوانین، سڑکوں پر تحفظ، ذمہ دارانہ طرز عمل، پیدل چلنے والوں کی حفاظت اور شہری ذمہ داریوں کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا تھا۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے ایگزم (EXIM) بینک کے سی ای او شہباز ایچ سید کی ملاقات

حکومت عوامی خدمت کیلئے ملتی ہے، بلال یاسین

عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے، کھوکھلے نعروں کے بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں

وزیر ہاؤسنگ کی حلقہ انتخاب میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے اپنے حلقہ انتخاب میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے موقع پر متعلقہ حکام کو احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں علاقہ عمائدین اور مختلف یونین کونسلز کے ارکان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر بلال یاسین نے کہا کہ عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے۔

پاکستان نے توانائی کے شعبے میں آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد تیز کردیا

گیس، بجلی میں موجودہ سلیب، کراس سبسڈی نظام ختم کرکے صرف مستحق صارفین کو ہدف بنایا جائیگا

بجلی میں نیا سبسڈی نظام جنوری 2027، گیس میں یکم جولائی سے نافذ کرنے کی تیاریاں شروع کردی گئیں

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان نے توانائی کے شعبے میں عالمی مالیاتی ادارے کی شرائط پر عملدرآمد تیز کردیا، گیس اور بجلی میں موجودہ سلیب اور کراس سبسڈی نظام ختم کرکے صرف مستحق صارفین کو ہدف بنانے کی تیاری شروع ہوگئی۔ آئی ایم ایف کے مطالبے پر توانائی کے شعبے میں گردشی قرض کا دباؤ کم کرنے کے لیے کراس سبسڈی اور موجودہ سلیب نظام ختم کرنے پر کام تیز کردیا گیا۔

اسلام آباد: نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

چوہدری شافع: محکمہ اوقاف کو ہر قسم کی کرپشن اور بدعنوانی سے پاک کیا جائیگا

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب اوقاف بورڈ کا اجلاس، 8 نکاتی ایجنڈا آئٹمز پر غور کیا گیا

کرپٹ اور بدعنوان عناصر کے خلاف جاری سخت کارروائیوں کی بدولت مزارات پر رکھے کیش باکسز کی آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا، صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور

ادارے میں کرپشن کے خلاف زیرو ٹالیرنس کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے' سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب اوقاف بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ پسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر منعقدہ اجلاس میں 8 نکاتی ایجنڈا آئٹمز پر غور کیا گیا۔ محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام مزارات پر رکھے گئے کیش باکسز کی آمدن میں 100 فیصد اضافہ پر سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ اور ان کی ٹیم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ بورڈ نے داتا دربار ہسپتال میں پرنسپل میڈیکل آفیسر اور سینئر میڈیکل آفیسر کی پوسٹوں کیلئے سروس رولز کی منظوری دی۔ بورڈ نے داتا دربار ہسپتال میں مفت ٹیسٹوں کی (بقیہ نمبر32)

لاہور: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر 2 رابطہ پل دھماکوں سے تباہ

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر 2 رابطہ پلوں کو دھماکے سے تباہ کر دیا گیا اس حوالے سے پولیس نے بتایا ہے کہ گزشتہ رات کے واقعے کے بعد علاقے میں سرچ آپریشن شروع کیا ہے۔

خیبر، نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید، مقدمہ درج

خیبر (آئی این پی) خیبر پختون خوا کے ضلع خیبر کے علاقے جمرود میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار کو شہید کر دیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ جمرود کے (بقیہ نمبر33)

شوہر نوٹس نہ دے تو بھی بیوی یونین کونسل کو طلاق کی اطلاع دے سکتی ہے' لاہور ہائیکورٹ

شوہر اپنی قانونی کوتاہی کا فائدہ نہیں اٹھا سکتا، عدالت نے طلاق کا موثر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیخلاف درخواست خارج کر دی

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے ای میل کے ذریعے طلاق اور یونین کونسل کو نوٹس دینے سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ شوہر کی جانب سے یونین کونسل کو طلاق کا نوٹس نہ دینے کے باوجود بیوی طلاق کی اطلاع متعلقہ یونین کونسل کو دے سکتی ہے۔ عدالت کے مطابق شوہر کی قانونی کوتاہی طلاق کے موثر ہونے میں رکاوٹ نہیں بن سکتی اور عورت کو غیر یقینی صورتحال میں نہیں چھوڑا جاسکتا۔

لاہور ہائیکورٹ نے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی

نورین نیازی اور عظمی خان کو جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی پر 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب

کپڑے، دوائیاں دیں، باہر جا کر کہا کچھ نہیں دیا، کھانے پینے کی اشیا دینے کی اجازت نہیں دے سکتے' عدالت

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف کی بہنوں کی نظر بندی اور جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی جبکہ نورین نیازی اور عظمی خان کو جیل میں بنیادی سہولیات دینے سے متعلق 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب کرتے ہوئے قرار دیا کہ آپکو کپڑے بھی دیئے، دوائیاں بھی دیں باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز اور عظمی خان کی بیٹی سکینہ بی بی کی درخواستوں پر سماعت کی

پاکستان میں 5,241 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ، مجموعی تعداد 3 لاکھ 17 ہزار سے متجاوز

پنجاب میں سب سے زیادہ 2,740 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جو مجموعی تعداد کا 52.3 فیصد ہیں

اسلام آباد میں 1,009، سندھ میں 790، خیبر پختونخواہ میں 428، بلوچستان میں 105 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن

کراچی /لاہور (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر 2026ء کے دوران ملک بھر میں 5,241 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جس کے بعد پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 317,002 ہوگئی۔ ایس ای سی پی کے اعلامیے کے مطابق نئی کمپنیوں میں سے 99.9 فیصد کی رجسٹریشن ای زی فائل پورٹل اور وفاقی وصوبائی نظاموں کے مربوط (بقیہ نمبر35)

سلمان اکرم راجہ: ہر مصیبت برداشت کرنے کو تیار، اصولوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا

بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو' پی ٹی آئی کا جنرل سیکرٹری ہوں میرے اوپر بہت ذمہ داریاں ہیں

عوام کا خون ہمارے لیے مقدم ہے، ایسے لائحہ عمل کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے بیگناہوں کا لہو بہے: میڈیا سے گفتگو

لاہور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہر مصیبت جھیلنے کو تیار ہیں مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے

حوثی باغیوں کے حملوں کا خدشہ، پی آئی اے نے ریاض کے لیے پروازیں عارضی طور پر معطل کر دیں

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے مشرق وسطی کی کشیدہ صورتحال کے سبب ریاض کے لیے پروازیں (بقیہ نمبر36)

اپٹما اور چین اسٹور ایسوسی ایشن کا پاکستانی برانڈز کی برآمدات بڑھانے کے لیے اشتراک

لاہور (این این آئی) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن اور چین اسٹور ایسوسی ایشن آف پاکستان نے پاکستانی برانڈز کی عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھانے، مقامی صنعت کو (بقیہ نمبر34)

ایران کا یورینیم افزودگی ترک کرنے اور افزودہ ذخائر حوالے کرنے سے انکار

یورینیم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابل علیحدگی حصہ ہے، محمد اسلامی

تہران (آئی این پی) ایران نے یورینیم افزودہ کرنے کے اپنے حق سے دستبردار ہونے اور افزودہ یورینیم کے ذخائر حوالے کرنے سے انکار کر دیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نے کہا ہے کہ ایران کسی صورت یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک نہیں کرے گا۔ محمد اسلامی نے کہا کہ (بقیہ نمبر45)

پشاور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

اوکاڑہ ممبر قومی اسمبلی چوہدری ندیم عباس ربیرہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

اوکاڑہ ممبر قومی اسمبلی چوہدری ندیم عباس ربیرہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ممبر قومی اسمبلی چوہدری ندیم عباس ربیرہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کمیٹی کا اجلاس۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک، ممبران صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، میاں یاور زمان چوہدری جاوید علاؤالدین، ملک علی عباس کھوکھر، لیگی رہنما چوہدری فیاض ظفر سمیت اسمبلی ممبران کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ سمیت صوبائی اور وفاقی محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ متعلقہ افسران کی جانب سے اجلاس کو پی ڈی پی پروگرام اور روڈ انفراسٹرکچر، مثالی گاؤں، اور تجاوزات کے خلاف کاروائیوں، صحت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

بچیوں کی تعلیم اور تحفظ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے بچیاں کسی بھی معاشرے کا روشن مستقبل ہیں، خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کونینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بچیوں کی تعلیم اور تحفظ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے بچیاں کسی بھی معاشرے کا روشن مستقبل ہیں ان کی تعلیم و تربیت پر توجہ دینا دراصل ایک باشعور تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھنا ہے بچیوں کی تعلیم صرف انفرادی ترقی کا ذریعہ نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کی خوشحالی کا راستہ ہے والدین کو چاہیے کہ وہ بچیوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کریں اور انہیں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اعتماد کے ساتھ آگے بڑھنے اور زندگی میں اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لیے حوصلہ دیں کوئی بھی معاشرہ اس وقت تک حقیقی ترقی نہیں کر سکتا جب تک اس کی بچیاں تعلیم یافتہ محفوظ اور بااختیار نہ ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم بچیوں کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے تعلیمی اداروں میں بچیوں کے تحفظ کے حوالے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

چوچک بامہ بالا اور 4 جی ڈی میں میڈیکل اسٹورز کی چیکنگ، ادویات کے نمونے لیبارٹری بھجوا دیے گئے

چوچک (نمائندہ خصوصی) چوچک بامہ بالا اور 4 جی ڈی میں میڈیکل اسٹورز کی چیکنگ، ادویات کے نمونے لیبارٹری بھجوا دیے گئے ڈرگ انسپکٹر کومل شہزادی کا وزٹ، زائد المیعاد ادویات، چالان اور متعلقہ ریکارڈ کا کے لیے لیبارٹری بھجوا دیے گئے۔ ڈرگ انسپکٹر نے میڈیکل اسٹورز کے چالان اور دیگر ضروری دستاویزات بھی چیک کیے۔ معائنے کا مقصد ادویات کے معیار کا جائزہ لینا، زائد المیعاد ادویات کی موجودگی کی جانچ کرنا

معائنہ تفصیلات کے مطابق ڈرگ انسپکٹر کومل شہزادی نے چوچک، بامہ بالا اور 4 جی ڈی کے مختلف میڈیکل اسٹورز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ادویات کے معیار، زائد المیعاد ادویات اور متعلقہ ریکارڈ کا معائنہ کیا۔ اس دوران مختلف ادویات کے نمونے حاصل کر کے تجزیے اور متعلقہ قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانا تھا ادویات کے نمونے لیبارٹری بھیجے جانے کے بعد ان کے معیار سے متعلق حتمی صورتِ حال رپورٹ موصول ہونے پر واضح ہوگی۔ میڈیکل اسٹورز کی چیکنگ کا شہریوں کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ چناب نگر انسپکٹر سیف اللہ، سب انسپکٹر عدنان واجد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار منشیات فروش ملزم کے قبضہ سے 1460 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ملزم کیخلاف تھانہ چناب نگر میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہو چکا اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ منشیات کے مقدمات کی معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے ملزمان کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ منشیات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

تھانہ حاجی پورہ کے علاقہ لہائی بازار میں شہری سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل سوار 3 نامعلوم ملزمان نے 26 لاکھ روپے لوٹ کر فرار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ حاجی پورہ کے علاقہ لہائی بازار میں شہری سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل سوار 3 نامعلوم ملزمان نے 26 لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق تھانہ حاجی پورہ کے علاقے لہائی بازار میں شہری سے اسلحہ کے زور پر رقم چھیننے کی اطلاع ابتدائی اطلاع کے مطابق دکان کا ملازم مبشر، 26 لاکھ روپے بینک میں جمع کروانے کے لیے موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ تین نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اسلحہ کے زور پر رقم چھینی اور فرار ہو گئے اطلاع ملتے ہی اے ایس پی سٹی، بشریٰ عزیز، ایس ایچ او حاجی پورہ، پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ چکے ہیں۔ علاقے کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے مشتبہ افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز اور ایثار فاؤنڈیشن کے اشتراک سے میڈیکل کیمپ اور خون کے عطیہ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کے امام بی بی کیمپس میں بلڈ ڈونیشن سوسائٹی، ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز اور ایثار فاؤنڈیشن کے اشتراک سے میڈیکل کیمپ اور خون کے عطیہ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب سے وائس چانسلر جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے خطاب کرتے ہوئے خون کے عطیہ کی اہمیت، انسانی جانوں کے تحفظ اور معاشرے میں رضاکارانہ خون عطیہ کرنے کے رجحان کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ خون کا عطیہ ایک عظیم انسانی خدمت ہے اور بروقت خون کی فراہمی کسی ضرورت مند مریض کی زندگی بچانے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ ایثار فاؤنڈیشن کے صدر صدیق حیدر نے بھی شرکاء سے خطاب کیا اور خون کے عطیہ کی افادیت اور فلاحی سرگرمیوں میں نوجوانوں کے کردار پر روشنی ڈالی۔ میڈیکل کیمپ کے دوران طالبات اور اساتذہ کی بلڈ گروپنگ اور شوگر ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ شرکاء کو صحت سے متعلق بنیادی معلومات اور خون کے عطیہ کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر یونیورسٹی کی طالبات اور اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ کیمپ کا مقصد یونیورسٹی کمیونٹی میں صحت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ انسانیت کی خدمت، سماجی ذمہ داری اور رضاکارانہ خون عطیہ کرنے کے جذبے کو فروغ دینا تھا۔ سیمینار میں ڈین فیکلٹی آف سائنسز پروفیسر ڈاکٹر طارق، ڈائریکٹر اکیڈمکس ڈاکٹر آمینہ صادق اور ڈاکٹر حسن صدیقی نے بھی شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے ایونٹ آرگنائزر ڈاکٹر سعدیہ مالک، ڈاکٹر ساجدہ مشتاق کی کاوشوں کو سراہا۔ جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ معاشرے کی بہتری، صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ اور فلاحی سرگرمیوں میں طالبات کی فعال شمولیت کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کا سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ہیلپ ڈیسک کے قیام کا اعلان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ہیلپ ڈیسک کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہیلپ ڈیسک پر انتظامیہ کا عملہ تعینات ہوگا اور صوبائی محکموں سے رابطہ، صنعتی یونٹس کو درپیش مسائل اور ضروری اجازت ناموں سے متعلق امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے 'ون ونڈو' سلوشن ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایوانِ صنعت و تجارت سیالکوٹ کی ایگزیکٹو باڈی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس کے صدر خاور حسین سیال نے سپاسنامہ پیش کیا اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر صولت وٹو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین، سینئر نائب صدر اسد نصیر ملک، نائب صدر چودھری جہانگیر رشید، سابق صدور ماجد رضا بھٹہ، انجینئر خاور انور خواجہ، فیضان کپور، ارشد لطیف بٹ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ صنعتکاروں اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل، صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے ایوان صنعت و تجارت کے ساتھ مؤثر رابطہ اور قریبی تعاون یقینی بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مؤثر بنانے کے لئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر سیالکوٹ فوکل آفیسر ہونگے اور تمام عمل میں رابطہ کاری کے امور کی نگرانی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہیلپ ڈیسک کے ذریعے صنعتکاروں کی شکایات متعلقہ محکموں تک پہنچائی جائیں گی اور ان کے جلد از جلد حل کے لیے مؤثر پیروی کی جائے گی، تاکہ کاروباری طبقے کو غیر ضروری دفتری کارروائیوں، تاخیر اور مختلف محکموں کے درمیان رابطے کے مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اویس مشتاق نے کہا کہ متعلقہ محکمے اپنے قانونی دائرہ اختیار کے مطابق الگ الگ نہیں بلکہ مشترکہ طور پر معائنہ کریں گے تاکہ صنعتکاروں کو بار بار مختلف محکموں کے اہلکاروں کی آمد و رفت سے ہونے والی مشکلات سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ معائنے کے نظام کو منظم، شفاف اور مربوط بنایا جائے اور اس مقصد کے لئے کیو آر کوڈ پر مبنی نظام متعارف کرانے پر بھی کام کیا جا رہا ہے، جس سے وزٹ اور انسپکشن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

وفاقی وزیر چوہدری شافع حسین توجہ طلب، گزارش ہے کہ آپکی محکمہ اوقاف کے متعلق خبریں پڑھنے پر یہ آپکی نذر

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) وفاقی وزیر چوہدری شافع حسین توجہ طلب، گزارش ہے کہ آپکی محکمہ اوقاف کے متعلق خبریں پڑھنے پر یہ آپکی نذر کر رہا ہوں محکمہ اوقاف میں صرف اگر امام مسجد ہذا کوئی بھی مسجد ہو سب سے پہلے یہ کرپشن ختم کیجائے سب سے پہلے امام مسجدوں یعنی اوقاف کی مسجدوں میں امام صاحب مفت تنخواہیں لے رہے ہیں کوئی بھی تقریباً امام مسجد مکمل نمازیں پڑھانے میں دلچسپی نہیں لے رہا اسلئے تمام اوقاف کی مسجدیں محلے داروں کے سپرد کی جائیں امام مسجدوں کو فارغ کیا جائے تاکہ حکومت کو عربوں روپوں کی بچت ہو جائے گی جو مسجدیں زیادہ پراپرٹی رکھتی ہیں اُنکے بجلی بل صرف حکومت فراہم کرے باقی کام محلے دار خود کر لیں گے حکومت عربوں روپے کا فائدہ ہوگا بلکہ آپ انکوائری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

سرودِ سحر

ڈاکٹر محبوب عالم رانا

03354266407

زمیں ڈوبی اندھیروں میں ستارے چُپ نظر آئے
بھنور میں اک سفینہ تھا کنارے چُپ نظر آئے
جلا کر تم بھسم کر دو ستم گر کا نشاں تک بھی
کہا جب بھی شراروں کو شرارے چُپ نظر آئے
مجھے کہتے رہے سب ہی مصیبت میں بُلا لینا
مدد میں نے کبھی مانگی سہارے چُپ نظر آئے
ملے تھے کچھ حسیں منظر بہت افسردہ سے غمگیں
سبب پوچھا تو سارے ہی نظارے چُپ نظر آئے

سیالکوٹ میں اندھے قتل کا معمہ حل

سنسنی خیز انکشافات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں اندھے قتل کا معمہ حل سنسنی خیز انکشافات، ملزم عمر گرفتار۔ دانتوں کے نشانات بنے گرفتاری کی اہم کڑی۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل تھانہ صدر پولیس سیالکوٹ کو اطلاع موصول ہوئی 29 ستمبر کو چک سادہ میں دھان کی فصل سے خاتون کی لاش ملی تھی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد نے واقعے کا سراغ لگانے کے لیے ڈی ایس پی صدر سیالکوٹ رانا ندیم طارق کو ٹاسک سونپا، جس پر ایس ایچ او اویس ارشد اور ان کی ٹیم نے مؤثر تفتیش کے ذریعے ملزم کو ٹریس کیا۔ ابتدائی تفتیش میں کیا سامنے آیا، پولیس کے مطابق ملزم مقتولہ کے بیٹے کا دوست تھا اور اسے بیٹے کی تلاش کا بہانہ بنا کر کھیتوں میں لے گیا۔ کہنا ہے کہ ملزم نے مبینہ طور پر جنسی زیادتی کی کوشش کے دوران خاتون کی مزاحمت پر اس کا گلا اور منہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

خطرناک روڈ حادثہ باپ موقع پر جاں بحق دو بیٹوں کی ٹانگیں ٹوٹ

منڈی احمد آباد (نامہ نگار) خطرناک روڈ حادثہ باپ موقع پر جاں بحق دو بیٹوں کی ٹانگیں ٹوٹ گئیں، تفصیل کے مطابق منڈی احمد آباد کے رہائشی حیدر شیخ اپنے دو بیٹوں کے ساتھ موٹر سائیکل پر سوار ہو کر حجرہ شاہ مقیم کا رہے تھے کہ مروک کلاں کے قریب مخالف سمت سے آنے والی تیز رفتار کار سے ٹکرا گئے جس کے نتیجہ میں شدید زخمی ہو گئے انتقال کر گئے۔

یونین کونسل 06 داؤد شاہ جھنگ سٹی میں سیال برادری کا اہم اجتماع ڈیرہ نواب ولیداد خان سیال پر منعقد

جھنگ (مہر ریاض نول سے) یونین کونسل 06 داؤد شاہ جھنگ سٹی میں سیال برادری کا اہم اجتماع ڈیرہ نواب ولیداد خان سیال پر منعقد ہوا، جس میں سیال برادری کی سرکردہ شخصیات اور معززین نے شرکت کی۔ اجتماع میں متفقہ طور پر سیال گروپ کی جانب سے نواب ولیداد خان سیال مرحوم کے صاحبزادے نواب بلال حیدر خان سیال کو یونین کونسل 06 داؤد شاہ، جھنگ سٹی کے لیے امیدوار جنرل کونسلر نامزد کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس موقع پر سیال برادری کے شرکاء نے نواب بلال حیدر خان سیال پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کی بھرپور حمایت، تعاون اور ساتھ دینے کا اعلان کیا اجتماع کے دوران بلوچ برادری داؤد شاہ، جھنگ سٹی کی جانب سے بھی حمایت کا اعلان کیا گیا، جسے امیدوار کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے نامزد امیدوار نواب بلال حیدر خان سیال نے سیال برادری اور بلوچ برادری کی جانب سے اعتماد، حمایت اور تعاون پر تمام معززین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ان شاء اللہ عوام اور برادری کی توقعات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

ڈاکٹر نواب امیر علی خان سیال
نواب محمد
بلال سیال
امیدوار برائے کونسلر
I ❤ JHANG CITY
داؤد شاہ جھنگ سٹی
06-UC
منجانب: سیال گروپ

یونین کونسل ملکہ ہانس میں خواتین معزور افراد اور بچوں کے ب فارم بنانے کے لیے نادرا میلہ لگایا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) یونین کونسل ملکہ ہانس میں خواتین معزور افراد اور بچوں کے ب فارم بنانے کے لیے نادرا میلہ لگایا گیا، میلے کے آرگنائز غلام نبی ڈھڈی صدر سوشل ڈویلپمنٹ کونسل ملکہ ہانس پاکپتن نے کہا کہ یہ میلہ 5 اکتوبر سے لے کر 9 اکتوبر 2026 تک لگایا ہے، نادرا 300 خواتین معزور افراد اولڈ ایج افراد کے شناختی کارڈ بنائے گے، 800 بچوں کے (ب) فارم بنانے گے اس میلہ کا انعقاد نادرا الیکشن کمیشن کی طرف سے لگایا گیا اس میلے کو آرگنائز کرنے میں غلام نبی ڈھڈی صدر سوشل ڈویلپمنٹ کونسل ملکہ ہانس پاکپتن اور ان کی ٹیم نے اپنا کردار ادا کیا، غلام نبی ڈھڈی صدر سوشل ڈویلپمنٹ کونسل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

مریم نواز ہسپتال 93 ڈی نور پور میں مبینہ کرپشن، بے ضابطگیوں اور خواتین عملے سے نامناسب رویے کی شکایات پر کارروائی نہ ہونے کے الزامات سامنے آ گئے

پاکپتن (وقار فرید جگنو سے) مریم نواز ہسپتال 93 ڈی نور پور میں مبینہ کرپشن، بے ضابطگیوں اور خواتین عملے سے نامناسب رویے کی شکایات پر کارروائی نہ ہونے کے الزامات سامنے آ گئے۔ شکایت کنندگان نے ہیلتھ مینیجر ڈاکٹر طارق کے خلاف درخواستوں اور خواتین کے بیانات کو نظرانداز کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے سی ای او ہیلتھ پاکپتن اور آوٹ سورس ہسپتال کی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کے مبینہ کردار کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے، شکایت کنندگان کے مطابق ڈاکٹر طارق پر مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور متعلقہ حکام سے ملی بھگت کے الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں، جبکہ معاملہ اینٹی کرپشن حکام کے سامنے اٹھائے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے، اہلیان نور پور نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، سیکرٹری ہیلتھ پنجاب اور اینٹی کرپشن حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام شکایات، دستیاب شواہد اور متعلقہ ریکارڈ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں، تاہم ان الزامات کی آزادانہ تصدیق ہونا باقی ہے اور متعلقہ حکام و ڈاکٹر طارق کا مؤقف سامنے آنا بھی ضروری ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صارف دوست ویژن کے تحت ضلع سیالکوٹ میں تحفظِ صارف قانون 2025ء کا باقاعدہ نفاذ کر دیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صارف دوست ویژن کے تحت ضلع سیالکوٹ میں تحفظِ صارف قانون 2025ء کا باقاعدہ نفاذ کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد صارفین کو معیاری اشیائے ضروریہ اور بہتر سروسز کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ یہ بات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (لیگل) فوڈ اینڈ سیفٹی کنزیومر پروٹیکشن اتھارٹی سیالکوٹ رانا محمد لطیف نے ایک آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سیمینار کا اہتمام نان آفیشل ممبر ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن کونسل میاں اعجاز انجم کی جانب سے کیا گیا۔ سیمینار میں شرکت کرنے والوں میں نان آفیشل ممبران ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب محمد اشفاق نذر، پیر غلام حسین، کرسچن کمیونٹی کے راہنما پاسٹر سہیل جان، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایت	99202881
واپڈا شکایات مرکز	111-000-118
سوئی گیس شکایت مرکز	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

گاڑیوں کی پارکنگ کے لیے دیپالپور روڈ پر جدید سہولیات سے آراستہ پارکنگ سٹینڈ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

گاڑیوں کی پارکنگ کے لیے دیپالپور روڈ پر جدید سہولیات سے آراستہ پارکنگ سٹینڈ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ تاجر برادری اور شہریوں کے لیے ضلعی انتظامیہ کا شاندار اقدام، شہر کے مرکزی بازاروں میں گاڑیوں کی پارکنگ کے لیے دیپالپور روڈ پر جدید سہولیات سے آراستہ پارکنگ سٹینڈ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، ممبر قومی اسمبلی چوہدری ریاض الحق جج، پی ایم اے میاں محمد منیر اور ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے پارکنگ سٹینڈ کا افتتاح کیا۔ تاجر برادری اور شہریوں نے پارکنگ سٹینڈ کی سہولت پر وزیر اعلیٰ پنجاب سے اظہار تشکر کیا۔ ایم این اے چوہدری ریاض الحق جج نے کہا کہ نئے پارکنگ سٹینڈ کی تعمیر سے تاجر برادری کا بڑا دیرینہ مسئلہ حل ہوا ہے۔ فیملیز اور خواتین کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ نے رجوعہ چوک علاقہ تھانہ سٹی میں شہریوں کی دہلیز پر مختلف پولیس سروسز فراہم کیں۔ اہل علاقہ نے موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ کی سروسز کو خوب سراہا اور حکومت پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت کے عزم کے تحت شہریوں کی سہولیات کیلئے پولیس ورک کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کر رہی ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن سے شہریوں کو ایف آئی آر کے اندراج، ڈرائیونگ لائسنس سمیت خدمت مرکز کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

سیاست میں نظریاتی اختلاف، پالیسیوں پر تنقید اور جمہوری بحث و مباحثہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے، سید کلیم علی امیر

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ضلع چنیوٹ سے اہم سماجی و سیاسی رہنما سید کلیم علی امیر نے ایک اہم پریس بیان جاری کرتے ہوئے شدید غم و غصے اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "پچاس روپے کے اشٹام پیپر پر ضمانتیں اور معافی نامے دے کر بیرون ملک بھاگنے والے عناصر آج کسی دوسرے انسان کی بیماری اور صحت کا مذاق اڑا رہے ہیں، جو ان کی اخلاقی گراوٹ کا واضح ثبوت ہے۔ جن لوگوں کا اپنا ماضی اور کردار عدالتی بھاگ دوڑ اور تحریری معافی ناموں سے داغدار ہو، انہیں دوسروں کی بیماری پر سیاست چمکاتے اور تنقید کرتے ہوئے شرم آنی چاہیے۔ کسی کی صحت، بیماری یا جسمانی تکلیف کا تمسخر اڑانا نہ صرف ہماری اعلیٰ اسلامی روایات اور پشتینی اقدار کے یکسر خلاف ہے بلکہ یہ انسانیت کے بنیادی تقاضوں کی بھی شدید توہین ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "سیاست میں نظریاتی اختلاف، پالیسیوں پر تنقید اور جمہوری بحث و مباحثہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے، لیکن جب بات کسی انسان کی صحت اور زندگی کی ہو تو وہاں تمام سیاسی و ذاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ چنیوٹ کی غیور اور باضمیر عوام ایسے تمام عناصر کے اس غیر اخلاقی اور سوقیانہ رویے کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ جن رہنماؤں کی اپنی تاریخ قانونی شقوں کی آڑ میں راہِ فرار اختیار کرنے سے بھری پڑی ہو، انہیں زیب نہیں دیتا کہ وہ اخلاقیات کے منبر پر بیٹھ کر دوسروں کا احاطہ کریں۔ انہیں چاہیے کہ وہ دوسروں پر طنز کرنے کے بجائے اپنے ماضی پر نظرِ ثانی کریں اور عوامی میدان میں مثبت و سنجیدہ طرزِ عمل اختیار کریں۔ کسی کی صحت، بیماری یا جسمانی تکلیف کا تمسخر اڑانا نہ صرف ہماری اعلیٰ اسلامی روایات اور پشتینی اقدار کے یکسر خلاف ہے بلکہ یہ انسانیت کے بنیادی تقاضوں کی بھی شدید توہین ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "سیاست میں نظریاتی اختلاف، پالیسیوں پر تنقید اور جمہوری بحث و مباحثہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے، لیکن جب بات کسی انسان کی صحت اور زندگی کی ہو تو وہاں تمام سیاسی و ذاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ چنیوٹ کی غیور اور باضمیر عوام ایسے تمام عناصر کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

سمبڑیال آٹھ سالہ کمسن بچی کے ساتھ مبینہ نازیبا حرکات کا واقعہ پولیس کی کاروائی مقدمہ درج ملزم گرفتار

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) سمبڑیال آٹھ سالہ کمسن بچی کے ساتھ مبینہ نازیبا حرکات کا واقعہ پولیس کی کاروائی مقدمہ درج ملزم گرفتار محلہ فضل پورہ نان شاپ کے ملازم محمد عباس پٹھان پر آٹھ سالہ کمسن ایمن اندریاس کے ساتھ مبینہ نازیبا حرکات کا الزام متاثرہ بچی کی والدہ مہک کی مدعیت میں ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال میاں رزاق غازی نے مقدمہ درج کر کے نامزد ملزم کو گرفتار کر لیا ایس ایچ او غازی میاں رزاق نے کہا متاثرہ خاندان کو بروقت انصاف کی فراہمی اور ملزم کو قانون کے مطابق سزا کے لیے کاروائی کی گئی معصوم بچوں اور خواتین کا تحفظ سی ایم پنجاب کے ویژن کا اہم جز ہے ایسے واقعات کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کاروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی تاکہ بچوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے خاندان کو قانونی تحفظ کے ساتھ انصاف کے تقاضے بھی پورے کیے جا سکیں۔

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و شکایات کو براہِ راست سنا۔ شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل اور درخواستیں پیش کیں، جن پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

تھانہ صدر سیالکوٹ پولیس کی اہم کامیابی؛ خاتون کے اندھے قتل کا معمہ حل، ملزم گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ صدر سیالکوٹ پولیس کی اہم کامیابی؛ خاتون کے اندھے قتل کا معمہ حل، ملزم گرفتار۔ ڈی پی او کے نوٹس پر مؤثر تفتیش؛ مشتبہ شخص کے ہاتھوں اور بازوؤں پر مزاحمت کے نشانات مقدمے کا سراغ لگانے میں اہم کڑی ثابت ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 29 ستمبر 2026 کو تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقے چک سادہ میں دھان کی فصل سے 48 سالہ خاتون کی لاش ملی، جسے نامعلوم ملزم نے قتل کر کے کھیتوں میں چھپا دیا تھا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے افسوسناک واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی صدر سرکل رانا ندیم طارق کو قتل کے محرکات کا پتا لگانے اور ملوث ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرنے کا ٹاسک سونپا۔ ڈی ایس پی صدر سرکل کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ سب انسپکٹر اویس ارشد اور پولیس ٹیم نے مختلف پہلوؤں سے تفتیش کرتے ہوئے مشتبہ افراد سے پوچھ گچھ کی۔ اس دوران عمر ولد ستار، سکنہ چک سادہ، کے ہاتھوں اور بازوؤں پر دانتوں اور مزاحمت کے نشانات سامنے آئے، جو مقدمے کی تفتیش میں اہم کڑی ثابت ہوئے۔ پولیس نے ان نشانات کی روشنی میں مزید چھان بین کرتے ہوئے واردات کا سراغ لگا کر ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم مقتولہ کے بیٹے کا دوست تھا اور خاتون کو اس کے بیٹے کی تلاش کے بہانے کھیتوں میں لے گیا، جہاں اس نے مبینہ طور پر خاتون کے ساتھ جنسی زیادتی کی کوشش کی۔ خاتون کی مزاحمت پر ملزم نے گلا اور منہ دبا کر اسے قتل کیا اور لاش دھان کی فصل میں چھپا دی۔ پولیس ٹیم کی مسلسل محنت، پیشہ ورانہ مہارت، اور مؤثر تفتیش کی بدولت اندھے قتل کا معمہ حل ہوا۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد کا کہنا ہے کہ ٹھوس شواہد اور مؤثر پیروی کی بدولت ملزم کو عدالت سے قانون کے مطابق قرار واقعی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

اوکاڑہ تھانہ گوگیرہ پولیس کی کامیاب کاروائی، مالِ مسروقہ برآمد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ تھانہ گوگیرہ پولیس کی کامیاب کاروائی، مالِ مسروقہ برآمد قائم مقام ایس ایچ او اصغر علی بھٹی کی سربراہی میں پولیس کی کاروائی ایک ہفتہ قبل چوری ہونے والی 8 لاکھ روپے مالیت کی بھینس برآمد وارادات میں ملوث ملزم احمد یار اور اس کے ساتھی ارسلان کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزم احمد یار رابری کے مقدمات میں بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

ASGHAR
SUB INSPECTOR
POLICE

والدین معاشرے اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ اساتذہ کا احترام کریں، ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان انسٹیٹیوٹ اف لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے ٹیچر ڈے کے موقع پر اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے والدین معاشرے اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ اساتذہ کا احترام کرے اور ان کی محنت کو سراہیں، حکومت پنجاب اساتذہ کو درپیش مسائل کو بہت جلدی حل کریں، اس موقع پر نوجوان وکلاء کی کثیر تعداد موجود تھی، انہوں نے اساتذہ کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے محافظ ہیں، جن کی محنت اور لگن سے طلبہ اپنی زندگی میں کامیابی کی راہ وار کرتے ہیں، ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، پاکستان انسٹیٹیوٹ اف لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا کہ سنجیدہ ملکوں میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

سمبڑیال میں 14 سالہ بچی سے زیادتی کے واقعے پر ڈی پی او سیالکوٹ کا نوٹس تینوں ملزمان گرفتار

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) واقعہ 17 اکتوبر کو تھانہ سمبڑیال کے گاؤں بلو چک میں پیش آیا ترجمان پولیس والدین کی غیر موجودگی میں ملزمان پر گھر میں داخل ہو کر بچی سے زیادتی کا الزام متاثرہ بچی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے فوری قانونی کاروائی شروع کی گئی ڈی پی او نے ڈی ایس پی سمبڑیال سجاد باجوہ کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا ٹاسک دیا ڈی ایس پی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال اور پولیس ٹیم کی مؤثر کاروائی تینوں ملزمان گرفتار جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارت کی مدد سے ملزمان کا سراغ لگایا گیا ترجمان پولیس گرفتار ملزمان میں رضوان علی شان علی اور سعد شامل ہیں ترجمان پولیس خواتین اور بچوں کا تحفظ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ریڈ لائن اور ہماری اولین ترجیح ہے ڈی پی او سیالکوٹ خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے ملوث عناصر سے کوئی رعایت نہیں ہو گی ڈی پی او ٹھوس شواہد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

DISTRICT EDUCA

ملک ممتاز علی کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری ہیڈکوارٹر تعینات, عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

ملک ممتاز علی کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری ہیڈکوارٹر تعینات, عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

بچیکی (نامہ نگار) ملک ممتاز علی کو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری ہیڈکوارٹر تعینات, عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا، ایجوکیشن آفیسرز اور تعلیمی حلقوں کی مبارکباد, تفصیلات کے مطابق نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا ایجوکیشن کمپلیکس پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا، سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی شفقت محمود اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری شکیل احمد رضوی نے انہیں خوش آمدید کہا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا، اس موقع پر ضلعی صدر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

ڈپٹی کمشنر آفس سیالکوٹ کے کمیٹی روم میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (ڈی سی سی) کا اجلاس منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر آفس سیالکوٹ کے کمیٹی روم میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (ڈی سی سی) کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت رکن صوبائی اسمبلی حنا ارشد وڑائچ اور ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے کی۔ اجلاس میں اراکین قومی و صوبائی اسمبلی نے شرکت کی اور ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں رکن قومی اسمبلی سیدہ نوشین افتخار، سابق رکن قومی اسمبلی رانا شمیم احمد، اراکین صوبائی اسمبلی طارق سبحانی، چوہدری فیصل اکرام اور چوہدری نوید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے
فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں
0331-4667648
0321-4618852

اینٹی کرپشن سیالکوٹ کے سرکل آفیسر رانا مبشر علی نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں ٹریپ ریڈ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب لاہور سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایات پر اینٹی کرپشن سیالکوٹ کے سرکل آفیسر رانا مبشر علی نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں ٹریپ ریڈ کیا۔ کارروائی کے دوران ملزم عبدالجبار، نائب قاصد، بی ایس-02، یونین کونسل رسول پور بھلیاں کو گرفتار کر لیا گیا اور اس کے قبضے سے 15 ہزار روپے کے نشان زدہ نوٹ برآمد کر لیے گئے۔ ملزم کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن سیالکوٹ میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ اینٹی کرپشن سیالکوٹ کے سرکل آفیسر رانا مبشر علی نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں ٹریپ ریڈ کیا۔ کارروائی کے دوران ملزم عبدالجبار، نائب قاصد، بی ایس-02، یونین کونسل رسول پور بھلیاں کو گرفتار کر لیا گیا اور اس کے قبضے سے 15 ہزار روپے کے نشان زدہ نوٹ برآمد کر لیے گئے۔ ملزم کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن سیالکوٹ میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

پولیس لائن چنیوٹ میں اردل روم کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) پولیس لائن چنیوٹ میں اردل روم کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف نے اردل روم کے دوران پولیس اہلکاروں کے شوکاز نوٹس سے متعلق پولیس اہلکاروں کا موقف سنا۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے ناقص کارکردگی، غیر حاضری اور دیگر وجوہات پر پولیس اہلکاروں کو تنخواہ میں کمی، سنشور، وارننگ اور دیگر سزائیں دیں۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کو آئندہ تندہی سے فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات جاری ہیں۔ کرپشن، بداخلاقی، محکمہ پولیس کی بدنامی کا باعث بننے والوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات جاری ہیں۔ کرپشن، بداخلاقی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا دورہ کیا اور طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹر کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں براہِ راست فیڈ بیک بھی لیا۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اپنے علاقوں میں علاج گاہوں کا دورہ کریں، طبی سہولیات، صفائی اور ادویات کی دستیابی کی نگرانی کریں اور مریضوں کو بروقت اور معیاری علاج کی فراہمی یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اپنے علاقوں میں علاج گاہوں کا دورہ کریں، طبی سہولیات، صفائی اور ادویات کی دستیابی کی نگرانی کریں اور مریضوں کو بروقت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

ماربل کا کاروبار منافع بخش اور کاروباری روابط کو مضبوط بناتا ہے، واصف امین بھٹی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف مذہبی، سماجی و کاروباری شخصیت واصف امین بھٹی نے کہا ہے کہ ماربل کا کاروبار منافع بخش اور کاروباری روابط کو مضبوط بناتا ہے اور ترقی کی نئی راہیں ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ روایتی ملازمت کے ساتھ کاروبار میں بھی دلچسپی لیں اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشی ترقی کی جانب قدم بڑھائیں ماربل کی مختلف اقسام جن میں ماربل بوٹی سینا، سلور بلیک، سنی گرے، گولڈ بلیک بوٹی سینا، اسٹار زیبرا، بلیک گرے، نائٹ گرے، وائٹ ماربل، گلیکسی سنو وائٹ اور انٹرنیشنل معیار کا بلیک ماربل شامل ہیں گھروں اور عمارتوں کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ کرتی ہیں جب خوبصورت اور معیاری ماربل گھروں کی تعمیر و آرائش میں استعمال ہوتا ہے تو عمارت کی دلکشی اور شان و شوکت میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے واصف امین بھٹی نے مزید کہا کہ ماربل انڈسٹری کاروباری سرگرمیوں کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

جھٹ پٹ میک اپ

بہت سی خواتین شام کی تقریبات اسی طرح دفتر سے واپسی پر نمٹاتے ہوئے گھر آتی ہیں لہٰذا چہرے پر تھکن کے آثار ظاہر کئے بغیر واش روم جائیے اور 5 منٹ میں خود کو رات تک کی اس تقریب کے لئے تیار کرلیجئے۔ آپ کے پرس میں آئی لائنر، بلیک یا شمر، لپ گلوز، لپ اسٹک، BB کریم یا پاؤڈری فاؤنڈیشن، آئی شیڈ اور بلش آن کے ساتھ ساتھ ہیئر برشز، کیچر یا ہیئر پنز، اپنی جلد کے مطابق فیس واش وغیرہ ہونے چاہئیں۔

سب سے پہلے ہاتھ، چہرہ اور پیر اچھی طرح دھولیں۔ چہرہ دھونے کے لئے اپنا فیس واش استعمال کریں۔ دفتری استعمال کے لئے جو ہینڈ واش دستیاب ہے، اسے چہرہ دھونے کے لئے استعمال نہ کریں۔ عرق گلاب کا ہلکا سا اسپرے کرلیں اور اسے چہرے ہی پر خشک کرلیں۔ اگر آپ سمجھتی ہیں کہ آپ کو گہرا فاؤنڈیشن یعنی Base درکار نہیں تو BB کریم بہت مدھم Tone میں ہوتی ہے اور یہ نیچرل یعنی قدرتی جلد کے قریب ترین Shade میں ہوتی ہے چنانچہ اسے چہرے پر ہموار انداز میں Apply کریں۔

فیس پاؤڈر بھی فاؤنڈیشن یا BB کریم کو متوازن کرنے کے لئے لگائیے اور گردن اور گلے کے اطراف کے حصوں کو نظرانداز نہ کریں۔

انگلی کی مدد سے ارغوانی شیڈ وآنکھ کے وسطی حصے میں جبکہ کناروں پر نسبتاً دودھیا رنگ میں شیڈز لگائیں۔ یہ سفیدی مائل رنگ آنکھوں کو روشن اور کشادہ ظاہر کرے گا۔ اگر آئی شیڈ موجود نہ ہو تو لپ گلوز کو بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

آپ کے ہونٹوں کو کٹا پھٹا نظر نہیں آنا چاہئے۔ یہ گلاب کی پنکھڑی کی طرح نظر آنا چاہئیں۔ شام کی تقریبات کے لئے آپ سرخ رنگ کی لپ اسٹک استعمال کرسکتی ہیں۔ آنکھوں کے میک اپ کے لئے آپ چاہیں تو مدھم خاکستری رنگ کا لائنر بھی استعمال کرسکتی ہیں۔ آج کل نوجوان لڑکیوں کو شمر یعنی چمکیلا لائنر لگانے میں بھی پرشوق دیکھا جارہا ہے۔

آپ Violet Eyeliner بھی استعمال کرسکتی ہیں۔ آج کل کاجنی رنگ کا مسکارا بھی لگایا جارہا ہے۔ کچھ خواتین نچلی پلکوں کو رنگین بنالیتی ہیں اور ان پر یہ انداز جچتا ہے۔ رخساروں کو کبھی نہ بھولیں، خواہ آپ کا چہرہ کتنا ہی بھرا بھرا سا کیوں نہ ہو۔ بلش آن لگانے سے پہلے ناک سے کان کی لووں تک اپنا زاویہ بنائیے اور ہاتھ سے چھو کر رخسار کی ہڈی کا اندازہ کر کے بلش لگائیے۔ اندازہ کبھی غلط نہیں ہوگا اور چہرے کی بناوٹ ابھر کر واضح ہوگی۔ اگر آپ سرخ لپ اسٹک پسند نہیں کرتی ہیں تو Pale Pink آزمائیے۔ یہ رنگت بھی دیکھنے والوں کو فطری نظر آئے گی۔

آپ باربی ڈول کی طرح سجنا سنورنا چاہیں تو بھی کھلی کھلی سی نظر آسکتی ہیں اور یہ تاثر بڑا رومانوی سا ہوتا ہے۔ قدرتی گلابی رنگ مانند محسوس ہو تو بھی مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ گلابی رنگ کی متعدد اقسام ہیں۔ آپ اگر کسی دوسرے شیڈ کا تجربہ کرچکی ہیں تو وہی آزمائیے۔

ان 5 منٹوں میں آپ کو اپنے بارے میں ذرا جلدی جلدی فیصلے کرنے ہیں۔ ممکن ہے ٹریفک جام ہونے کی صورت میں آپ کو گاڑیوں کی طویل قطار میں لگنا پڑے یا اگر آپ نے پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنا ہے تو اپنے لئے وقت کی مناسب حد تک گنجائش دیکھتے ہوئے تقریب میں جائیے۔ تاہم ایک بات تو طے کرلیجئے آج آپ مدعو کی گئی ہیں۔ مہمان ہیں، آپ کو بہرحال دلکش، پُروقار، جاذب توجہ اور خوبصورت نظر آنا چاہیے۔

بالوں کو والیوم دیجئے: میک اپ مکمل ہوتے ہی بالوں میں برشنگ کیجئے۔ تراشے ہوئے بال ہیں تو انہیں پشت پر گرا کے Backcombing کرلیں۔ سارا دن کے پونی میں بندھے بالوں میں حرارت دوڑ آئے گی اور برش کرنے سے ہلکی سی ورزش ہوجائے گی، پھر اسٹائل جیسا چاہیں انہیں کھلا رکھنا چاہیں یا Catcher سے اکٹھا کرنا چاہیں یا پونی بنانا چاہیں، یہ ہر طرح سے خوبصورت نظر آسکتے ہیں۔

☆☆☆

گھر کے داخلی راستے کے دلکش انداز

...آپ کی شخصیت کے بہترین عکاس...

آپ کے گھر کا داخلی راستہ آپ کی رہائش گاہ کے اندرونی حصے تک پہنچنے کا ذریعہ ہوتا ہے۔ دراصل آپ کے گھر کا داخلی راستہ (اینٹرنس) آپ کی شخصیت کی عکاسی کرتا ہے۔ انٹیریئر ڈیزائننگ کے ماہرین داخلی راستے کے لیے ڈیزائننگ اور آرائش کی اہمیت پر زور دیتے ہیں کیونکہ یہ آپ کے گھر کا پہلا تاثر پیش کرتا ہے اور اس لحاظ سے اس کا متاثر کن ہونا ضروری ہے۔ آپ کے گھر کا داخلی راستہ ایسا ہونا چاہیے کہ جو بھی مہمان آئے وہ دنگ رہ جائے۔ اس کے لیے کون سے انداز اپنائے جاسکتے ہیں، آئیے جانتے ہیں۔

قدرتی تاثر

گھر کے داخلی راستے کے لیے قدرتی عناصر کا امتزاج حیرت انگیز کام کرتا ہے۔ اگر آپ لکڑی یا بانس سے بنا آرائشی سامان اور تازہ پھولوں سے مزین گملے داخلی راہداری کے دونوں طرف لگا دیں تو یہ اس جگہ کو قدرتی خوبصورتی اور ماحول عطا کریں گے۔ لکڑی کے دروازے میں اگر شیشے سے بنے جھروکے ہوں تو وہاں سے باہر سائے کا منظر اس میں پودوں کی ہریالی داخلی راستے کو روشن اور دلکش بناتے ہیں۔

جدید اور کلاسک کا امتزاج

آپ اپنے گھر کے داخلی راستے کو جدید اور کلاسک رجحانات کے امتزاج سے بھی مزین کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر داخلی راستے پر آپ کسی جدید طرز کے فریم میں ایک پرانی تصویر لگا سکتے ہیں یا پھر موجودہ عہد کی باتوں اور اقوال پر مشتمل ایک وضع دار پینل لگا سکتے ہیں اور بیک ڈراپ میں کوئی تاریخی منظر یا وال پیپر لگا کر اسے منفرد بنا سکتے ہیں۔ بنیادی خیال یہ ہے کہ ایسے عناصر کو ملایا جائے جو بہترین امتزاج سامنے لائیں اور دیکھنے والے داد دیے بغیر نہ رہ سکیں۔

ایک رنگ کا غلبہ

غالب رنگ ہونا، ایک اچھا خیال ہے، اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ آپ داخلی دروازے کو سرخ، پیلے یا سبز رنگ میں نہلا دیں۔ مقصد یہ کہ ایک بنیادی رنگ لے کر اس کے مختلف شیڈز سے داخلی دروازے کو سجانا ایک اچھا آغاز ہوسکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر نیلے رنگ کا بنیادی رنگ بنایا جائے تو اس رنگ کے وال پیپرز، آرائشی بیلوں اور قالین کو بھی داخلی راستے کا حصہ بنا دیا جائے۔ سجاوٹ کا یہ انداز ایک دلکش تھیم کو سامنے لاتا ہے، جو دیکھنے والوں پر خوشگوار اثر چھوڑتا ہے۔

ریٹرو اسٹائل

پرانے یا کلاسک ٹرینڈ یا پرانے زمانے کی یادگاروں کو ریٹرو بھی کہا جاتا ہے، جیسے ٹیپ ریکارڈ یا گراموفون آج کے زمانے کے لیے ریٹرو ہیں۔ ریٹرو فرنیچر کا ایک ٹکڑا آپ کے گھر کے داخلی راستے میں نئی جان ڈال سکتا ہے، جیسے کہ لالٹین یا لالٹین کی طرز کے لیمپ یا ایک وضع دار اور روشن سائن بورڈ۔ یہ تمام چیزیں آپ کے گھر کے داخلی راستے کو منفرد بنانے کے لیے بہترین ثابت ہوسکتی ہیں۔

روشنیوں کا انتظام

گھر کی ڈیزائننگ میں لائٹنگ بہت اہمیت اختیار کر جاتی ہے۔ بیرونی حصہ ہو یا اندرونی، ہر جگہ کو روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم گھر کے داخلی راستے کے لیے خصوصی روشنی درکار ہوتی ہے۔ تیز اور ڈیزائنر لائٹس داخلی راستے میں نمایاں نظر آتی ہیں جبکہ لٹکے ہوئے بلب یا فانوس بنے ہوئے دالان میں دلکشی پیدا کرتے ہیں اور خوب روشنی نچھاور کرتے ہیں۔ ایک اور حیرت انگیز خیال آئینے کے استعمال کا بھی ہے جو روشنیوں کو منعکس کرتے ہوئے پورے داخلی راستے کو منور کرنے میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

فلیوڈ اسٹائل

بائنڈنگ ٹائلز ان کے اچھوتے نمونوں کے ساتھ اچھالا دے سکتی ہیں۔ اگر یہ داخلی دروازے اور دالان کے فرش کے ساتھ ساتھ دیوار پر بھی استعمال کی گئی ہوں تو اس سے داخلی راستے کو جمالیاتی حسن مل جاتا ہے۔

کلاسیکل ٹیبل

اگر آپ داخلی راستے میں متبادل لگانے کے لیے کچھ کلاسک انداز اپنانے کا سوچ رہے ہیں تو سیاہ رنگ کی لکڑی سے تیار کی گئی سادہ سی کونسول ٹیبل ایک دلچسپ انتخاب ثابت ہوگی۔ اس ٹیبل کو آپ داخلی راستے کی کسی بھی سائیڈ پر رکھ سکتے ہیں اور متبادل کی سجاوٹ کے لیے ہلکے وزن کی لکڑی کے فریم میں نصب آئینہ، دو عدد چھوٹے متبادل، ان پر رکھے گلدان اور ایک عدد چمکیلی فریم کا انتخاب آپ کے گھر کے داخلی راستے کی رونق میں اضافہ کرے گا۔

بیم کی خوبصورت تھیم

ایک بڑے داخلی ہال میں خوبصورت بیم والی چھت ہو تو یقین کریں یہ آپ کے گھر کے دالان اور داخلی راستے کو چار چاند لگا دے گی۔ لکڑی کے بیم سے بنی چھت کی طرح اگر داخلی راستے میں اسی لکڑی یا رنگ کی سائیڈ ٹیبل اور کرسیاں رکھی ہوں تو یہ ایک دوسرے کو سپلیمنٹ کریں گی۔

باکس میں موجود متن:

آپ کسی جدید طرز کے فریم میں ایک پرانی تصویر لگا سکتے ہیں، بیک ڈراپ میں کوئی تاریخی منظر یا وال پیپر لگا کر اسے منفرد بنا سکتے ہیں۔

ایک بڑے داخلی ہال میں خوبصورت بیم والی چھت ہو تو یقین کریں یہ آپ کے گھر کے دالان اور داخلی راستے کو چار چاند لگا دے گی۔

☆☆☆

دسترخوان کی شان

چٹ پٹے پکوان

کلیجی کا سالن

اجزا:
بکرے یا بکرے کی کلیجی: 1/2 کلو
پیاز (چوپ کی ہوئی): 2 عدد
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے): 2 عدد
پسا ہوا لہسن ادرک: ایک کھانے کا چمچہ
ہری مرچیں: 4 عدد
دہی: 1/2 پیالی
پسی ہوئی لال مرچ: ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا دھنیا: ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی: ایک چائے کا چمچہ
لیموں کا رس: ایک چائے کا چمچہ
نمک: حسب ذائقہ
تیل: 4 کھانے کے چمچے
چاٹ مصالحہ، ہرا دھنیا، ادرک: چھڑکنے کیلئے

ترکیب: دیگچی میں تیل گرم کرکے پیاز سنہری کریں، اس میں کلیجی شامل کرکے بھونیں، پھر باقی تمام اجزاء ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ کلیجی گل جائے تو ڈش میں نکالیں۔ اس پر چاٹ مصالحہ، ہرا دھنیا اور ادرک چھڑک کر پیش کریں۔

شاورمہ

میرینیڈ کے اجزا:
مرغی کے سینے (بغیر ہڈی): 4 عدد
سفید سرکہ: 1/2 پیالی
دہی (پھینٹی ہوئی): 1/4 پیالی
کٹی ہوئی کالی مرچ: ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی الائچی: 1/4 چائے کا چمچہ
پسا ہوا گرم مصالحہ: ایک چائے کا چمچہ
نمک: حسب ذائقہ
تیل: ایک کھانے کا چمچہ

ساس کے اجزائ:
تاہینی ساس: 1/2 پیالی
دہی (پھینٹی ہوئی): 1/4 پیالی
لہسن (چوپ کیا ہوا): 1/2 چائے کا چمچہ
لیموں کا رس: 2 کھانے کے چمچے
پارسلے (چوپ کیا ہوا): ایک کھانے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ، نمک: حسب ذائقہ
زیتون کا تیل: ایک کھانے کا چمچہ

سرونگ کے اجزائ:
ٹماٹر (قتلے کئے ہوئے): 4 عدد
پیاز (لچھے کٹے ہوئے): 1/2 پیالی
سلاد پتے (باریک کٹے ہوئے): 4 پیالی
پیٹا بریڈ: 8 عدد

ترکیب: ایک پیالے میں میرینیڈ کے اجزاء ملا کر 4 گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ ساس پین میں ساس کے اجزاء ملا کر چند منٹ تک پکائیں اور چولہا بند کردیں۔ دیگچی میں مرغی ڈالیں اور ہلکی آنچ پر گل جانے تک پکائیں، پھر پتلے ٹکڑے کاٹ لیں۔ اسے تیار ساس اور سرونگ کے اجزاء کے ہمراہ پیش کریں۔

سبزیوں کے نوڈلز

اجزا:
نوڈلز (ابلے ہوئے): 2 پیالی
ہری پیاز (باریک کٹی ہوئی): 3 عدد
گاجر (باریک کٹی ہوئی): 2 عدد
مٹر (ابلے ہوئے): ایک پیالی
شملہ مرچ (باریک کٹی ہوئی): ایک عدد
لہسن (چوپ کئے ہوئے): 5 جوے
براؤن چینی: 2 کھانے کے چمچے
سویا ساس: 3 کھانے کے چمچے
کٹی ہوئی کالی مرچ: ایک چائے کا چمچہ
نمک: حسب ذائقہ
تیل: 2 کھانے کے چمچے

ترکیب: دیگچی میں تیل گرم کرکے لہسن اور ہری پیاز بھونیں، پھر علاوہ نوڈلز باقی اجزاء ملا کر چند منٹ تک پکائیں۔ اس میں نوڈلز شامل کریں اور ڈش میں نکال لیں۔

مصالحے دار کلیجی

اجزا:
کلیجی (چھوٹی کٹی ہوئی): 1/2 کلو
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے): 4 عدد
ادرک (چوپ کیا ہوا): ایک کھانے کا چمچہ
لہسن (چوپ کئے ہوئے): 6 جوے
پسا ہوا دھنیا: 1 1/2 چائے کے چمچے
پسا ہوا گرم مصالحہ: 1/2 چائے کا چمچہ
سوکھی گول لال مرچیں: 5 عدد
نمک: حسب ذائقہ
تیل: 6 کھانے کے چمچے

ترکیب: دیگچی میں تیل گرم کرکے 1/2 لہسن اور لال مرچیں بھونیں، اس میں کلیجی ڈالیں اور تیز آنچ پر مزید چند منٹ تک بھونیں، پھر ادرک، دھنیا اور زیرہ ملا کر چولہا بند کردیں۔ علیحدہ دیگچی میں تیل گرم کرکے باقی لہسن بھونیں، پھر ٹماٹر شامل کرکے پکائیں، ٹماٹر گل جائیں تو نمک اور کلیجی ملا کر بھونیں۔ اس میں گرم مصالحہ اور ہرا دھنیا ملا کر ڈش میں نکال لیں۔

مٹن کڑاہی

اجزا:
بکرے کا ہڈی والا گوشت: ایک کلو
ٹماٹر (چوپ کئے ہوئے): 6 عدد
پسا ہوا لہسن ادرک: 2 کھانے کے چمچے
ادرک (باریک کٹی ہوئی): ایک کھانے کا چمچہ
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا): 1/2 گڈی
پسی ہوئی لال مرچ: ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا دھنیا: 2 چائے کے چمچے
پسا ہوا سفید زیرہ: 3 چائے کے چمچے
پسی ہوئی ہلدی: 1/2 چائے کا چمچہ
نمک: حسب ذائقہ
تیل: ایک پیالی

ترکیب: کڑاہی میں تیل گرم کرکے لہسن ادرک سنہری کریں، اس میں گوشت ڈال کر چمچہ چلاتے ہوئے بھونیں۔ اس میں علاوہ ادرک اور ہرا دھنیا باقی اجزاء ملا کر گوشت گلنے تک پکائیں۔ اس میں ہرا دھنیا اور ادرک ملا کر ڈش میں نکال لیں۔

حیدرآبادی بگھارے بینگن

اجزا
(بگھار کے لیے):
سفید زیرہ ایک چائے کا چچ
میتھی دانہ چھے دانے
ثابت لال مرچ، چھے عدد
کڑی پتا چھے عدد۔

اجزا
(بھرنے والے مسالے کے لیے):
ثابت دھنیا تین کھانے کے چچ
خشخاش تین کھانے کے چچ
ہری مرچ چار عدد
سفید تل تین کھانے کے چچ
سفید زیرہ دو کھانے کے چچ
مونگ پھلی پندرہ سے بیس دانے
ناریل پسا ہوا تین کھانے کے چچ
پیاز ایک عدد چھوٹی۔

اجزا (گریوی کے لیے):
پیاز چار عدد (درمیانے سائز کی) پسی ہوئی
چھوٹے گول بینگن چار عدد
ہلدی ایک کھانے کا چچ
لال مرچ پسی ہوئی ایک کھانے کا چچ
کلونجی ایک چائے کا چچ
املی کا رس ایک کپ
ادرک، لہسن کا پیسٹ ایک کھانے کا چچ
ہری مرچ ثابت چار عدد۔

ترکیب:

بینگن دھو کر ٹھنڈے پانی میں آدھے گھنٹے کے لیے بھگو دیں، پیاز کے علاوہ تمام بھرنے والے مسالے توے پر بُھون کر باریک پیس لیں۔ (یاد رہے، خشخاش کو پہلے دھو کر سُکھا لینا ہے) ہری مرچوں اور پیاز کو چھلکے سمیت چولھے پر بھون لیں، یہاں تک کہ پیاز کا رنگ کالا ہوجائے اور مرچیں بالکل خشک ہوجائیں۔ خشک مسالا، پیاز اور ہری مرچیں پیس کر پیسٹ بنالیں۔ بینگنوں میں چار کٹ لگائیں، لیکن وہ ڈنٹھل سے الگ نہ ہوں، پھر ان میں مسالا بھر لیں۔ جو بچ جائے، وہ سائیڈ پر کردیں۔ اب ایک کپ تیل گرم کریں، اس میں بھگار والے مسالے ڈال کر دو منٹ کڑکڑائیں۔ پھر گریوی والی پیاز اور تمام پسے ہوئے مسالے ڈال کر خُوب اچھی طرح بھون لیں۔ اس کے بعد اس میں مسالا بھرے بینگن رکھ دیں اور دم کی آنچ پر پکائیں۔ ساتھ وقفے وقفے سے املی کا رس ڈال کے چچ چلاتی جائیں، چچ سائیڈ سے چلانا ہے، ورنہ بینگنوں کا مسالا باہر آجائے گا۔ آہستہ آہستہ بینگنوں کا رخ بھی بدلیں۔ جب اچھی طرح گل جائیں، تو سائیڈ پر رکھا ہوا مسالا، ہری مرچیں اور کلونجی ڈال کر تیل اوپر آنے تک پکائیں۔ لیجیے، خوش رنگ، لذیذ حیدرآبادی بینگن تیار ہیں۔

چکن رائس

اجزا:
انڈر کٹ بوٹیاں: 450 گرام
چاول (بھیگے ہوئے): 2 پیالی
پیاز (باریک کٹی ہوئی): ایک عدد
گاجر (چھوٹی کٹی ہوئی): 2 عدد
فرنچ بینز (چھوٹی کٹی ہوئی): 175 گرام
ہری پیاز (چھوٹی کٹی ہوئی): 6 عدد + چھڑکنے کیلئے
لہسن (چوپ کئے ہوئے): 3 جوے
فش ساس: ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ: 2 چائے کے چمچے
انڈے (تلے ہوئے): 3 عدد
ڈارک سایا ساس: 6 کھانے کے چمچے
پیاز (تلی ہوئی): 4 کھانے کے چمچے
کھیرا (بیج نکال دیں): ایک عدد
ہرا دھنیا (چوپ کئے ہوئے): 2 کھانے کے چمچے
تیل: 4 کھانے کے چمچے

ترکیب: بلینڈر میں پیاز، لہسن فش ساس اور لال مرچ پیسیں، پھر تیل ملا کر ایک منٹ تک پیسیں۔ دیگچی میں تیل گرم کریں اور انڈر کٹ تیز آنچ پر بھون کر نکال لیں۔ اسی دیگچی میں پسا ہوا آمیزہ بھونیں، پھر گاجر، فرنچ بینز، ہری پیاز اور انڈر کٹ بھون کر نمک اور پانی شامل کردیں۔ ابال آجائے تو چاول ملا کر پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں انڈے اور سویا ساس ملا کر دم پر رکھ دیں، پھر کھیرا، ہری پیاز، اور ہرا دھنیا چھڑک کر پیش کریں۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔............(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

صدر، وزیراعظم ملاقات، خیبرپختونخوا میں گورنرراج یا ایمرجنسی کے نفاذ پر اتفاق

صدرمملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور سیکیورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ ذرائع نے بتایا کہ خیبر پختونخوا میں گورنرراج کے نفاذ یا ایمرجنسی کے معاملے پر اتفاق ہوگیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری اعلامیے کے مطابق صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف کی ایوان صدر میں ملاقات ہوئی۔ بیان میں کہا گیا کہ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی اور سیکیورٹی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور 13 اکتوبر کو قومی اسمبلی اور سینیٹ کے الگ الگ اجلاس بلانے پر اتفاق کیا گیا۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ایوانِ صدر میں ملاقات، ملک کی مجموعی سیاسی اور سیکیورٹی صورتِ حال پر تبادلہ خیال، ملاقات میں وزیراعظم کی معاونت نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان، وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ اور وفاقی وزیر احد چیمہ نے کی۔ اجلاس میں سینیٹر شیری رحمان، سید نوید قمر، سلیم مانڈوی والا اور ڈاکٹر عاصم نے صدر مملکت کی معاونت کی۔ ذرائع نے بتایا کہ خیبر پختونخوا میں گورنرراج کے نفاذ اور ایمرجنسی کے معاملے پر اتفاق ہوگیا ہے اور فیصلہ کسی بھی وقت کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان ملاقات میں گورنرراج کے معاملے پر مشاورت متوقع اور اس کے بعد گورنرراج کے نفاذ سے متعلق حتمی فیصلہ کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ گورنرراج کے نفاذ کی سمری صدر مملکت کو بھجوائی جا سکتی ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ وفاقی کابینہ کا اجلاس کل صبح 309 بجے طلب کیا گیا ہے، جس میں مختلف آئینی آپشنز پر غور کیا جائے گا- ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کی صورت حال کے حوالے سے مختلف آئینی آپشنز پر مشاورت جاری ہے اور حتمی فیصلہ کابینہ کے اجلاس میں کیا جائے گا- قبل ازیں ذرائع نے دعویٰ کیا تھا کہ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ایمرجنسی نافذ کرنے کی تیاریاں مکمل کرلی ہیں اور فیصلے کے حوالے سے صوبائی حکومت کو پیغام بھی پہنچا دیا گیا ہے۔ کھمنتخب کریں ذرائع کا کہنا تھا کہ سابق فاٹا کے ضم شدہ اضلاع سمیت خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ایمرجنسی نافذ کرنے کی تجویز زیرغور ہے، اس کے علاوہ صوبے میں بعض اہم اختیارات وفاق کے استعمال میں دینے کی تجویز پر بھی غور کیا جارہا ہے، ان میں 8 ضم شدہ قبائلی اضلاع میں خیبر، کرم، اورکزئی، باجوڑ، مہمند، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اور زیریں وزیرستان شامل ہیں، 4 اضلاع ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، بنوں اور لکی مروت بھی اس مجوزہ منصوبے کا حصہ ہوں گے۔

بچہ بچہ مقروض

دھوپ چھاؤں

الیاس محمد حسین

ilyasmohammadhussain@gmail.com

پاکستان پر واجب الادا قرضے ایک ایسا سلگتا ہوا سوال ہے جس کے بارے میں شاید معقول جواب کسی کے پاس بھی نہیں وزیر سے لے کر وزیراعظم تک ہر کوئی اس بارے بات کرنے سے کتراتا ہے حکومتی اخراجات میں بے اعتدالی، اللے تللے، ناقص منصوبہ بندی اور دیگر ایسے کئی عوامل غیرملکی قرضوں کو ادائیگی میں بڑی رکاوٹ ہیں کئی سالوں سے ہماری اقتصادی ومعاشی صورتِ حال یہ ہے کہ قرضوں کی ادائیگی کیلئے بھی قرضے لینے کی نوبت آن پہنچی ہے پاکستان پر واجب الادا غیرملکی قرضوں کی مالیت اتنی ہوچکی ہے کہ ہم روزانہ اربوں روپے سود ادا کرنے پر مجبور ہیں ان حالات میں وزارت خزانہ کے ساتھ ساتھ کئی حکومتی کے کرتا دھرتا بھی سر پکڑ کر بیٹھ گئے ہیں جبکہ سٹیٹ بنک آف پاکستان اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو بھی اصلاحِ احوال کیلئے کچھ نہیں سوجھ رہا نوازشریف کے دوسرے دور حکومت میں ملک پر مجموعی طور پر بیرونی قرضہ 4 کھرب تھا مشرف دور میں عوام کو بجلی سمیت کئی ضروری اشیاء پر سبسڈی دی جارہی تھی جو پیپلز پارٹی حکومت نے بتدریج ختم کردی میاں نوازشریف کے تیسرے دورِ حکومت میں بھی بجلی کی قیمتیں تواتر کے ساتھ بڑھائی گئیں بجلی کی لوڈشیڈنگ ایک الگ عذاب تھا ایک دو پر ہی موقوف نہیں ہر پارٹی نے اپنی اپنی حکومتوں کے دوران دھڑادھڑ نوٹ چھاپے جس سے افراطِ زر میں اضافہ ہوتا چلا گیا آج بھی نوٹ چھاپے جارہے ہیں اور اس طرح ملک پر بیرونی قرضوں میں مسلسل اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے؟ کہا جاتا ہے مسلم لیگ ن کے قائد میاں نوازشریف نے اپنے دورِ حکومت میں اپنے انتخابی وعدے کے برعکس ڈیڑھ دو سال میں ہی 5 کھرب کا نیا قرضہ لے لیا تھا یہ پانچ کھرب کہاں گئے؟ اس کا کسی کے پاس کوئی جواب نہیں یہی حال تبدیلی برانڈ عمران خان نے کیا جو کہا کرتے تے قرضے لینے سے بہتر ہے خودکشی کرلی جائے اب میاں شہبازشریف نے پاکستان کی تاریخ کا تب سے بڑا قرضہ لے کر ایک نیا ریکارڈ قائم کردیا ہے جس کے بدولت 25 کروڑ سے زائد کی آبادی کے ملک پاکستان کا ہر شہری قریباً 3 لاکھ 25 ہزار روپے کا مقروض ہو چکا ہے جو فی کس آمدنی کے لحاظ سے 265 فی صد سے بھی زائد ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق جون 2009ء میں پاکستان کے بیرونی قرضے 50 ارب 10 کروڑ ڈالر تھے جبکہ ملکی قرضوں کی مالیت 46.57 ارب ڈالر بھی تجاوز کررہے تھے ملکی قرضوں میں 24 ارب ڈالر شارٹ ٹرم قرضے ٹریژری بلز کی شکل میں اس کے علاوہ ہیں اس طرح ملکی قرضوں کی مالیت مجموعی قومی پیداوار 57.6 فی صد کے برابر ہے، پاکستان پر قرضوں کا یہ بوجھ اوسط سالانہ آمدنی سے 5 گنا اور بجٹ ریونیو سے 6 گنا زیادہ ہے۔ میاں نواز شریف کے دوسرے دور حکومت میں ''ملک سنوارو۔ قرض اتارو'' سکیم شروع کی گئی تھی یہ سکیم قومی امنگوں کے عین مطابق تھی جنرل مشرف اگر میاں نوازشریف کی حکومت کا تختہ نہ الٹتے تو شاید پاکستان غیرملکی قرضے اترنے میں کامیاب ہو جاتا لیکن ''ملک سنوارو۔ قرض اتارو'' سکیم میں عطیہ ملنے والی اربوں روپے کہاں گئے کوئی نہیں جانتا شنید ہے کہ ان کا باقاعدہ کوئی ریکارڈ ہی دستیاب نہیں۔ اقتصادی ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان ایک بار پھر قرضوں کے چنگل میں پھنس گیا ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وزیر خزانہ نے اعتراف کیا ہے پاکستان کا گردشی قرضہ بھی اربوں تک جا پہنچا ہے، آگے دیکھیں کیا ہوتا ہے، سب کو مشورہ ہے اپنے حصے کا جائز ٹیکس دینا شروع کردیں، یہ نہ سمجھنا کہ گذشتہ حکومت کی طرح صرف تقاریر کریں گے، ہم ٹیکس چوروں کے پیچھے جائیں گے اور انہیں پکڑیں گے اس کے باوجود آج ہر پاکستانی ساڑھے 3 لاکھ کا مقروض ہے جبکہ ہماری آنے والی نسلیں بھی گروی پڑی ہوئی ہیں۔ ہر وزیر خزانہ کا ایک ہی موقف ہوتا ہے کہ آئی ایم ایف کے پاس اس وقت جانا ناگزیر ہے، اس کی اصل وجہ کرنٹ اکاؤنٹ ڈیفیسٹ ہے جو امید ہے کہ رواں ماہ کرنٹ اکاؤنٹ کا خسارہ کچھ کم ہوجائے گا۔ کیونکہ ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر کتنے ہی صرف وزیر خزانہ ہی جانتے ہیں یا پھر IMF کا وفد ہی جانتا ہے یہ ساری باتیں اپنی جگہ پر درست ہوں گی لیکن ایک بات جو قابل ذکر ہے کہ جوں جوں پاکستانی روپے کی قیمت کم ہوتی ہے غیرملکی قرضوں کی مالیت میں خود بخود اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ شنید ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ بیل آوٹ پیکج پر دستخط اس ماہ کرلئے جائیں گے پاکستان کو کتنے ارب ڈالرز کا پیکج ملنے والا ہے اس کا فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے قرضوں کے مایہ جال کے باعث ملکی معیشت آہستہ آہستہ شدید مہنگائی کی طرف بڑھ رہی ہے جبکہ اسٹیٹ بینک نے اپنی رپورٹ میں کہا تھا کہ اس سال بھی مہنگائی کی شرح میں اضافہ کا امکان ہے اگر حکومت راست اقدام کرے اور قابل عمل پالیسیاں بنائے اور ان پر عملدرآمد بھی یقینی بنائے۔ اشیائے خوردونوش کی قیمت قابل برداشت ہے جو صرف مارچ میں بلند ترین سطح پر پہنچ گئی تھی

ایف بی آر کو موصول ہونے والے خالص ٹیکس وصولیوں کے عبوری اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ ماہ (مئی) ایف بی آر نے 1110 ارب روپے کے مقررہ ہدف کے مقابلے میں 904 ارب روپے کے لگ بھگ ٹیکس وصولیاں کی ہیں ذرائع نے بتایا کہ ایف بی آر کو مئی میں 206 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا ہے، جس سے سالانہ ہدف حاصل کرنا چیلنج کی صورت اختیار کرگیا ہے۔

سائبر جرم کا شکار

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

سائبر کرائم آج کے دور کا ایک ایسا خطرہ بن چکا ہے جو خاموشی سے ہر گھر، ہر موبائل فون اور ہر انٹرنیٹ صارف تک پہنچ رہا ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال نے جہاں زندگی کو آسان بنایا ہے، وہی جرائم کی ایک نئی دنیا بھی جنم لے چکی ہے۔ بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ آن لائن کی گئی ہر حرکت گمنام رہتی ہے، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔

پاکستان میں سائبر جرائم کی روک تھام کے لیے الیکٹرانک جرائم سے متعلق قوانین موجود ہیں جن کا مقصد شہریوں کے ڈیجیٹل حقوق کا تحفظ اور آن لائن جرائم کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ ان قوانین کے تحت مختلف قسم کے جرائم کے لیے جرمانوں اور قید کی سزائیں مقرر کی گئی ہیں تاکہ انٹرنیٹ کو محفوظ بنایا جاسکے۔

سائبر کرائم سے مراد ایسا کوئی بھی غیر قانونی عمل ہے جو کمپیوٹر، موبائل فون، انٹرنیٹ یا کسی ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کیا جائے۔ اس میں کسی کا اکاؤنٹ ہیک کرنا، جعلی سوشل میڈیا پروفائل بنانا، نجی معلومات چوری کرنا، مالی فراڈ، آن لائن ہراسانی اور بلیک میلنگ جیسے جرائم شامل ہیں۔

بہت سے افراد یہ سمجھتے ہیں کہ صرف بینک اکاؤنٹ ہیک کرنا ہی سائبر کرائم ہے، لیکن حقیقت میں کسی کی اجازت کے بغیر اس کے موبائل، کمپیوٹر، ای میل یا سوشل میڈیا اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کرنا بھی ایک سنگین جرم ہے، چاہے اس سے مالی نقصان ہوا ہو یا نہیں۔

پاکستان کے الیکٹرانک جرائم سے متعلق قانون کے تحت کسی بھی کمپیوٹر سسٹم، موبائل فون، سرور یا ڈیجیٹل اکاؤنٹ تک غیر مجاز رسائی حاصل کرنا قابل سزا جرم ہے۔ اگر کوئی شخص دوسروں کے ڈیٹا میں مداخلت کرتا ہے یا اسے نقصان پہنچاتا ہے تو اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

ہیکنگ آج کے دور کا سب سے عام سائبر جرم بن چکی ہے۔ بعض لوگ دوسروں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس، ای میلز یا کاروباری نظام میں غیر قانونی طریقے سے داخل ہو کر معلومات چوری کرتے ہیں، جبکہ کچھ لوگ صرف تفریح یا شہرت کے لیے بھی ایسے اقدامات کرتے ہیں، مگر قانون کی نظر میں یہ بھی جرم ہے۔

جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس بنانا بھی ایک خطرناک رجحان بنتا جارہا ہے۔ کسی دوسرے شخص کے نام، تصویر یا شناخت کا استعمال کر کے جعلی پروفائل بنانا نہ صرف اخلاقی طور پر غلط ہے بلکہ قانونی طور پر بھی سنگین جرم شمار کیا جاسکتا ہے، خاص طور پر اگر اس کے ذریعے دھوکہ دہی یا بدنامی کی جائے۔

شناخت کی چوری یا آئیڈینٹیٹی تھیفٹ کے واقعات بھی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ مجرم کسی کی ذاتی معلومات، شناختی کارڈ، تصاویر یا دیگر دستاویزات استعمال کر کے مالی فراڈ، جعلی رجسٹریشن یا غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہوسکتے ہیں، جس کے سنگین نتائج متاثرہ شخص کو بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔

سوشل میڈیا پر کسی کو مسلسل دھمکیاں دینا، نازیبا پیغامات بھیجنا، تعاقب کرنا یا ذہنی دباؤ میں مبتلا کرنا سائبر اسٹاکنگ کہلاتا ہے۔ خواتین، نوجوانوں اور بچوں کو اس جرم کا سب سے زیادہ سامنا کرنا پڑتا ہے، اسی لیے ایسے معاملات میں فوری قانونی مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔

آن لائن بلیک میلنگ بھی ایک تشویشناک مسئلہ ہے۔ بعض مجرم نجی تصاویر، ویڈیوز یا ذاتی معلومات حاصل کر کے متاثرہ شخص سے رقم، مزید تصاویر یا دیگر ناجائز مطالبات کرتے ہیں۔ ایسے مجرم اکثر خوف اور خاموشی کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔

کسی کی نجی تصاویر یا ویڈیوز اس کی اجازت کے بغیر شیئر کرنا یا انہیں سوشل میڈیا پر پھیلانا نہ صرف اخلاقی جرم ہے بلکہ قانونی طور پر بھی سخت کارروائی کا باعث بن سکتا ہے۔ ڈیجیٹل دنیا میں ہر شخص کی نجی زندگی کا احترام کرنا ہر صارف کی ذمہ داری ہے۔

ڈیٹا چوری بھی سائبر جرائم کی ایک اہم قسم ہے۔ اگر کوئی شخص کسی کمپنی، ادارے یا فرد کی معلومات بغیر اجازت حاصل کرتا ہے، انہیں کاپی کرتا ہے یا کسی اور کو فراہم کرتا ہے تو وہ قانونی کارروائی کی زد میں آسکتا ہے۔

کئی افراد غیر قانونی سافٹ ویئر، ہیکنگ ٹولز یا مشکوک موبائل ایپلی کیشنز استعمال کرتے ہیں، بغیر یہ جانے کہ ان میں سے بعض خود بھی قانون کی خلاف ورزی کا سبب بن سکتی ہیں یا ان کے ذریعے صارف کا ذاتی ڈیٹا چوری کیا جاسکتا ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ سائبر کرائم صرف کمپیوٹر ماہرین تک محدود نہیں۔ ایک عام موبائل صارف بھی اگر جان بوجھ کر کسی دوسرے کی نجی معلومات شیئر کرے، جعلی اکاؤنٹ چلائے یا کسی کو آن لائن ہراساں کرے تو وہ قانون کے مطابق ذمہ دار ٹھہرایا جاسکتا ہے۔

اگر کوئی شخص سائبر جرم کا شکار ہو جائے تو اسے خاموش رہنے کے بجائے تمام شواہد محفوظ کرنے چاہئیں۔ اسکرین شاٹس، چیٹ ریکارڈ، ای میلز، لنکس اور متعلقہ معلومات بعد میں قانونی کارروائی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔

پاکستان میں سائبر جرائم کی شکایات درج کرانے کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ متاثرہ افراد آن لائن پورٹل، ہیلپ لائن یا قریبی متعلقہ دفتر کے ذریعے اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں تاکہ بروقت تحقیقات کا آغاز ہو سکے۔ والدین کی بھی اہم ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو محفوظ انٹرنیٹ استعمال کرنے کی تربیت دیں۔ بچوں کو یہ سمجھانا ضروری ہے کہ وہ اجنبی افراد سے بات چیت، ذاتی معلومات کی شیئرنگ یا مشکوک لنکس پر کلک کرنے سے گریز کریں۔

ہر انٹرنیٹ صارف کو مضبوط پاس ورڈ استعمال کرنے چاہئیں، دو مرحلہ جاتی تصدیق (Factor-Two Authentication) فعال رکھنی چاہیے اور اپنے موبائل یا کمپیوٹر کا سافٹ ویئر باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کرنا چاہیے تاکہ سیکیورٹی خطرات کم کیے جاسکیں۔

اسی طرح عوام کو چاہیے کہ وہ غیر مصدقہ ویب سائٹس، مشکوک ای میلز، جعلی انعامات، قرضوں یا ملازمت کی پیشکشوں پر فوری یقین نہ کریں کیونکہ یہی طریقے اکثر سائبر مجرم لوگوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

کاروباری اداروں کے لیے بھی سائبر سیکیورٹی اب ایک ضرورت بن چکی ہے۔ ملازمین کی تربیت، محفوظ نیٹ ورک، ڈیٹا بیک اپ اور مناسب حفاظتی اقدامات نہ صرف مالی نقصان سے بچاتے ہیں بلکہ صارفین کا اعتماد بھی برقرار رکھتے ہیں۔ قانون صرف مجرموں کو سزا دینے کے لیے نہیں بلکہ شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھی موجود ہے۔ اگر ہر فرد اپنی ذمہ داری کو سمجھے اور قانون کی پاسداری کرے تو سائبر جرائم میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔

ڈیجیٹل دنیا میں آزادی کے ساتھ ذمہ داری بھی ضروری ہے۔ ایک معمولی لاپروائی کسی شخص کی عزت، مالی حالت یا نجی زندگی کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے، جبکہ ایک ذمہ دار رویہ خود کو اور دوسروں کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔

آج کی ضرورت یہی ہے کہ ہر شہری سائبر قوانین سے آگاہ ہو، اپنی آن لائن سرگرمیوں میں احتیاط اختیار کرے، دوسروں کی رازداری کا احترام کرے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ اداروں کو دے۔ محفوظ ڈیجیٹل پاکستان اسی وقت ممکن ہے جب قانون، آگاہی اور ذمہ دارانہ رویہ ایک ساتھ آگے بڑھیں۔

گندم کی امدادی قیمت، کسان سے ناانصافی نہ کی جائے

صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے اور ہماری معیشت کی بنیاد آج بھی زراعت کے ساتھ مضبوطی سے جڑی ہوئی ہے۔ لاکھوں بالخصوص دیہات کے رہنے والے خاندان براہِ راست یا بالواسطہ زراعت سے وابستہ ہیں، جن کی معیشت کا زیادہ تر دارومدار زراعت پر ہے۔ زراعت میں بھی سب سے اہم فصل گندم ہے جو ہماری غذائی ضروریات میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے باوجود ہمارے ہاں سب سے زیادہ بے یقینی کا شکار اگر کوئی طبقہ ہے تو وہ کسان ہے۔ وہ کسان جو سال بھر دھوپ، سردی، بارش اور موسمی خطرات برداشت کر کے زمین سے اناج پیدا کرتا ہے، ہمارے دیس کے اس مان یعنی کسان کو فصل تیار ہونے پر اپنی محنت کی مناسب قیمت کے حصول کے لیے پھر ایک نئے امتحان سے گزرنا پڑتا ہے۔

اس تناظر میں گندم کی امدادی قیمت کا معاملہ غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ حکومت کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ امدادی قیمت کسان پر کوئی احسان نہیں بلکہ اس کی سال بھر کی محنت، سرمایہ کاری اور خطرات کا کم از کم معاوضہ ہے۔ اگر کاشتکار کو اس کی فصل کی ایسی قیمت بھی نہ ملے جو اس کے پیداواری اخراجات پورے کرنے کے بعد اسے معقول منافع دے سکے تو وہ آخر کب تک گندم کاشت کرتا رہے گا؟

گزشتہ چند برسوں کے تجربات کسان کے لیے خاصے تلخ رہے ہیں۔ کبھی حکومت گندم کی پیداوار بڑھانے کے لیے کاشتکاروں کو ترغیب دیتی ہے اور کبھی فصل تیار ہونے کے بعد سرکاری خریداری کے معاملات میں ایسی بے یقینی پیدا ہوجاتی ہے کہ کسان اپنی فصل فوری طور پر فروخت کرنے پر مجبور ہوجاتا ہے۔ ملک عزیز میں باردانے کے حصول، سرکاری مراکز پر خریداری، ادائیگیوں میں تاخیر اور مڈل مین کے کردار نے چھوٹے کاشتکار کے مسائل میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہے۔ ایسے حالات میں سب سے زیادہ فائدہ اس شخص کو ہوتا ہے جو کسان کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر کم قیمت پر گندم خریدتا اور بعد میں زیادہ نرخ پر فروخت کرتا ہے۔

دوسری طرف گزشتہ چند سالوں میں کسان کے پیداواری اخراجات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ ڈیزل، بجلی، ٹیوب ویل کے اخراجات، کھاد، معیاری بیج، زرعی ادویات، زرعی مشینری، مزدوری اور زمین کی تیاری کے اخراجات سب پہلے کی نسبت کہیں زیادہ ہیں۔ یوریا اور ڈی اے پی جیسی بنیادی کھادیں مہنگی ہوں، بجلی اور ڈیزل کے نرخ بڑھتے رہیں اور زرعی ادویات کی قیمتیں بھی کسان کی پہنچ سے باہر ہوتی جائیں تو محض یہ توقع کرنا کہ وہ سستی گندم پیدا کرتا رہے، حقیقت پسندانہ پالیسی نہیں۔

یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے: اگر حکومت قیمت مقرر کرتے وقت صنعت، تجارت اور مختلف شعبوں کے اخراجات کو مدنظر رکھتی ہے تو کسان کے پیداواری اخراجات کا حقیقی حساب کیوں نہیں کیا جاتا؟ گندم کی امدادی قیمت مقرر کرنے کے لیے محض سرکاری دفاتر میں بیٹھ کر تخمینہ لگانا کافی نہیں۔ اس میں بیج، کھاد، پانی، بجلی، ڈیزل، زرعی ادویات، مشینری، مزدوری، زمین کے کرائے، بینک قرضوں کے مارک اپ اور موسمی خطرات سمیت تمام اخراجات کو شامل کرنا چاہیے اور اس کے بعد کسان کے لیے مناسب منافع بھی یقینی بنانا چاہیے۔

ایک اور اہم مسئلہ حکومتی پالیسی میں تسلسل کا فقدان ہے۔ اگر بوائی کے وقت کسان کو معلوم ہی نہ ہو کہ فصل تیار ہونے پر حکومت کی خریداری پالیسی کیا ہوگی اور اسے اپنی گندم کس قیمت پر فروخت کرنا پڑے گی تو وہ مستقبل کی منصوبہ بندی کیسے کرے گا؟ زرعی معیشت قیاس آرائی نہیں بلکہ طویل المدت منصوبہ بندی کا تقاضا کرتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ گندم کی امدادی قیمت یا کم از کم قیمت کا واضح اعلان فصل کی بوائی سے پہلے کرے تاکہ کسان اسی حساب سے فیصلہ کرسکے کہ اسے گندم کاشت کرنی ہے یا کوئی دوسری فصل بونی ہے۔

یہ بات بھی نظرانداز نہیں کی جاسکتی کہ اگر کسان مسلسل خسارے کا شکار رہا تو وہ گندم سے منہ موڑ سکتا ہے۔ یہی صورت حال مستقبل میں پاکستان کے لیے غذائی تحفظ کا سنگین مسئلہ پیدا کرسکتی ہے۔ آج اگر مقامی کسان کی فصل مناسب قیمت پر نہیں خریدی جائے گی اور کل ملک کو گندم درآمد کرنا پڑی تو عالمی منڈی میں قیمتوں کے اتار چڑھاؤ، زرمبادلہ کی قلت اور درآمدی اخراجات کا بوجھ بالآخر عام صارف ہی کو برداشت کرنا پڑے گا۔ لہٰذا کسان کو مناسب قیمت دینا دراصل صارف کو مستقبل کے غذائی بحران سے محفوظ رکھنے کی پالیسی بھی ہے۔

حکومت کو صرف امدادی قیمت مقرر کر کے مطمئن نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس پر عملی طور پر عملدرآمد بھی یقینی بنانا ہوگا۔ پاسکو اور صوبائی محکمہ خوراک کے خریداری مراکز بروقت فعال کیے جائیں، نہ صرف فعال کیے جائیں بلکہ ان کی تعداد میں بھی خاطر خواہ اضافہ کیا جائے۔ باردانے کی تقسیم مکمل شفاف بنائی جائے، چھوٹے کسانوں کو ترجیح دی جائے اور ادائیگی کا نظام تیز کیا جائے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کسان کی رجسٹریشن اور براہِ راست ادائیگی کا نظام وضع کیا جاسکتا ہے تاکہ مڈل مین اور غیر ضروری کمیشن کا کردار محدود ہو۔

اس معاملے کا ایک طویل المدت پہلو زرعی زمین کا تیزی سے سکڑتا ہوا رقبہ بھی ہے۔ شہروں کے پھیلاؤ، ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور رئیل اسٹیٹ کے بڑھتے ہوئے کاروبار نے زرعی زمین کو بھی کاروباری اثاثہ بنا دیا ہے۔ جب ایک کسان کو کئی ماہ کی محنت، مہنگی کھاد، پانی، بجلی، ڈیزل اور مزدوری کے بعد چند ہزار روپے فی ایکڑ بچت یا کبھی نقصان ہو، جبکہ یہی زمین بیچ کر اسے ایک ہی وقت میں بڑی رقم حاصل ہوسکتی ہو تو اس کا زراعت سے بددل ہونا فطری امر ہے۔ وہ زراعت کو خیرباد کہہ کر تجارت کی طرف راغب ہوگا اور زراعت جو پہلے ہی مشکل حالات سے دوچار ہے، تباہی کی طرف گامزن ہوگی۔ اگر زراعت سے حکومتی عدم توجہی کا یہی رجحان جاری رہا تو کل ہم یہ ضرور کہیں گے کہ ملک میں زرعی زمین کم ہوگئی، گندم کی پیداوار متاثر ہوگئی اور خوراک درآمد کرنا پڑ رہی ہے، مگر اس وقت بہت دیر ہوچکی ہوگی۔ زرعی زمین کو غیر ضروری ہاؤسنگ اسکیموں کی نذر ہونے سے بچانا بھی قومی غذائی سلامتی کا حصہ ہونا چاہیے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت گندم کو محض ایک فصل نہیں بلکہ قومی غذائی تحفظ کا معاملہ سمجھے۔ کسان کو بروقت اور مناسب قیمت، معیاری بیج وکھاد کی دستیابی، سستی زرعی توانائی، آسان قرضوں اور منڈی تک براہِ راست رسائی فراہم کی جائے۔ کسان خوشحال ہوگا تو دیہی معیشت مضبوط ہوگی، دیہی معیشت مضبوط ہوگی تو قومی معیشت کو سہارا ملے گا۔

حکومت کو ایئر کنڈیشنڈ دفاتر سے نکل کر کھیتوں تک جانا ہوگا، کسان کی مشکلات سننا ہوں گی اور پالیسی کاغذوں کے بجائے زمینی حقائق کی بنیاد پر بنانا ہوگی۔ آخرکار گندم صرف کسان کی فصل نہیں، پاکستان کے ہر گھر کے چولہے کا سوال ہے۔ کسان کو اس کی محنت کا جائز معاوضہ دینا دراصل ملک کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہے۔ اگر آج بھی کسان کے ساتھ ناانصافی جاری رہی تو کل گندم کی قیمت ہی نہیں، غذائی خودکفالت کی قیمت بھی بہت بھاری ہوسکتی ہے۔

عالمی اقتصادی صورتحال اور پاکستان

کالم میں عالم

اکرام شاہ

Ikramshah51214725@gmail.com

پاکستان جب سے معرض وجود میں آیا ہے ملکی مسائل میں اضافہ دیکھنے میں آیا کمی کا تصور ہی گناہ ہے ملک کی بدقسمتی رہی ہے مخلص لوگوں کی ہمیشہ کمی ہی رہی ہے اوپر سے اس سے بڑی بدقسمتی یہ رہی ہے جو لوگ پرمسلط کئے گئے ملک اور عوام سے کبھی مخلص نہیں رہے اب ملک کے مشکلات میں تیزی سے اضافہ ہو چکا ہے اب مسائل طوفان کی شکل اختیار کرچکے ہیں ہم نے اپنی روش تبدیل نہیں کی ہمارے کچھن ابھی تک پرانے ہیں ہم نے قرضہ پر انحصار کم نہیں کیا ہم نے دہشت گردی کے خلاف کوئی بڑا اقدام نہیں اٹھایا ہم نے کرپشن میں کمی بیشی نہیں کی ہے ہم وی آئی پی پروٹوکول میں کوئی تخفیف نہیں کی ہم نے اپنے سرکاری نظام پر توجہ نہیں دی ہم نے سرکاری اداروں کا قبلہ درست نہیں کیا پھر ہمارے حکمرانوں اور بیوروکریسی کی شاہانہ زندگی اور وی آئی پی پروٹوکول دیکھ کر مغلیہ حکمرانوں کی روحیں بھی شرمندہ ہو جائیں ہمارے سیاست کی جادوگری اور عصرِ حاضر کے کوفہ سے مراد اسلام آباد ہے اس شہر کی خوبی یہ ہے کہ جو بھی اس کا شہر کا ہو گیا اس کا دل پتھر کا ہوگیا میرا موضوع تو پاکستان نہیں بلکہ میرے قلم کے نشانے پر آج امت مسلمہ ہے مجھے تو مسلم امہ کا عالمی سطح پر کیا کردار ہے اس مشکل وقت میں مسلم امہ ایک پلیٹ فارم پر اکٹھی ہوجائے گی یہ ایک خواب مسلم امہ کا ہر ہمدرد دیکھتا ہے یہ حقیقت ہے مسلم امہ آج سے منقسم نہیں بلکہ 1400 سے ایسی نظر آتی ہے واقعہ کربلا نے مسلم امہ کو کبھی ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا نہیں ہونے دیا۔ بلکہ تقسیم کا عمل اب بھی جاری ہے پاکستان کے اندر جتنی بھی دہشت گردی ہوئی ہے اس کے پیچھے یہی عوامل کارفرما رہے ہیں افغان وار ختم ہوئے کافی سال ہوگئے ہیں امریکا کو گئے ہوئے کئی سال ہوگئے مگر پاکستان ابھی تک افغان وار میں موجود نظر آتا ہے افغان وار میں ہم نے جانی ومالی نقصان بھی بہت اٹھایا ابھی تک یہ جنگ ہمارے گھر میں لگی ہوئی ہے پاکستان کے دو صوبے دہشت گردوں کے نشان پر ہیں ان صوبوں میں افغان طالبان کا کافی اثر ورسوخ موجود ہے اور پر ہمارا ازلی دشمن بھارت بھی ان طالبان گروپس کا سرپرست بنا ہوا ہے جو پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں بتلا ہیں عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق افغانستان پھر خانہ جنگی کی طرف جارہا ہے ویسے تو پوری دنیا میں بسنے والے مسلمان ذلت کی زندگی بسر کررہے ہیں مشرق وسطی میں جاری جنگ سے مسلم امہ کی حالت پتلی کردی ہے مسلم امہ آج بھی یہودونصاری کی آلہ کار بنی ہوئی ہے۔ عرب ممالک کا زیادہ تر انحصار آج بھی امریکا اور اسرائیل پر ہے ایران امریکا جنگ سے دنیا میں اقتصادی بحران پیدا ہوچکا ہے تباہ حال ممالک کی معیشت مزید تباہ ہو جائیگی امریکی معیشت کو شدید دھچکا لگنے والا ہے مگر امریکا میں اتنی طاقت ہے کہ برداشت کرجائے گا امریکن شہری پاکستانی نژاد چوہدری شفیق عالمی حالات پر گہری نظر رکھتے ہیں یورپ، افریقہ، ایشیا کی معیشت کو کرونا سے بڑا خطرہ درپیش ہے اگر امریکا اور ایران جنگ مزید طویل پکڑ لیتی ہے تو عالمی اقتصادیات کی مشکلات خطرناک صورتحال اختیار کرسکتی ہے پاکستان کا بدلتے ہوئے حالات میں معاشی طور پر سروایول کرنا مزید مشکل ہوسکتا ہے بدلتے ہوئے حالات میں معاشی استحکام، سیاسی استحکام اور امن استحکام وقت کی ضرورت ہے قومی مفادات کے لئے تحفظ کیلئے ملت کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا پڑے گا۔

ایک واضح پیغام



Media Eye

Abdul Basit Alvi

abdulbasitalvi@gmail.com

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی صدارت میں منعقدہ 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس نے ملکی اندرونی امن واستحکام کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ کسی بھی قسم کا انتشار پیدا کرنے یا 9 مئی جیسی صورتحال دوبارہ بنانے کی کوشش سے قانون کی بے لاگ حکمرانی اور حتمی قوت کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔ اس اجلاس کے دوران مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شہداء اور عام شہریوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور اپنی جانیں قربان کرنے والوں کے لیے دعا کی گئی۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ مسلح افواج قوم کی مکمل حمایت کے ساتھ پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سلیت اور قومی سلامتی کا دفاع کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں، جبکہ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس پرمبنی کارروائیاں جاری رکھنے اور جدید ٹیکنالوجی، تربیت، سامان اور جنگ کے مختلف شعبوں میں باہمی ہم آہنگی کے ذریعے دفاعی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ کانفرنس میں افغانستان کی سرزمین سے پھیلنے والی دہشت گردی کے خلاف ہدف پرمبنی کارروائیوں کے پاکستان کے حق پر بھی زور دیا گیا، دہشت گردی کے اسباب اور نظریے سے نمٹنے کے لیے مضبوط ہم آہنگی اور عوامی شمولیت کی ہدایت کی گئی اور مالی اعانت، اسلحے کی اسمگلنگ اور نقل و حرکت کے لیے استعمال ہونے والے دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو توڑنے پر زور دیا گیا۔ اس کے علاوہ پولیس کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا کیونکہ موثر اندرونی سلامتی کے لیے باصلاحیت اور تمام ضروری سامان سے لیس قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ہونا لازمی ہے اور ملکی اندرونی استحکام کو پاکستان کی معاشی، سماجی اور سیاسی ترقی سے جوڑا گیا۔ کانفرنس نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمینٹ کا خیرمقدم کیا اور اسے مضبوط سٹریٹجک اور اجتماعی دفاعی تعاون کے فریم ورک کے طور پر سراہا، جبکہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت، مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی اور حرمین شریفین کی سلامتی و تقدس کے لیے اٹل عزم کا اظہار کیا۔ یہ معاہدہ اجتماعی دفاع کا حصار فراہم کرتا ہے جس کے تحت تینوں ممالک انٹیلی جنس شیئرنگ، ملٹری کوآرڈینیشن اور صلاحیتوں کے باہمی انضمام کو بڑھانے کے لیے کام کریں گے۔

کشمیر کے معاملے پر اجلاس نے پاکستان کے اس موقف کا اعادہ کیا کہ اس تنازع کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قرار دادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے، جبکہ ان کے حق خودارادیت کی مسلسل حمایت جاری رکھنے کی توثیق کی گئی۔ مجموعی طور پر کانفرنس نے قومی سلامتی کو اندرونی استحکام، دہشت گردی کے خاتمے، پولیسنگ اور گورننس کی مضبوطی، عوامی تعاون، جدید دفاعی صلاحیتوں، علاقائی دفاعی شراکت داریوں اور کشمیر پر پاکستان کے دیرینہ موقف کے ساتھ مربوط کیا۔ پوری قوم نے کور کمانڈرز کانفرنس کے فیصلوں، مشاہدات اور آراء کا خیرمقدم کیا ہے اور انہیں سراہا ہے۔ یہ کوئی حیران کن بات نہیں ہے۔ کانفرنس نے عوام کے بنیادی خدشات کو دور کیا ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج ملک کے امن و استحکام کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے پرعزم ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ فوج پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سلیت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ یہ وہ تمام باتیں ہیں جن کی پاکستان کے عوام کو شدید پرواہ ہے۔ وہ امن سے رہنا چاہتے ہیں۔ وہ سیکیورٹی میں رہنا چاہتے ہیں۔ وہ ایک ایسے ملک میں رہنا چاہتے ہیں جس کی دنیا میں عزت ہو۔ فوج اس کو ممکن بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ فوج پاکستان کو ایک پرامن اور خوشحال ملک بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ پاکستان کے عوام اس کی قدر کرتے ہیں۔ وہ اس کی حمایت کرتے ہیں۔ وہ فوج کے ساتھ کھڑے ہیں۔ عوام اور فوج کے درمیان یہ اتحاد پاکستان کی طاقت کی بنیاد ہے۔ یہ پاکستان کے مستقبل کی بنیاد ہے۔ یہ پاکستان کی کامیابی کی بنیاد ہے۔

9 مئی جیسے تشدد کے خلاف تنبیہہ خاص طور پر اہم ہے۔ 9 مئی قوم کے لیے ایک تکلیف دہ دن تھا۔ یہ وہ دن تھا جب سیاسی تشدد کا بدنما چہرہ سامنے آیا تھا۔ یہ وہ دن تھا جب پاکستان کے دشمنوں نے سوچا کہ وہ ملک کو تباہ کر سکتے ہیں۔ وہ غلط تھے۔ قوم اٹھی۔ قوم نے تشدد کو مسترد کر دیا۔ قوم نے انارکی کو مسترد کر دیا۔ قوم ریاست کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ قوم اداروں کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ قوم فوج کے ساتھ کھڑی ہوئی۔ یہ اتحاد ایک طاقتور پیغام تھا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو توڑا نہیں جاسکتا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔ اس نے دکھایا کہ پاکستان کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ کور کمانڈرز کانفرنس نے اسی اتحاد کو آگے بڑھایا ہے۔ اس نے ایک واضح پیغام دیا ہے کہ افراتفری پیدا کرنے کی کسی بھی آئندہ کوشش کا قانون کی تمام تر طاقت سے مقابلہ کیا جائے گا۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو سننے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ یہ ایک ایسا پیغام ہے جسے تمام عناصر کو احترام دینے کی ضرورت ہے۔ قوم کو امن کی ضرورت ہے۔ قوم کو خوشحالی کی ضرورت ہے۔ قوم انارکی اور تقسیم کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ قوم تشدد اور افراتفری کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ قوم کو آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے اتحاد کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسے امید کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ قوم کی حمایت سے مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سلیت اور قومی سیکیورٹی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ یہ ایک اطمینان بخش بیان ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ وہ محفوظ ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ اس کی حفاظت کی جارہی ہے۔ یہ قوم کو بتاتا ہے کہ اس کی فوج تیار ہے۔ مسلح افواج پاکستان کی محافظ ہیں۔ وہ دن رات پہرہ دیتی ہیں۔ وہ سرحدوں پر پہرہ دیتی ہیں۔ وہ شہروں میں پہرہ دیتی ہیں۔ وہ ہر جگہ پہرہ دیتی ہیں۔ وہ کسی بھی خطرے کا جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔ وہ ملک کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہیں۔ وہ کوئی بھی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ یہ ان کا فرض ہے۔ یہ ان کی عزت ہے۔ یہ ان کی زندگی ہے۔ قوم ان کی خدمات کی شکرگزار ہے۔ قوم ان کے عزم پر فخر کرتی ہے۔ قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ قوم ان کی حمایت کرتی ہے۔ قوم ہمیشہ ان کے پیچھے رہے گی۔

پوری قوم نے کور کمانڈرز کانفرنس کے فیصلوں کا خیرمقدم کیا ہے اور انہیں سراہا ہے۔ پوری قوم ملک کو پرامن اور خوشحال بنانے کے لیے پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جسے پہنچانے کی ضرورت ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جسے سننے کی ضرورت ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جسے سمجھنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان بہادر اور باہمت لوگوں کی قوم ہے۔ اس نے بہت سے چیلنجز کا سامنا کیا ہے۔ اس نے کئی رکاوٹوں پر قابو پایا ہے۔ اس نے کئی طوفانوں کا مقابلہ کیا ہے۔ وہ اس کا بھی مقابلہ کرلے گا۔ وہ اس چیلنج پر بھی قابو پالے گا۔ وہ مزید مضبوط اور متحد ہو کر ابھرے گا۔ فوج اس کوشش میں سب سے آگے ہوگی۔ فوج راستے کی قیادت کرے گی۔ فوج قوم کی حفاظت کرے گی۔ فوج قوم کی خدمت کرے گی۔ فوج قوم کا سر فخر سے بلند کرے گی۔ یہ کور کمانڈرز کانفرنس کا وعدہ ہے۔ یہ پاک فوج کا وعدہ ہے۔ یہ پاکستان کا وعدہ ہے۔ اور یہ ایک ایسا وعدہ ہے جسے پورا کیا جائے گا۔

پرامن بقائے باہمی- وقت کی سب سے بڑی ضرورت

لاٹھی چارج

زوار

غلام عباس

0300-6454370

گوجرانوالہ کی گلی نمبر سات میں دو دروازے تھے جو پچھلے ساٹھ سال سے آمنے سامنے تھے۔ ایک دروازہ ماسٹر کرامت علی کا تھا، جس کی دیوار پر ہر وقت یا حسین کا علم لہراتا تھا، اور دوسرا دروازہ پادری سموئیل کا تھا، جس کے صحن میں اتوار کو چھوٹے چھوٹے بچے بائبل کی نظمیں گاتے تھے۔ گلی کے بچے کہتے تھے کہ دونوں گھروں میں ایک ہی خوشبو آتی ہے۔ ماسٹر صاحب کے گھر سے صبح نہاری کی اور سموئیل کے گھر سے مسیحی طریقے سے بنے ہوئے قیمے کی، لیکن جمعہ والے دن جب ماسٹر صاحب کے گھر میں نیاز کی دیگیں پکتیں تو پہلی پلیٹ سموئیل کے گھر جاتی، اور کرسمس کی رات سموئیل کی بیوی جو کیک بناتی، اس کا پہلا ٹکڑا ماسٹر صاحب کے بچوں کے لیے ہوتا۔ پھر اس گلی میں ایک نیا کرائے دار آیا۔ اس نے آتے ہی دونوں گھروں کے درمیان ایک اونچی دیوار کھڑی کرنے کا مشورہ دیا۔ کہنے لگا "ماسٹر جی، آپ کا مذہب الگ، ان کا الگ، دیوار ضروری ہے۔" ماسٹر صاحب نے اپنی سفید داڑھی پر ہاتھ پھیرا اور مسکرائے۔ "بیٹا، دیوار تو ہم ساٹھ سال پہلے بھی بنا سکتے تھے۔" اسی رات گوجرانوالہ میں شدید بارش ہوئی۔ نالہ اوور فلو ہوگیا۔ پانی گلی نمبر سات میں گھس آیا۔ پادری سموئیل کا گھر نیچا تھا، پانی اس کے صحن میں بھرنے لگا۔ سموئیل کی بیوی الماری پر چڑھ کر رونے لگی، اس کا چھوٹا بچہ بخار میں تپ رہا تھا۔ باہر گلی میں شور تھا، ہر کوئی اپنا سامان بچا رہا تھا۔ اسی شور میں ایک آواز آئی۔ "سموئیل! دروازہ کھولو!" ماسٹر کرامت علی گھٹنوں تک پانی میں کھڑا تھا، کندھے پر اپنے بیٹے کو اٹھائے ہوئے۔ "میرا گھر اونچا ہے، بچوں کو وہاں لے آؤ۔" سموئیل نے حیرت سے دیکھا۔ وہی ماسٹر جسے نیا کرائے دار سمجھا رہا تھا کہ ان سے دور رہو۔ اس رات پادری سموئیل کا خاندان ماسٹر کرامت علی کے گھر میں تھا۔ ماسٹر صاحب کی بیوی نے سموئیل کے بیٹے کو اپنی رضائی میں لپیٹا، اسے عرق گلاب پلایا، اور ساری رات اس کے ماتھے پر پٹی رکھتی رہی۔ دوسری طرف ماسٹر صاحب اور سموئیل مل کر پانی نکالتے رہے۔ صبح ہوئی تو پانی اتر چکا تھا۔ نئے کرائے دار نے دیکھا تو حیران رہ گیا۔ اس کے گھر کے سامنے کیچڑ تھا، کیونکہ اس نے سب سے اونچی دیوار اپنے ہی گھر کے گرد بنائی تھی، تاکہ پانی اندر نہ آئے، لیکن پانی تو دیوار کے اندر قید ہو گیا تھا۔ اور سامنے وہ دو دروازے ... جن کے درمیان کوئی دیوار نہیں تھی، وہاں صحن بالکل صاف تھا۔ کیونکہ پانی کو بہنے کا راستہ ملا تھا۔ ماسٹر کرامت علی نے نئے کرائے دار کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کہا: "بیٹا، یہی ہے پرامن بقائے باہمی۔ ہم نے اپنے دروازے کھلے رکھے تو مصیبت بھی بہہ کر نکل گئی۔ تم نے دیوار بنائی تو مصیبت تمہارے ہی گھر میں قید ہوگئی۔" پادری سموئیل نے مسکرا کر بائبل کی ایک آیت پڑھی جس کا ترجمہ تھا "تمہارا پڑوسی تمہارے نفس جیسا ہے۔" اور ماسٹر صاحب نے جواباً کہا "ہمسائے کو تین گھر تک ہمسایہ کہا گیا ہے، اس کا مذہب نہیں پوچھا گیا۔" اس دن گلی نمبر سات کے بچوں نے ایک نیا کھیل سیکھا۔ وہ مٹی سے گھر بناتے، لیکن درمیان میں دیوار نہیں بناتے تھے۔ آج سے کچھ عرصہ پہلے تک ہم سنتے تھے کہ فلاں گلی میں ہندو بھی رہتا تھا، فلاں محلے میں سکھوں کی دکانیں تھیں۔ ہمارے بزرگ بتاتے ہیں کہ تقسیم سے پہلے گوجرانوالہ میں صبح اذان سے پہلے گوردوارے کی گھنٹی بجتی تھی اور شام کو مندر کے دیے جلتے تھے، لیکن کسی کے دل میں میل نہیں تھا۔ سب ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک تھے۔ کسی کی دیوار گرتی تو سارا محلہ اسے اٹھانے آجاتا، یہ نہیں پوچھتا تھا کہ دیوار کس مذہب کے گھر کی ہے۔ وہی تھا پرامن بقائے باہمی۔ بقائے باہمی کا مطلب صرف یہ نہیں کہ ہم ایک دوسرے کو برداشت کریں۔ برداشت میں تو ایک مجبوری کا عنصر ہے۔ بقائے باہمی کا مطلب ہے ایک دوسرے کو تسلیم کرنا، ایک دوسرے کے وجود کو عزت دینا، اور یہ سمجھنا کہ جیسے مجھے جینے کا حق ہے، ویسے ہی دوسرے کو بھی ہے۔ قرآن مجید نے اس اصول کو کتنی خوبصورتی سے بیان کیا ہے: "لَکُم دِینُکُم وَلِیَ دِینِ" (تمہارے لیے تمہارا دین، میرے لیے میرا دین)۔ اس سے بڑی رواداری کی تعلیم اور کیا ہوسکتی ہے۔ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میثاق مدینہ میں یہود، نصاریٰ اور مسلمانوں کو ایک ہی معاشرے کا حصہ بنایا اور سب کے حقوق متعین فرمائے۔ فتح مکہ کے موقع پر عام معافی کا اعلان پرامن بقائے باہمی کی سب سے بڑی مثال ہے۔ بدقسمتی سے آج ہم نے اختلاف کو دشمنی بنا لیا ہے۔ ہم مسلک کے نام پر لڑتے ہیں، سیاسی جماعت کے نام پر گریبان پکڑتے ہیں، زبان اور برادری کے نام پر نفرت پالتے ہیں۔ سوشل میڈیا نے اس آگ پر تیل کا کام کیا ہے۔ گوجرانوالہ کی ایک چھوٹی سی گلی کی لڑائی، ایک جعلی فیس بک آئی ڈی سے پورے شہر کا فساد بنا دی جاتی ہے۔ ہم تحقیق کیے بغیر، سنے سنائے پر یقین کر کے ایک دوسرے کی عزت اچھال دیتے ہیں۔ یاد رکھیے، جس معاشرے میں رواداری ختم ہو جائے، وہاں پھول نہیں کھلتے، صرف کانٹے اگتے ہیں۔ وہ معاشرہ ترقی نہیں کرتا۔ آج دنیا کی ترقی یافتہ قوموں کو دیکھ لیں۔ امریکہ، کینیڈا، یورپ میں سینکڑوں قومیں، مذاہب، زبانیں ایک ساتھ رہتی ہیں، اسی لیے وہ آگے ہیں۔ کیونکہ انہوں نے یہ سیکھ لیا ہے کہ اختلاف رائے کو ختم نہیں کرنا، اس کے ساتھ جینا سیکھنا ہے۔ گوجرانوالہ جیسے صنعتی اور محنتی شہر کو پرامن بقائے باہمی کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ یہاں کی فیکٹری میں کام کرنے والا مزدور شیعہ بھی ہے، سنی بھی، دیوبندی بھی، بریلوی بھی، مسیحی بھی۔ اگر وہ آپس میں دست و گریبان ہوں گے تو پہلوانوں کے اس شہر کی پہچان کمزور ہو جائے گی۔ پرامن بقائے باہمی کیسے ممکن ہے؟ 1۔ تعلیم میں تربیت: ہمارے سکولوں میں بچوں کو صرف کتابیں نہیں، ایک دوسرے کا احترام کرنا سکھانا ہو گا۔ استاد کو بتانا ہوگا کہ تمہارے کلاس فیلو کا عقیدہ تم سے مختلف ہوسکتا ہے، لیکن وہ تمہارا بھائی ہے۔ 2۔ ممبر ومحراب کا کردار: مسجد کے امام، مندر کے پنڈت اور چرچ کے پادری سب کو اپنے اپنے پیروکاروں کو انسانیت کا درس دینا ہوگا۔ جمعہ کے خطبے میں صرف اپنے مسلک کی نہیں، پورے محلے کی خیر کی بات ہونی چاہیے۔ 3۔ قانون کی حکمرانی: جب تک بااثر اور بے اثر کے لیے قانون ایک نہیں ہوگا، بقائے باہمی کا خواب پورا نہیں ہو گا۔ ریاست کو ماں جیسا کردار ادا کرنا ہوگا۔ 4۔ اپنے گھر سے آغاز: سب سے آسان حل۔ آج اپنے محلے میں کسی ایسے شخص کو سلام کریں جس سے آپ کا سیاسی یا مسلکی اختلاف ہے۔ اس کی خوشی غمی میں شریک ہوں۔ یقین کریں، نفرت کی یہ دیوار آپ کے ایک سلام سے گر جائے گی۔ آخر میں صرف اتنا کہوں گا کہ میری چھت والا وہ موتیے کا پھول مجھے یہی سکھاتا ہے۔ اس کے پاس گیندے کا پودا ہے، گلاب کا بھی۔ رنگ الگ، خوشبو الگ، لیکن ایک ہی مٹی میں، ایک ہی دھوپ میں، ایک دوسرے کے سائے میں کھڑے ہیں۔ کسی کو کسی سے جھگڑا نہیں۔ اگر پھول ایک دوسرے کے ساتھ رہ سکتے ہیں تو ہم اشرف المخلوقات کیوں نہیں؟ آیئے آج عہد کریں کہ ہم گوجرانوالہ کو، اور اس پاکستان کو نفرت کا نہیں، محبت اور پرامن بقائے باہمی کا گہوارہ بنائیں گے۔ کیونکہ پاکستان سب کا ہے۔

بدلے ہوئے لگتے ہیں
اب موسموں کے رنگ...

شفون کے فینسی ملبوسات ہوئے فیشن میں ان



موسم تبدیل ہوتے ہی نت نئے کپڑوں کے ڈیزائن مارکیٹ میں آنا شروع ہو جاتے ہیں، مختلف ڈیزائنر کے کپڑے اور منفرد فیشن ایبل لباس سب کو پسند آتے ہیں۔ ہندوستان میں گزشتہ چند سالوں میں کپڑوں میں، پرنٹ، کڑھائی اور کٹ ورک سے ان میں تبدیلی تو کر دی جاتی ہے لیکن پھر بھی ان کا استعمال آپ تقریبات میں نہیں کر سکتی ہیں۔ خواتین کی اس مشکل کو مدنظر رکھتے ہوئے فیشن شفون متعارف کروا دی گئی ہے۔ جس کے مختلف ڈیزائنز اور رنگ نہایت خوبصورت ہیں۔ جس کا استعمال آپ عام دنوں کے علاوہ مختلف تقریبات میں بھی کر سکتی ہیں۔ فینسی شفون اب خواتین کی ضرورت کو پورا کرتا نظر آ رہا ہے۔ جہاں یہ لباس ایک طرف ڈیزائن میں بنارسی کام کے خوبصورت تراشی ہوئے ہوتے ہیں وہیں دوسری طرف آرام دہ خصوصیت کو مدنظر رکھتے ہوئے بھی تیار کیے گئے ہیں۔

دراصل انسان نے ہر موسم کے ساتھ ایک دلچسپ، معکوس رشتہ قائم کر رکھا ہے۔ کبھی بے سبب چہکنے اور موج میں آنے کا یہ جواز پیش کیا جاتا ہے کہ باہر کا موسم خوشگوار ہے، جس نے قلب و جاں کو مستانہ کر دیا، تو کبھی سرد راتوں میں خزاں رسیدہ آہیں بھرنے کا الزام موسم کے سر ڈال دیا جاتا ہے کہ جس کے تغیر نے امنگوں بھرا دل مایوسی کی نذر کر دیا۔ دراصل، حضرتِ انسان نے خود کو ہر حال میں ''تخلیقِ ندرت'' کے سانچے میں سجانے کی جو عادت پائی ہے، اس کے سبب وہ ہمیشہ اپنے لیے رعایت ہی ڈھونڈتا ہے، خواہ اس کے لیے موسم ہی کو کیوں نہ قربانی کا بکرا ٹھہرا دیا جائے۔ حالانکہ سچ تو یہ ہے کہ موسم ہمارے دل کو لبھانے کے لیے نہیں، بلکہ قدرت کے مقرر کردہ سائنسی اصولوں کے تحت وجود میں آتے ہیں اور اپنے اسی وجود کے ساتھ جلوہ گر رہتے ہیں۔ مگر انسان کا موسموں کے ساتھ یہ رومانس شاید اسی فطرت کا عکس ہے، جو ہر فانی شے سے دل لگانے کی عادی ہے۔ موسم کی بدلتی اداؤں نے یوں ہی تو نہیں، خلقت کے دل اپنے اسیر کر رکھے! تو چلیں، اب کے موسموں اور رتوں سے بیر باندھنے کے بجائے، سرما اور خزاں کے بدلتے رنگوں اور روپ سے دوستی کر کے مختلف تقریبات کے لیے کچھ حسین و رنگین ملبوسات کا اہتمام و انتخاب کرتے ہیں۔ شفون کے ملبوسات جہاں کٹ ورک کے خوبصورت اور نازک پہلوؤں کو سمیٹے ہوئے ہیں، وہیں انتہائی آرام دہ بھی ہیں...

میکسی، جس کے دامن اور گلے پر زردوزی کا کام ہو تو شاندار لک دیتی ہے۔ شفون کے گہرے سیاہ رنگ پر اگر سیاہ ہی رنگ کی سلک ایمبرائیڈری اور ستارے کا کام ہو، تو یہ رنگ سردیوں کی رنگین محفلوں میں آپ کے لباس کو ساحرانہ بنا دیتا ہے۔ بالخصوص رات کی کسی بھی تقریب کے لیے یہ ایک آئیڈیل انتخاب ہے۔ خواتین کو ہمیشہ سے ہی خوبصورت اور نئے نئے ملبوسات کی خریداری کا شوق ہوتا ہے، اور سردیوں کے دنوں میں ڈیزائنرز کے تیار کردہ دیدہ زیب ملبوسات متعدد خواتین کی توجہ کا مرکز بن جاتے ہیں۔ فیشن کی دنیا میں نئے ڈیزائنرز ایک سے بڑھ کر ایک ملبوسات کے ساتھ سامنے آ رہے ہیں، اور ہر ہفتے نئی کلیکشن لوگوں کی توجہ کا مرکز بن جاتی ہے...

اس موسم میں کسی بھی تقریب کے لیے اگر آپ بنارسی ٹراؤزر کے ساتھ ڈبل لیئر قمیض پہنیں تو آپ کی شخصیت بہت ہی خوبصورت لگے گی۔ اگر قمیض کا اندرونی حصہ بنارسی ہے اور اوپر خالص شفون کا ہے، جس کے دامن اور گلے پر زردوزی کا کام ہو، اور ساتھ ٹیل اسٹائل میں ڈبل ایمبرائیڈڈ فرنٹ اوپن کٹ پہنیں تو آپ کی سج دھج ایسی ہوگی کہ سب دیکھتے رہ جائیں گے۔ اسی طرح گولڈن براؤن شیڈ میں بنارسی ڈھاکہ پاجامے کے ساتھ اگر کام دار قمیض ہو تو بہت خوشگوار تاثر دے گی۔ اس کے علاوہ آرگنزا کے براؤن رنگ میں بنارسی ٹراؤزر کے ساتھ زردوزی اور کٹ ورک کی کام دار شفون ہو تو کیا ہی بات ہے!

اسی طرح چکن کاری میں قدرے بھاری گھیر والی ٹیل لیئر فراک کا اثر یقیناً بہت شاندار ہوتا ہے۔ ایک اور شیڈ میں بنارسی ٹراؤزر کے ساتھ پیور شفون پر ایمبرائیڈڈ قمیض اور کٹ ورک سے آراستہ پینل بھی خوب بہار دکھاتے ہیں، ویسے بھی رات کی تقریبات میں سجنے سنورنے کے انداز پورے جوبن پر ہوتے ہیں۔ شفون کی سرخ اور رائل بلیو رنگ کی میکسی، جس میں موتی، ستارے اور زردوزی کا کام نمایاں ہو، شاندار لک دیتی ہے۔ اگر آپ کے لباس پر موتیوں اور رنگوں کا دلکش کام ہو اور ساتھ ہی فرنٹ اوپن شرٹ کے ساتھ بھرا ہوا کام دار دوپٹہ ہو، تو یہ انتخاب بھی لاجواب ہے۔ اسی طرح طلائی رنگ کے بنارسی ٹراؤزر کے ساتھ بوتل گرین رنگ کی قمیض اور دوپٹے کے حسن و جاذبیت کے بھی کیا ہی کہنے! جب کہ دوسری جانب، سرخ بنارسی اسٹریٹ ٹراؤزر اور نیوی بلیو کام دار قمیض کے ساتھ گولڈن زردوزی سے آراستہ دوپٹہ بھی بہت ہی حسین اور دلفریب معلوم ہوتا ہے۔

تو ہم آپ کو یہی مشورہ دیں گے کہ آج ہی اپنی الماری میں موسم کی عین مناسبت سے کچھ خوش نما، جدید اور دھماکے دار پیراہن کا اضافہ کیجئے۔

ویسے بھی لباس محض موسم سے بچنے کا ذریعہ نہیں، بلکہ یہ کسی بھی انسان کی شخصیت کا پہلا تعارف ہوتا ہے۔ جب کوئی شخص ہم سے ملتا ہے، تو گفتگو سے پہلے ہمارا لباس ہی ہماری پسند، ذوق اور شخصیت کا نقشہ کھینچتا ہے، پھر لباس ہمارے وقار اور تہذیب کی بھی آئینہ داری کرتا ہے۔ یہ نہ صرف ہمیں موسموں کی سختیوں سے محفوظ رکھتا اور جسم و جاں کو سکون و راحت بخشتا ہے، بلکہ ہمارے طرزِ حیات کا بھی بہترین عکاس ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں موسمِ سرما کے آغاز ہی سے بازاروں میں ہلکے، نرم اور خوش رنگ کپڑوں کی ایک بہار سی آ جاتی ہے۔ ہندوستانی شفون، لینن اور کاٹن کا تو شاید پوری دنیا میں کوئی نعم البدل ہی نہیں۔ اس کی نزاکت، نرمی اور اعلیٰ معیار اپنی مثال آپ ہے۔ بایں ہمہ، ہمارے کپڑے کی نفاست میں ایک منفرد تنوع بھی ہے۔ ایسا نہیں کہ دیگر ممالک کے لوگ کام نہیں کر رہے، دنیا بھر میں ایک سے بڑھ کر ایک کپڑا بنایا اور چنا جا رہا ہے، مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ جس معیار کی نرم و ملائم شفون ہندوستان میں دستیاب ہے، وہ بے مثال اور منفرد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سال سردیوں کے آغاز ہی سے خواتین شفون کے نت نئے اور بیش بہا ڈیزائنز، اور ایک سے بڑھ کر ایک رنگ و انداز کے استعمال کے لیے کمر کس لیتی ہیں۔ فینسی شفون ہماری تہذیب و ثقافت کا آئینہ دار ہے جس میں عمومی انداز کے ساتھ ساتھ ہمیشہ کچھ نہ کچھ جدت و ندرت لائی جاتی رہی ہے۔ کبھی گھیر دار قمیصوں کے ساتھ پٹی دار شلواریں، ٹراؤزر کے ساتھ قمیض یا فراک، لانگ شرٹ کے ساتھ اسٹریٹ ٹراؤزر، اور بنارسی پاجاموں کے ساتھ ترچھی کٹ والا فراک فیشن کا حصہ رہے ہیں، تو ان دنوں شلوار اور لانگ شرٹ بھی فیشن میں خوب ''اِن'' ہیں۔ اور جب یہ بھانت بھانت کے خوبصورت رنگ و انداز ہندوستانی شفون سے تیار ہوں، تو پہننے کا لطف دوبالا نہیں، بلکہ سہ بالا ہو جاتا ہے۔

☆☆☆

مہندی بالوں میں لگانا کیسا ہے؟

عام طور پر ہاتھوں اور پیروں کی دلکشی بڑھانے کیلئے مہندی لگائی جاتی ہے۔ بالوں کو قدرتی رنگ دینے کیلئے بھی مہندی لگائی جاتی ہے۔ چونکہ مہندی کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے اس لئے گرمی کے موسم میں مہندی لگانے سے سر کو ٹھنڈک پہنچتی ہے۔ ساتھ ہی بالوں میں چمک بھی آتی ہے۔ بالوں میں مہندی لگانے کے چند فائدے:

گھنے اور لمبے بال: بالوں میں مہندی لگانے سے وہ صحت مند، چمکدار اور گھنے ہوتے ہیں۔ ساتھ ہی ان کی صحت بہتر ہوتی ہے۔

بالوں کو گرنے سے بچائے: مہندی اور سرسوں کا تیل ملانے سے بالوں کے گرنے کے مسئلے میں کمی لائی جا سکتی ہے، ڈھائی ملی لیٹر سرسوں کے تیل کو اُبال لیں، اس میں مہندی کے چند پتوں کو ملائیں اور مزید اُبالیں، اس تیل کی مالش ہفتے میں دو سے تین بار سر پر کریں۔

بالوں کو چمکدار اور حسین بنائے: مہندی بالوں کیلئے بہت اچھا کنڈیشنر ہے، یہ بالوں پر ایسی حفاظتی تہہ بنا دیتی ہے جو مٹی یا آلودگی کے نقصانات سے بچاتی ہے۔ مہندی میں موجود اجزاء بالوں کو خشک ہونے، نقصان پہنچنے اور دیگر نقصانات سے بچاتے ہیں، جبکہ اس سے بال بھی چمکدار ہو جاتے ہیں۔

بالوں کو رنگنے کے کام آئے: اگر آپ اپنے بالوں کو نقصان پہنچائے بغیر رنگنا چاہتی ہیں تو مہندی ہی اس کا بہترین حل ہے، اس میں کسی قسم کے امائنو ایسڈ نہیں ہوتے اور نہ ہی کیمیکل جو بالوں کی نمی کو ختم کر کے انہیں بے جان اور روکھا بنا دیتے ہیں۔ گرم پانی میں دو چمچ خشک آملہ، ایک چمچہ پتی کے ساتھ مہندی کو شامل کر کے اس کا پیسٹ بنا کر سر پر دو گھنٹے تک لگا رہنے دیں، آپ کے بالوں کی سفیدی سیاہ چمکدار رنگت میں تبدیل ہو جائے گی۔

خشکی سے بچائے: مہندی خشکی سے نجات دلانے میں مدد کرتا ہے۔ میتھی کے دانوں کو ایک یا 2 چمچے پانی میں رات بھر بھگو کر رکھیں اور صبح انہیں پیس لیں۔ سرسوں کا تیل اور مہندی کے پتے گرم کریں اور ٹھنڈا کرنے کے بعد میتھی دانوں کا پیسٹ اس میں شامل کر لیں اور پھر بالوں میں ایک گھنٹے تک لگا رہنے دیں اور اس کے بعد نہا لیں، خشکی مکمل ختم ہو جائے گی۔

گرمی کے موسم میں مہندی میں ملائی جانے والی اشیاء:

دہی: گرمیوں میں بالوں میں مہندی لگانے کے لئے مہندی پاؤڈر میں دہی ملا سکتے ہیں۔ اس میں لیکٹک ایسڈ اور پروٹین ہوتا ہے۔ یہ سر پر جمی گندگی اور زائد تیل کو ہٹانے میں مدد کرتا ہے۔ اس کے علاوہ بال نرم و ملائم ہوتے ہیں۔

ایلوویرا جیل: مہندی پاؤڈر کے ساتھ ایلوویرا جیل بھی شامل کر سکتے ہیں، اس میں موجود اجزاء سر کو ٹھنڈک پہنچاتے ہیں۔

آملہ پاؤڈر: مہندی میں آملہ پاؤڈر ڈال کر بالوں میں لگانے سے کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ آملہ میں موجود وٹامن سی اور اینٹی آکسیڈینٹس ہوتے ہیں جن سے بال مضبوط ہوتے ہیں۔

☆☆☆

ٹیکا، جھومر اور ماتھا پٹی

شادی بیاہ کی تقریبات ہوں یا ہمارے خوشیوں بھرے تہوار عید اور بقر عید کپڑوں سے لے کر جیولری کی خریداری بہت دل لگا کر کی جاتی ہے۔ جدید فیشن نے جہاں لباس کو نئی ندرت بخشی وہیں ڈیزائنرز کی انتھک محنت سے زیورات میں بھی نئی جدت سامنے لائی گئی۔ زمانہ قدیم سے صنف نازک اپنے حسن کو چار چاند لگانے کیلئے خود کو زیورات سے مزین کرتی چلی آ رہی ہیں۔ ویسے تو سر سے پیر تک پہنے جانے والے گہنوں کی مختلف اقسام ہیں تاہم جیولری کی ابتدا سر اور ماتھے کو سجانے سے کی جاتی ہے۔ ان میں ٹیکا، جھومر اور ماتھا پٹی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ ایک زمانے میں یہ گہنے صرف دلہنوں اور سہاگنوں کیلئے مخصوص سمجھے جاتے تھے تاہم گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ جہاں دوسرے رسم و رواج میں تبدیلی لائی گئی۔ وہیں فیشن کی دنیا میں ایک نئی ہلچل مچی اور ماڈلز کی دیکھا دیکھی دوسری لڑکیوں بالوں نے بھی خاص خاص موقعوں پر ٹیکا، جھومر اور ماتھا پٹی لگانا شروع کر دی۔ خاص طور پر مہندی، مایوں، شادی کی تقریب میں شام کی دعوت یا تہوار میں ہونے والی بڑی دعوتوں میں خواتین کے علاوہ لڑکیاں بھی اپنے سوٹ کی مناسبت سے ان زیورات کو شوق سے پہنتی ہیں کوئی ٹیکا لگاتا ہے تو کوئی چھوٹی سی بندیا پسند کرتا ہے، کسی لڑکی نے اپنے گنوں سے مرصع سوٹ پر صرف جھومر لگانے پر اکتفا کیا ہوتا ہے۔ ماتھا پٹی بھی روایتی انداز سے ہٹ کر جدید فیشن میں تبدیل ہو گئی ہے

ٹیکا وہ زیور ہے جو ماتھے پر سجایا جاتا ہے۔ پہلے یہ صرف سونے اور چاندی سے ہی بنائے جاتے تھے، خاص طور پر چاند ستارے اور لالٹین کا دلہنوں کے لئے مخصوص ہوتا تھا۔ تاہم آجکل تو آرٹیفیشل ٹیکے بھی بہت خوبصورت اور دیدہ زیب ڈیزائن میں دستیاب ہیں۔ یہ مختلف نگوں سے مزین عموماً جڑاؤ پسند کیے جاتے ہیں۔ موتیوں اور کرسٹل کی جھالریں بھی نفاست سے لٹکائی جاتی ہیں۔ آج کل گول بڑی سی نگی والی بندیا پسند کی جا رہی ہے جو خاص طور پر بیضوی چہرے یا چوڑے ماتھے پر بہت اچھی لگتی ہیں۔

ماتھا پٹی کا فیشن دوبارہ رائج ہو گیا ہے۔ ماضی میں ماتھا پٹی صرف دلہنوں یا شادی شدہ خواتین ہی لگایا کرتی تھی۔ تاہم اب روایتی انداز سے ہٹ کر ان میں اس طرح سے نزاکت پیدا کر دی گئی ہے کہ اسے لڑکیاں بھی لگانا پسند کر رہی ہیں۔ انڈین اسٹائل کی ماتھا پٹی میں نگینوں، پوکی اور کندن کا کام بڑا نفیس دکھائی دیتا ہے، جو مشرقی انداز کے شرارے، انگرکھے، انارکلی چوڑی دار اور ڈھاکا پاجامے، اپر کوٹ یا لانگ ٹیل شرٹ کے ساتھ میچنگ اور کنٹراسٹ ہر صورت میں نئے پن کا احساس دلاتی ہیں۔

اس سال فانوس کی طرح لٹکنے والے جھومر کو بھی فیشن کی دنیا میں خاص پذیرائی حاصل ہوئی۔ شام کی تقریب میں لڑکیاں بالوں کو ایک سائیڈ پر بنوا کر جب ان پر جھومر فکس کرواتی ہیں تو بہت منفرد دکھائی دیتی ہیں۔ زیورات بنانے والوں کی انتھک کوششوں نے جدید فیشن اختیار کرنے والوں کے لئے جیولری میں جو نئے تجربے کیے اس کا فائدہ ان خواتین اور لڑکیوں کو بھی پہنچا جو سونا مہنگا ہونے کی وجہ سے مصنوعی زیورات پر انحصار کرنے لگی ہیں۔ آرٹیفیشل زیورات کو ایک منفرد انداز بخشا گیا ہے۔ ان کا غیر روایتی انداز اپنے اندر ایک نیا پن لئے ہوئے ہے۔

☆☆☆



ہانیہ عامر عاصم اظہر کی نئی ریل پر کمنٹ کرنے سے خود کو نہ روک سکیں، مداح حیران

پاکستان کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے گلوکار عاصم اظہر کی نئی ویڈیو پر کامنٹ کر کے ایک بار پھر سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر لی۔ عاصم اظہر نے حال ہی میں انسٹاگرام پر اپنے والد کے ہمراہ ایک دلچسپ ریل شیئر کی، جس پر ہانیہ عامر بھی ردعمل دیے بغیر نہ رہ سکیں۔ اداکارہ نے ویڈیو کے کمنٹ سیکشن میں 'اسکریمنگ، آئی کانٹ' لکھا، جس کا مطلب ہے کہ وہ یہ ویڈیو دیکھ کر انتہائی خوش ہوئیں۔ واضح رہے کہ ہانیہ عامر اور عاصم اظہر ماضی میں اپنے قریبی تعلقات کے باعث خبروں میں رہ چکے ہیں، یہی وجہ ہے کہ دونوں کی سوشل میڈیا پر ہونے والی سرگرمیاں اکثر مداحوں کی توجہ حاصل کر لیتی ہیں۔





بقیہ سحر 1

کریں کہ امام صاحب ہفتہ میں کتنی نمازیں پڑھاتے ہیں آپکو پتہ چل جائے گا انکوائری مسجد کے معززین نمازیوں سے پوچھا جائے۔

بقیہ سحر 2

میلاد ویلفیئر آرگنائزیشن کے صدر محمد وسیم عطاری، بگ چیرٹی ویلفیئر آرگنائزیشن کے صدر مختار احمد، قانون دان محترمہ سائرہ بوبی گھمن ایڈووکیٹ، سماجی راہنما ملک ابرار حسین، راجہ توفیق اللہ، چوہدری موسیٰ اشفاق، حاجی محمد اشرف، رانا بلال الیاس، سیٹھ حبیب اللہ، خواجہ عامر رشید، محمد عثمان، نجیب بٹ اور مختلف سماجی تنظیموں کے نمائندگان/سول سوسائٹی شامل تھے۔ اشفاق نذر نے بتایا کہ صارفین اشیائے ضروریہ اور سروسز کے معیار، مقدار اور قیمتوں سے متعلق اپنی شکایات ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن کونسل یا کنزیومر پروٹیکشن ایپ کے ذریعے آن لائن درج کر سکتے ہیں، جن پر بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ خریداری سے قبل دکان پر آویزاں ریٹ لسٹ کا لازمی جائزہ لیا جائے اور خریدی گئی اشیاء یا حاصل کی گئی سروسز کی باقاعدہ رسید ضرور حاصل کی جائے، کیونکہ رسید شکایت کے اندراج کے لیے قانونی ثبوت کی حیثیت رکھتی ہے۔ ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنا، پیکنگ پر اجزائے ترکیبی، تیاری اور معیادِ استعمال درج نہ ہونا اور رسید فراہم نہ کرنا قانوناً جرم ہے، جس پر ایک ہزار روپے سے لے کر ایک لاکھ روپے تک جرمانہ اور دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ آخر میں مقررین نے کہا کہ حکومتِ پنجاب نے تحفظِ صارف اور فوڈ سیفٹی سے متعلق قوانین نافذ کر دیے ہیں، اب عوام الناس کی عملی شراکت سے ہی صارفین کے حقوق کا مؤثر تحفظ ممکن ہے۔

بقیہ سحر 3

پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے اور یونین کونسل کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی خدمت کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ نواب بلال حیدر خان سیال کا مزید کہنا تھا کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہوگی اور وہ اپنے علاقے کے لوگوں کو کبھی مایوس نہیں کریں گے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ برادری اور عوام کی خدمت کے لیے ان کے ڈیرے کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں اور وہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور خدمت کے لیے حاضر رہیں گے۔ سیال برادری کی متفقہ نامزدگی اور بلوچ برادری کی حمایت کے اعلان کے بعد یونین کونسل 06 داؤد شاہ، جھنگ سٹی میں نواب بلال حیدر خان سیال کی امیدوارکی حیثیت سے سرگرمیاں اہمیت اختیار کر گئی ہیں۔

بقیہ سحر 4

مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی ماحول، صفائی ستھرائی، حاضری اور انتظامی معاملات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے طلبہ کے لیے دستیاب سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور سکول کے انتظامی امور کو مؤثر انداز میں جاری رکھنے کے حوالے سے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔

بقیہ سحر 5

اور تعلیم کی سہولیات، بیوٹیفکیشن سکیمز سمیت عوامی سہولت کے منصوبوں پر پیش رفت بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ایم این اے چوہدری ندیم عباس ربیرہ نے کہا کہ پی ڈی پی پروگرام علاقائی ترقی کی جانب اہم قدم ہے۔ منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے کام کی رفتار کو تیز کیا جائے۔ کوالٹی میٹریل سے دیرپا منصوبوں کو ٹائم لائنز کے مطابق مکمل کرنے کے لیے اقدامات ضروری ہیں۔ ایم این اے چوہدری ندیم عباس ربیرہ نے کہا کہ عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ستھرا پنجاب ٹیمیں تواتر سے کام جاری رکھیں۔ محکمہ ٹریفک پولیس روڈ ٹریفک چالانز میں نرمی برتے اور اس سلسلے میں عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ تمام محکمے فلاح عامہ کے اقدامات میں عوامی نمائندوں سے کوآرڈینیشن کو فروغ دیں۔ سرکاری اسکولوں اور ہسپتالوں کی جاری سکیمز کو پایا تکمیل تک پہنچانے کے لیے اقدامات کے ساتھ ساتھ مختلف ترقیاتی منصوبوں میں عوامی نمائندوں کو بھی آن بورڈ لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی سہولت سب سے مقدم ہے اور اس سلسلہ میں عوام کو سہولیات اور ریلیف کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

بقیہ سحر 6

تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسکولوں کالجوں اور دیگر تعلیمی اداروں سمیت مدارس میں بچیوں کے ساتھ نامناسب رویے ہراسانی یا کسی بھی قسم کی بدسلوکی کی شکایات کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے ہر بچی کو یہ اعتماد حاصل ہونا چاہیے کہ وہ اپنے تعلیمی ادارے میں محفوظ ہے اور اگر اسے کسی نامناسب رویے کا سامنا کرنا پڑے تو اس کی شکایت سنی جائے اور شفاف طریقے سے کارروائی کی جائے تعلیمی اداروں کی انتظامیہ اساتذہ اور والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچیوں کے لیے ایسا محفوظ ماحول یقینی بنائیں جہاں وہ خوف کے بجائے اعتماد کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکیں

بقیہ سحر 7

دبا کر قتل کیا اور لاش فصل میں چھپا دی۔ ملزم کے ہاتھوں اور بازوؤں پر دانتوں کے نشانات اور مزاحمت کے آثار تفتیش میں اہم کڑی ثابت ہوئے۔

بقیہ سحر 8

یقینی بنانے کے لیے ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 9

ملکہ ہانس پاکپتن نے خواتین کے زیادہ سے زیادہ شناختی کارڈز بنوانے پر زور دیا تاکہ خواتین گورنمنٹ کی سہولیات سے محروم نہ رہیں اور الیکشن میں بھی اپنی رائے کا اظہار کر سکیں اور الیکشن میں بھی حصہ لے سکیں۔

بقیہ سحر 10

ٹریفک کے باعث بازاروں میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ پارکنگ سٹینڈ سے بازاروں میں ٹریفک کی روانی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ چوہدری ریاض الحق جج نے کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر پارکنگ سٹینڈ کا ٹھیکہ انتہائی مناسب قیمت میں دیا گیا ہے۔ پارکنگ سٹینڈ میں گاڑیوں کی حفاظت کے لیے موثر میکانزم وضع کیا گیا ہے۔ شہریوں کے ساتھ ساتھ تاجروں کو بھی گاڑیوں کو کھڑا کرنے کے لیے پارکنگ سٹینڈ میں آسانی میسر ہوگی

بقیہ سحر 11

اس غیر اخلاقی اور سوقیانہ رویے کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ جن رہنماؤں کی اپنی تاریخ قانونی شقوں کی آڑ میں راہِ فرار اختیار کرنے سے بھری پڑی ہو، انہیں زیب نہیں دیتا کہ وہ اخلاقیات کے منبر پر بیٹھ کر دوسروں کا احاطہ کریں۔ انہیں چاہیے کہ وہ دوسروں پر طنز کرنے کے بجائے اپنے ماضی پر نظرثانی کریں اور عوامی میدان میں مثبت و سنجیدہ طرزِ عمل اختیار کریں۔

بقیہ سحر 12

پر مبنی تفتیش اور مؤثر پیروی سے متاثرہ بچی کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں گے ڈی پی او

بقیہ سحر 13

جائے اور مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہترین سروسز کی فراہمی اور ان کے مسائل کے بروقت ازالے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ سحر 14

سزا دلوا کر متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ سحر 15

اشتہاری نکلا برآمد شدہ بھینس ٹھٹھہ منصور کے رہائشی مالک ہاشم کے حوالے کر دی گئی شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا

بقیہ سحر 16

فروغ دینے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کو خودمختار بنانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے موجودہ دور میں کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان محنت لگن دیانت داری اور بہتر کاروباری منصوبہ بندی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ کاروبار کو ترجیح دے کر نہ صرف اپنی معاشی حالت بہتر بنائی جا سکتی ہے بلکہ ملکی ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 17

اور معیاری علاج کی فراہمی یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 18

اشرف سمیت دیگر منتخب نمائندے اور ڈی پی او سیالکوٹ دوست محمد شریک ہوئے۔ رکن صوبائی اسمبلی حنا ارشد وڑائچ نے کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور کوالٹی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے اور اراکین قومی اور صوبائی کو انکے حلقے میں موجود تمام ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں ہر مرحلہ میں اگاہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت صوبہ میں ہر شعبہ میں بہتری اور ترقی کیلئے اقدامات کئے ہیں۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے فورم پر ضلعی سطح کے مختلف امور، عوامی مسائل اور متعلقہ محکموں کی کارکردگی سے متعلق معاملات زیر غور آئے۔ شرکاء نے امن و امان کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی عملداری اور امن و امان برقرار رکھنے کے حوالے سے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں منتخب نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا گیا تاکہ عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل کے لئے اقدامات اور مختلف محکموں کے مابین تعاون کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ اس موقع پر اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ عوامی فلاح و بہبود سے متعلق معاملات کو باہمی مشاورت کے ذریعے آگے بڑھایا جائے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے۔

بقیہ سحر 19

ایشن رائے نجیب اللہ سمیت مختلف ہائی سکولز کے سربراہان بھی موجود تھے جنہوں نے ملک ممتاز علی کو پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سی ای او ایجوکیشن اتھارٹی شفقت محمود نے کہا کہ ملک ممتاز علی کی بطور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری ہیڈکوارٹر تعیناتی خوش آئند ہے جس سے ضلعی محکمہ تعلیم کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی، بعد ازاں صدر ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن رائے نجیب اللہ کی قیادت میں سکول سربراہان نے سی ای او ایجوکیشن اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے ملاقات کی انہیں ہائی سکول کے مسائل سے آگاہ کیا جس پر ایجوکیشن آفیسرز نے فوری حل کرنے کی یقین دہانی کروائی، وفد میں محمد ارشد وٹو، اسماعیل نذیر وسیر، افتخار احمد، فریاد علی، محمد ندیم، فاروق احمد، محمد شرجیل اور دیگر شامل تھے۔

بقیہ سحر 20

محکمہ پولیس کی بدنامی کا باعث بننے والوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔

بقیہ سحر 21

کا ریکارڈ مرتب کرنے اور متعلقہ معلومات تک رسائی میں آسانی پیدا ہو سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ نئے صنعتی یونٹس کے قیام، زمین سے متعلق معاملات اور این او سیز کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لئے ہیلپ ڈیسک اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کاروبار دوست پالیسی کے مطابق ایز آف ڈوئنگ بزنس کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ سرمایہ کاروں کو ایک مربوط نظام کے تحت رہنمائی فراہم کی جا سکے اور صنعتی و تجارتی سرگرمیوں میں حائل غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈسٹرکٹ آفیسر انوائرنمنٹ سمیت متعلقہ محکمے ماحولیاتی قوانین اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق کارروائی کریں گے، جبکہ صنعتکاروں کے ساتھ مؤثر رابطہ برقرار رکھتے ہوئے قانونی تقاضوں اور کاروباری سہولت کے درمیان توازن قائم رکھا جائے گا۔ اجلاس میں شہر کے ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنانے کے لیے ٹریفک مینجمنٹ اور ٹائپوگرافی سروے کے تحت شہر کے 15 اہم چوکوں اور پوائنٹس کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کی اہمیت، ٹریفک کے دباؤ اور زمینی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے مرحلہ وار بہتری کے اقدامات کئے جائیں گے۔ ان مقامات پر ٹریفک کی روانی، شہریوں کی آمدورفت اور سڑکوں کے بہتر استعمال کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹرنز، لین ڈیزائن اور دیگر ٹریفک انجینئرنگ اقدامات کو مؤثر اور قابلِ عمل بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کی مشاورت ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہر کی خوبصورتی، اہم مقامات کی بہتری اور شہری سہولیات کے فروغ پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی معززین کی آمدورفت اور اہم سرکاری و عوامی مقامات کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے لینڈ مارکس کی بہتری ضروری ہے، تاہم بعض مقامات پر زیادہ رش اور سیکیورٹی سے متعلق تقاضوں کو بھی پیش نظر رکھنا ہوگا۔ اس سلسلے میں اہم مقامات کی تزئین و آرائش، نمایاں شناخت اور مجموعی شہری منظرنامے کو بہتر بنانے کے لیے قابلِ عمل تجاویز پر کام کیا جائے گا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین، میونسپل کارپوریشن اور ضلع کونسل کے امور بھی دیکھ رہے ہیں، متعلقہ شہری سہولیات اور بلدیاتی اقدامات میں معاونت فراہم کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ، ایوانِ صنعت و تجارت اور متعلقہ محکموں کے درمیان مسلسل رابطے کے ذریعے صنعتکاروں کے مسائل کا بروقت حل، صنعتی ترقی کے لئے سازگار ماحول اور شہری انتظامی امور میں بہتری لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کے ساتھ مشاورت، مربوط انسپکشن نظام، آسان اجازت ناموں اور بہتر شہری سہولیات کے ذریعے سیالکوٹ کی صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کو مزید مستحکم کرنے کے لئے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ سحر 22

ٹیمیں جائے وقوعہ اور ملزمان کے ممکنہ آمدورفت کے راستوں پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیجز کا جائزہ لے رہی ہیں، جبکہ متاثرہ شہری کے بیان اور دستیاب شواہد کی روشنی میں ملزمان کا سراغ لگایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد نے ہدایت کی ہے کہ تمام دستیاب تکنیکی و انسانی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری اور مسروقہ رقم کی برآمدگی یقینی بنائی جائے۔ واقعے کے تمام پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ سحر 23

کے مکمل خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔

بقیہ سحر 24

اساتذہ کا باقاعدہ پروٹوکول ہے مگر یہاں مختلف طریقوں سے اساتذہ کی تذلیل کی جاتی ہے تعلیمی یا تربیتی غلطی کے دوران بچے کو معمولی سرزنش پر آسمان سر پر اٹھا لیا جاتا ہے۔

بقیہ سحر 25

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں ''ذمہ دار طلبہ، زندگی سے پیار'' پروگرام اور پنجاب سیوک سینس اینڈ لائف اسکلز پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری و نجی سکولوں میں دونوں پروگراموں کا مؤثر نفاذ یقینی بنایا جائے تاکہ طلبہ میں اخلاقی اقدار، سماجی شعور، مثبت رویوں اور عملی زندگی کی مہارتوں کو فروغ دیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ پنجاب سیوک سینس اینڈ لائف اسکلز پروگرام کا بنیادی مقصد طلبہ میں ذمہ داری کا احساس، غور و فکر کی صلاحیت اور عملی زندگی میں مہارتوں کے مؤثر استعمال کا شعور پیدا کرنا ہے۔ طلبہ کو ایسی تربیت فراہم کی جائے جس سے وہ اپنی روزمرہ زندگی میں اچھی عادات اپنائیں اور ایک ذمہ دار شہری کے طور پر اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو صفائی برقرار رکھنے، کوڑا دان استعمال کرنے اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی ترغیب دی جائے۔ وقت کی پابندی، نظم وضبط، ٹریفک قوانین کی پاسداری، سڑک پار کرتے وقت احتیاط اور حفاظتی اصولوں پر عملدرآمد کو بھی ان کی روزمرہ زندگی کا حصہ بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ طلبہ میں کتابوں، سکول کی املاک اور عوامی مقامات کی حفاظت کا شعور اجاگر کیا جائے۔ قطار میں کھڑے ہونے، اپنی باری کا انتظار کرنے اور دوسروں کے حقوق کا احترام کرنے جیسی عادات کو فروغ دیا جائے۔ اسی طرح دوسروں کی مدد، باہمی تعاون، ہمدردی اور ضرورت مند افراد کا خیال رکھنے جیسے مثبت اوصاف بھی طلبہ کی شخصیت کا حصہ بنائے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ ''ذمہ دار طلبہ، زندگی سے پیار'' پروگرام کا مقصد طلبہ میں مثبت رویوں اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کو فروغ دینا ہے۔ بچوں کو محفوظ، صحت مند اور مثبت ماحول فراہم کر کے زندگی کی قدر و اہمیت کا شعور اجاگر کیا جائے۔ گھر، اسکول اور معاشرے میں اچھی عادات اپنانے کی تربیت سے طلبہ کو باکردار، ذمہ دار اور باشعور شہری بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پروگراموں کے مقاصد کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور طلبہ کی عملی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ صفائی، نظم وضبط، ذمہ داری، برداشت اور سماجی تعاون جیسی اقدار ان کی زندگی کا مستقل حصہ بن سکیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ناصر عزیز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کالجز دلاور حسین اور انسپکٹر ٹریفک مبشر حسین موجود تھے ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں ''ذمہ دار طلبہ، زندگی سے پیار'' پروگرام اور پنجاب سیوک سینس اینڈ لائف اسکلز پروگرام پر عملدرآمد کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری و نجی سکولوں میں دونوں پروگراموں کا مؤثر نفاذ یقینی بنایا جائے تاکہ طلبہ میں اخلاقی اقدار، سماجی شعور، مثبت رویوں اور عملی زندگی کی مہارتوں کو فروغ دیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ پنجاب سیوک سینس اینڈ لائف اسکلز پروگرام کا بنیادی مقصد طلبہ میں ذمہ داری کا احساس، غور وفکر کی صلاحیت اور عملی زندگی میں مہارتوں کے مؤثر استعمال کا شعور پیدا کرنا ہے۔ طلبہ کو ایسی تربیت فراہم کی جائے جس سے وہ اپنی روزمرہ زندگی میں اچھی عادات اپنائیں اور ایک ذمہ دار شہری کے طور پر اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو صفائی برقرار رکھنے، کوڑا دان استعمال کرنے اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کی ترغیب دی جائے۔ وقت کی پابندی، نظم وضبط، ٹریفک قوانین کی پاسداری، سڑک پار کرتے وقت احتیاط اور حفاظتی اصولوں پر عملدرآمد کو بھی ان کی روزمرہ زندگی کا حصہ بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ طلبہ میں کتابوں، سکول کی املاک اور عوامی مقامات کی حفاظت کا شعور اجاگر کیا جائے۔ قطار میں کھڑے ہونے، اپنی باری کا انتظار کرنے اور دوسروں کے حقوق کا احترام کرنے جیسی عادات کو فروغ دیا جائے۔ اسی طرح دوسروں کی مدد، باہمی تعاون، ہمدردی اور ضرورت مند افراد کا خیال رکھنے جیسے مثبت اوصاف بھی طلبہ کی شخصیت کا حصہ بنائے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ ''ذمہ دار طلبہ، زندگی سے پیار'' پروگرام کا مقصد طلبہ میں مثبت رویوں اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کو فروغ دینا ہے۔ بچوں کو محفوظ، صحت مند اور مثبت ماحول فراہم کر کے زندگی کی قدر و اہمیت کا شعور اجاگر کیا جائے۔ گھر، اسکول اور معاشرے میں اچھی عادات اپنانے کی تربیت سے طلبہ کو باکردار، ذمہ دار اور باشعور شہری بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پروگراموں کے مقاصد کے حصول کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور طلبہ کی عملی تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ صفائی، نظم و ضبط، ذمہ داری، برداشت اور سماجی تعاون جیسی اقدار ان کی زندگی کا مستقل حصہ بن سکیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ناصر عزیز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کالجز دلاور حسین اور انسپکٹر ٹریفک مبشر حسین موجود تھے۔

بقیہ سحر 26

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت انسداد سموگ سرگرمیوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں انسداد سموگ اقدامات اور حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق انسداد سموگ ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ انسداد سموگ احتیاطی تدابیر بارے عوامی آگاہی مہم چلائی جائے اور مساجد میں اعلانات کے ذریعے شہریوں کو سموگ کے نقصانات اور اس سے بچاؤ کے اقدامات سے آگاہ کیا جائے۔ فصلوں کی باقیات جلانے، غیر معیاری ایندھن کے استعمال اور ٹائر جلانے پر مکمل پابندی پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے۔ فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور دھول مٹی سے بچاؤ کے لیے سڑکوں کے اطراف پانی کا چھڑکاؤ یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بھٹوں کو زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کرایا جائے جبکہ کالا دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں بند کرنے کے ساتھ بھاری جرمانے بھی عائد کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وارننگ کے باوجود انسداد سموگ ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے اور صنعتی یونٹس میں غیر معیاری ایندھن کے استعمال کی ہرگز اجازت نہ دی جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ سموگ ماحولیاتی آلودگی کی ایک اہم شکل ہے، جس کے باعث شہری کھانسی، الرجی اور دیگر سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ سموگ کی روک تھام اور صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے حکومتی اداروں کے ساتھ ساتھ ہر شہری کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انسداد سموگ اقدامات پر مؤثر عملدرآمد کے ذریعے شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات سے محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات علی عمران، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت رانا محمد عارف، ایس این اے منیب احمد اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت انسداد سموگ سرگرمیوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں انسداد سموگ اقدامات اور حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق انسداد سموگ ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ انسداد سموگ احتیاطی تدابیر بارے عوامی آگاہی مہم چلائی جائے اور مساجد میں اعلانات کے ذریعے شہریوں کو سموگ کے نقصانات اور اس سے بچاؤ کے اقدامات سے آگاہ کیا جائے۔ فصلوں کی باقیات جلانے، غیر معیاری ایندھن کے استعمال اور ٹائر جلانے پر مکمل پابندی پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے۔ فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے اور دھول مٹی سے بچاؤ کے لیے سڑکوں کے اطراف پانی کا چھڑکاؤ یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بھٹوں کو زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کرایا جائے جبکہ کالا دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں بند کرنے کے ساتھ بھاری جرمانے بھی عائد کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ وارننگ کے باوجود انسداد سموگ ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے اور صنعتی یونٹس میں غیر معیاری ایندھن کے استعمال کی ہرگز اجازت نہ دی جائے۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ سموگ ماحولیاتی آلودگی کی ایک اہم شکل ہے، جس کے باعث شہری کھانسی، الرجی اور دیگر سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ سموگ کی روک تھام اور صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے حکومتی اداروں کے ساتھ ساتھ ہر شہری کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انسداد سموگ اقدامات پر مؤثر عملدرآمد کے ذریعے شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات سے محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات علی عمران، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت رانا محمد عارف، ایس این اے منیب احمد اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 27

ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر سے چیمبر آف کامرس کے وفد نے ملاقات کی، جس میں ضلع لیہ میں تجارتی، کاروباری اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ سمیت چیمبر آف کامرس کی عمارت کی تعمیر کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر اویس سرور، صدر چیمبر آف کامرس عدنان نہرا، سینئر نائب صدر طاہر خان، خواتین چیمبر آف کامرس لیہ کی نائب صدر رمشا کنول، کنوینئر انٹر پرینیور شپ کمیٹی ایمن نذیر، ایگزیکٹو ممبر غلام کبریٰ، صدر انجمن تاجران اظہر ہانس بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر آصف علی ڈوگر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع لیہ جنوبی پنجاب کے اہم اضلاع میں شمار ہوتا ہے، جہاں تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور نئی صنعتوں کے قیام کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ چیمبر آف کامرس اور تاجر برادری ان مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دیں اور نئی صنعتوں کے قیام کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہے۔ نئے کاروبار کے قیام اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے این او سی، پرمٹ اور لائسنس کے اجراء سمیت قانونی تقاضے پورے کرنے کے عمل میں ہر ممکن آسانی اور معاونت فراہم کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نئی صنعتوں کے قیام اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی معیشت مضبوط ہوگی اور علاقے میں معاشی خوشحالی آئے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت اور کاروباری برادری کے باہمی تعاون سے ضلع لیہ ترقی کی نئی منازل طے کرے گا۔ چیمبر آف کامرس کی عمارت کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ باہمی مشاورت سے عمارت کی تعمیر کے لیے جلد بھرپور اقدامات اٹھائے گی تاکہ کاروباری برادری کو ایک مؤثر پلیٹ فارم میسر آ سکے اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں مزید مدد ملے۔

بقیہ نمبر 1

سمیت مختلف شعبوں میں تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے بحرین کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ دوطرفہ روابط کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے طے شدہ فیصلوں پر عمل درآمد، مشترکہ ورکنگ گروپس اور باقاعدہ رابطوں کے ذریعے پیش رفت یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ بحرین کے وزیر خارجہ نے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا، انہوں نے بحرین کی ترقی اور خوشحالی میں پاکستانی برادری کے کردار کو بھی سراہا، اجلاس کے اختتام پر دونوں وزرائے خارجہ نے اجلاس کے پروٹوکول پر دستخط کیے۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقاتوں میں آبنائے ہرمز کی صورتحال سمیت علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا، بحرین کے وزیرخارجہ نے حالیہ علاقائی بحرانوں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کے سفارتی کردار کو سراہا، اسحاق ڈار نے فلسطین، مقبوضہ جموں و کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغانستان سے لاحق دہشت گردی کے خطرات کے حوالے سے پاکستان کے اصولی مؤقف کو اجاگر کیا۔

بقیہ نمبر 2

سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں جمہوریہ کوریا اور پاکستان پنجاب بحالیاتی انجینئرنگ منصوبے کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت انتہائی خوش آئند ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر حکومت پنجاب اس پراجیکٹ کے حوالہ سے جمہوریہ کوریا سے مکمل تعاون کرے گی۔ یہ معاہدہ جسمانی معذوری، بحالیاتی انجینئرنگ اور علوم صحت کے شعبوں میں بین الاقوامی تعاون کے حوالے سے ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ کورین وفد نے ایک مختصر پریزنٹیشن پیش کی، جس میں میوہسپتال کی مصنوعی اعضا اور آرتھوٹکس ورکشاپ کی تاریخ اور ارتقاء، مصنوعی اعضا کے ذریعے بحالی کے موجودہ تقاضوں اور درپیش چیلنجز، نیز مجوزہ منصوبے کی ضرورت اور اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ وفد نے منصوبے کی مدت، مقاصد اور متوقع نتائج کے بارے میں بھی تفصیلات پیش کیں۔ اس منصوبے پر مجموعی طور پر 40 لاکھ امریکی ڈالر کی مالیت کی گرانٹ فراہم کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت میوہسپتال میں مصنوعی اعضا اور آرتھوٹکس ورکشاپ کی جامع اپ گریڈیشن اور جدید خطوط پر استوار کرنا، جدید ترین آلات کی خریداری اور تنصیب، تربیت یافتہ ماسٹر ٹرینرز کی استعدادِ کار میں اضافے کے لیے جمہوریہ کوریا میں تربیت اور کورین ماہرین کے میوہسپتال کے دوروں کے ذریعے تکنیکی معاونت فراہم کرنا شامل ہے۔ منصوبے کے ابتدائی ہدف کے طور پر تقریباً 800 ایسے افراد کو جدید اور اعلیٰ معیار کے مصنوعی اعضا فراہم کئے جائیں گے جن کے جسمانی اعضا کسی وجہ سے کاٹنے پڑے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد نہ صرف جدید مصنوعی اعضا اور بحالی کی سہولیات تک رسائی بہتر بنانا ہے بلکہ مقامی سطح پر مصنوعی اعضا اور آرتھوٹکس کی خدمات کے لئے پائیدار اور خودکفیل استعداد بھی پیدا کرنا ہے۔ یہ اقدام وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن سے ہم آہنگ ہے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی منصوبے کے مجموعی نفاذ کی قیادت کرے گی۔ اس مقصد کے لیے پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (پی ایم یو) کے ذریعے منصوبے کی نگرانی کی جائے گی، جبکہ تعلیمی سرگرمیوں اور استعدادِ کار میں اضافے سے متعلق امور بھی یونیورسٹی کے زیرِ نگرانی ہوں گے۔ صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے حکومت پنجاب سے تعاون پر جمہوریہ کوریا کا شکریہ ادا کیا۔ مینجنگ ڈائریکٹر کے ریری ڈاکٹر سیہون پارک نے کہا کہ اس پراجیکٹ کے حوالہ سے حکومت پنجاب کا تعاون لائق تحسین ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے صحت کے منصوبے قابل ستائش ہیں۔ وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر مستحق افراد، خصوصاً جسمانی اعضا سے محروم افراد اور معذور اشخاص کی نشاندہی اور انہیں متعلقہ خدمات کے لیے ریفر کرنے میں معاونت فراہم کرے گا۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ منصوبے سے متعلق ڈیٹا بیس کی تیاری، انتظام و انصرام اور ضروری انفارمیشن ٹیکنالوجی کے بنیادی ڈھانچے کی فراہمی میں تعاون کرے گا۔

بقیہ نمبر 3

دائر کر دیتے ہیں، آپ کو کیوں نہ عدالت کا وقت ضائع کرنے پر دس لاکھ روپے جرمانہ کر دیا جائے، صرف تین دستاویزات آپ نے منسلک کرنے تھے۔ معاون وکیل سلمیٰ نے کہا کہ سینئر موجود نہیں، درخواست کچھ دیر کے لیے التواء میں رکھ لیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ عدالت کے پاس اتنا فری ٹائم نہیں ہے کہ انتظار کرے۔ معاون وکیل نے غیر مشروط معافی طلب کی۔ عدالت نے غیر مشروط معافی منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی۔ عدالت نے مزید دستاویزات ریکارڈ کا حصہ بنانے کی متفرق درخواست پر حکومت سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 4

تب تک یہ مسائل نہ صرف موجود رہیں گے بلکہ ان میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسائل ایران، امریکہ کی جنگ شروع ہونے سے پہلے بھی تھے، یہ جنگ ختم ہو جائے گی تو یہ مسائل پھر بھی رہیں گے کیونکہ جب تک سیاسی، سماجی اور معاشی ڈھانچے میں انقلابی اصلاحات نہیں لائی جاتیں تب تک کچھ بھی نہیں بدلے گا اور عالمی مالیاتی ادارے پاکستان کی بری تصویر دکھاتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک کی رپورٹ کو مسترد کرنے سے بات نہیں بنے گی، یہ رپورٹس ملٹی نیشنل کمپنیوں، عالمی سرمایہ کاروں کی ذہن سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ کسی ایک بیان سے ایسی رپورٹس کی اہمیت کم نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے صنعتی، زرعی اور کاروباری پہیہ جام ہو چکا ہے، جس ملک میں کاروباری طبقہ کو اگلے دن کی مینوفیکچرنگ کاسٹ کا علم نہ ہو وہاں کاروبار کا قدرتی ماحول پروان کیسے چڑھ سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں عام آدمی کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے، لوگ بجلی، گیس پٹرول کے اخراجات برداشت کرتے ہیں تو اُن کے پاس اپنے بچوں کی فیسیں اور کچن چلانے کے لئے کچھ نہیں بچتا۔ ارباب اقتدار اور ارباب اختیار عام آدمی کی زندگی میں آسانیاں نہیں لا سکتے تو اُن میں مزید اضافہ نہ کریں۔

بقیہ نمبر 5

کالج مظفرآباد پروفیسر ڈاکٹر عدنان معراج کی خصوصی کاوشوں اور تحریک پر پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے سب آفس کے قیام کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں پی ایم ڈی سی سب آفس کے قیام کے لیے سیکرٹری صحت عامہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سے باقاعدہ جگہ مختص کرنے کی درخواست کی گئی، جس پر پیش رفت کرتے ہوئے نیو کیمپس میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں و کشمیر میڈیکل کالج امبور مظفر آباد میں پی ایم ڈی سی سب آفس کے لیے باقاعدہ طور پر جگہ مختص کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب سیکرٹری صحت عامہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر بریگیڈیئر تاشفین نے پی ایم ڈی سی کے متعلقہ ذمہ داران سے رابطے اور اہم ملاقاتیں کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں پی ایم ڈی سی کے سب آفس کے قیام کے معاملے کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا، جس کے نتیجے میں اس اہم سہولت کے قیام کی راہ ہموار ہونے لگی ہے۔ میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں و کشمیر میڈیکل کالج مظفر آباد میں پی ایم ڈی سی سب آفس کا قیام ادارے کے لیے ایک اور اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ اس سے نہ صرف میڈیکل کالج کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوگا بلکہ آزاد کشمیر کے طبی شعبے سے وابستہ افراد کو بھی اہم سہولت میسر آئے گی۔ پی ایم ڈی سی سب آفس کے قیام سے آزاد کشمیر بھر کے ڈاکٹرز، میڈیکل طلبہ اور طبی شعبے سے وابستہ افراد کو رجسٹریشن، لائسنسنگ، تصدیق اور دیگر متعلقہ امور کے لیے اسلام آباد یا دیگر شہروں کا سفر کرنے کی مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی اور انہیں یہ سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق نیو کیمپس میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں و کشمیر میڈیکل کالج امبور مظفر آباد میں پی ایم ڈی سی سب آفس کا بہت جلد باقاعدہ افتتاح متوقع ہے، جس کے بعد آزاد کشمیر بھر کے ڈاکٹرز اور میڈیکل طلبہ کو ایک اہم اور دیرینہ سہولت میسر آ جائے گی۔ یہ پیش رفت آزاد کشمیر میں طبی تعلیم، ڈاکٹرز کی سہولت اور صحت کے شعبے سے متعلق انتظامی امور کو مزید مؤثر اور آسان بنانے کی جانب ایک اہم قدم قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 6

قرار دے کر تقرری کے لیے سفارش کی گئی ہے۔ ٹریفک انجینئرنگ اینڈ ٹرانسپورٹ پلاننگ ایجنسی، لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، محکمہ ہاسنگ، شہری ترقی و صحتِ عامہ انجینئرنگ میں سب انجینئر مکینیکل کی ایک آسامی کے لیا یک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا ہے۔ محکمہ اسپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سافٹ ویئر ڈویلپر کی ایک آسامی کے لیے ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دے کر تقرری کے لیے سفارش کی گئی ہے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن، لاہور میں جونیئر سائیکالوجسٹ کی ایک آسامی کے لیے ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا ہے۔ بورڈ آف ریونیو پنجاب کے تحت صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ آئی ٹی کی دو اسامیوں کے لیے دو امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دے کر تقرری کے لیے سفارش کی گئی ہے۔ اسی طرح بورڈ آف ریونیو پنجاب میں اسسٹنٹ کی دو اسامیوں کے لیے خصوصی افراد اور اقلیتوں کے کوٹے کے تحت ایک، ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا ہے۔ نتائج پنجاب پبلک سروس کمیشن کی سرکاری ویب سائٹ پر اویزاں کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 7

15 غیر سرکاری ارکان میں صرف چار نشستیں دینا ناانصافی ہے، جبکہ سکھ برادری کو چھ نشستیں دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نمائندگی کی تقسیم پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔ نند کمار گوکلانی نے کہا کہ پنجاب سے سات غیر سرکاری ارکان شامل کیے گئے ہیں، تاہم ان میں ایک بھی ہندو نمائندہ شامل نہیں، حالانکہ پنجاب میں مندروں اور ہندوؤں کی مذہبی املاک سے متعلق معاملات میں برادری کی نمائندگی ضروری ہے۔ انہوں نے بلوچستان سے بھی کسی غیر سرکاری رکن کو شامل نہ کیے جانے پر تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مردم شماری 2023ء کے مطابق ہندو پاکستان کی سب سے بڑی غیر مسلم اقلیت ہیں اور اس برادری نے ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کے حقوق اور نمائندگی کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ نند کمار گوکلانی نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کے نوٹیفکیشن پر نظر ثانی کر کے اسے واپس لیا جائے اور نیا نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے ہندو برادری کو منصفانہ نمائندگی دی جائے۔ انہوں نے بالخصوص پنجاب اور بلوچستان سے ہندو نمائندوں کی شمولیت یقینی بنانے اور اقلیتوں کے تحفظات دور کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ نمبر 8

ترکیہ، کرغزستان، مکاؤ، بحرین، تیمور لیستے اور فلپائن سمیت مختلف ممالک کے مندوبین نے شرکت کی۔ کانفرنس سے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے غیر ملکی مندوبین کی شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور شہریوں کو مرکز نگاہ بنا کر گورننس اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے محتسب پنجاب کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ محتسب پنجاب نے ادارے کو ڈیجیٹل اور میرٹ پر مبنی نظام میں تبدیل کیا ہے اور شہریوں اور ریاست کے درمیان ایک مؤثر پل کا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے محتسب پنجاب کے دفتر کی جانب سے شکایات کے ازالے کی شرح کو بھی سراہا۔ مریم اورنگزیب نے غیر ملکی مندوبین اور ان کے اہل خانہ کو آئندہ سال مارچ میں بسنت کے موقع پر لاہور آنے کی دعوت بھی دی۔ اپنے کلیدی خطاب میں محتسب پنجاب عائشہ حامد نے ادارے کی کارکردگی اور ترقی میں ایڈوائزرز اور افسران و اہلکاروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ 2025ء کے دوران محتسب پنجاب کے دفتر کو 73 ہزار سے زائد شکایات موصول ہوئیں، جبکہ رواں سال اب تک 60 ہزار سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں، جو عوام کے ادارے پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ محتسب پنجاب کے دفتر نے حال ہی میں انفارمیشن سکیورٹی کے حوالے سے ISO/IEC 27001:2022 سرٹیفکیشن حاصل کی ہے، جبکہ اس کے کمپلینٹ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (CMIS) کو گزشتہ سال ISO 9001:2015 سرٹیفکیشن حاصل ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سرٹیفکیشنز عوامی خدمت میں ادارہ جاتی کارکردگی، شفافیت اور معیار کو بہتر بنانے کے لیے کی جانے والی مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہیں۔ اختتامی کلمات میں، ایڈوائزر (ہیڈ کوارٹرز) نسیم نواز نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے دنیا بھر میں رائج محتسب کے طریقوں پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع فراہم کیا۔ زیمبیا کی پبلک پروٹیکٹر کیرولین سی زولو نے تقریب کے افتتاحی خطاب میں شرکا کو خوش آمدید کہا اور محتسب پنجاب عائشہ حامد کی جانب سے دنیا بھر سے بڑی تعداد میں مندوبین کو کانفرنس میں مدعو کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے محتسب اداروں کے درمیان تجربات، معلومات اور بہترین طریقہ ہائے کار کے تبادلے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کانفرنس باہمی سیکھنے اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ کے لیے مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگی۔ دریں اثنا، اٹلی اور سوئٹزرلینڈ نے دفتر محتسب پنجاب کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے، جس سے دونوں اداروں کو تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے قریب لایا گیا۔ کانفرنس میں محتسب اداروں کے مختلف پہلوؤں اور ادارہ جاتی ترقی کے حوالے سے تین پینل ڈسکشنز ہوئیں۔ پہلے پینل میں ''اچھی طرز حکمرانی کے فروغ میں محتسب اداروں کا بدلتا ہوا کردار'' کے موضوع پر زیمبیا کی پبلک پروٹیکٹر کیرولین سی زولو، روس کے یاروسلاول ریجن کے انسانی حقوق کے کمشنر سرگئی بابورکن، مشرقی تیمور کے چیف محتسب ورجیلیو دا سلوا گوتیریس، ماریشس کے ہائی کمشنر منسو کوریما بکس، ترکیہ کے محتسب عبداللہ چنگیز مکاس، سوئٹزرلینڈ کی جسٹس پورٹوس انٹرنیشنل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شرف عزیز وف، کرغزستان کی ڈپٹی محتسب اپچوروک نظرا لیوا اور کیمرون کے نارتھ ویسٹ ریجن کے پبلک انڈیپنڈنٹ کنسلی ایٹر ریسرچ آفیسر فرانس فوسی یانگ نے اظہار خیال کیا۔ بینکنگ محتسب سراج الدین عزیز نے پینل کی میزبانی کی۔ دوسرے پینل میں ''محتسب اداروں میں ڈیجیٹل تبدیلی کے معیار برتری'' کے موضوع پر اٹلی کے نیشنل کوآرڈی نیشن آف اٹالین امبڈزمین کے صدر مارینو فاردیلی، محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت، نائیجیریا کے چیف کمشنر بشیر ابوبکر، موریشس کی بچوں کی محتسب انیتا گوراہ، جنوبی افریقہ کے سابق پولیس محتسب اوسوالڈ ڈی ریڈی اور کیمرون کے ساؤتھ ویسٹ ریجن کے پبلک انڈیپنڈنٹ کنسلی ایٹر آفس کے ریسرچ آفیسر ورین ایبونگ نگولے نے شرکت کی۔ محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت نے پینل کی میزبانی کی۔ تیسرے پینل میں ''محتسب اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ادارہ جاتی بہترین طریقہ ہائے کار'' کے موضوع پر یوکرین کی پہلی محتسب ڈاکٹر پروفیسر نینا کارپاچیوا، آذربائیجان کی محتسب کے ڈپٹی ہیڈ راشد روم زادہ، روس کے علاقائی محتسب کے بین الاقوامی شعبے کی سربراہ انا دیمینیوا، محتسب خیبر پختونخوا روباب مہدی، وفاقی محتسب برائے انسدادِ ہراسیت فوزیہ وقار اور قطر نیشنل ہیومن رائٹس کمیٹی کے شعبہ قانونی امور کے سربراہ ناصر المری نے اظہار خیال کیا۔ فوزیہ وقار نے پینل کی میزبانی کی۔ تینوں پینل ڈسکشنز کے بعد سوال و جواب کے سیشن بھی ہوئے، جن میں مندوبین نے شکایات کے ازالے، ڈیجیٹل تبدیلی، ادارہ جاتی خودمختاری اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اپنے تجربات اور تجاویز پیش کیں۔ کانفرنس کے ذریعے محتسب پنجاب کے 30 سالہ عوامی خدمت کے سفر کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ دنیا بھر کے محتسب اداروں کو احتساب، بہتر طرز حکمرانی، شہریوں کے حقوق کے تحفظ اور انصاف تک عوام کی رسائی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تجربات اور بہترین طریقہ ہائے کار کے تبادلے کا موقع بھی فراہم کیا گیا۔

بقیہ نمبر 9

گیا، جہاں ایکوائن ویلفیئر سینٹر میں جانوروں کے علاج معالجہ بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ دورے کے دوران مہمانوں نے سکول کے صحن میں لگے ہوئے پورٹریٹس دکھائے گئے، جن پر ملکی شہریوں کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے فون نمبرز اور ایڈریسز درج تھے، تاکہ مقامی شہریوں کو اُن تک رسائی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایونٹ کی خاص بات یہ بھی تھی کہ مہمانوں کے لیے ثقافتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا، جس میں مقامی خانہ بدوش فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا جب کہ ایونٹ میں شریک لوگوں کو بروک اور گود کے اشتراک سے شروع کیے جانے والے منصوبوں کے متعلق آگاہی بھی دی جب کہ مہمانوں کو روایتی پگڑیاں بھی پہنائی گئیں۔ ایونٹ کے آخر میں مہمانوں کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئیں۔

بقیہ نمبر 10

کے افسران اور دیگر ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا انہوں نے صفائی کے معیار، ویسٹ کلیئرنس کے عمل اور فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے، کوڑا کرکٹ کی بروقت صفائی اور منتقلی کو یقینی بنایا جائے جبکہ فیلڈ ٹیموں کی موثر نگرانی کی جائے، ڈپٹی کمشنر نے شہر میں جاری بیوٹیفکیشن اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام سے منصوبوں کی پیش رفت، کام کے معیار اور تکمیل کی مدت کے بارے میں بریفنگ لی، انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں استعمال ہونے والے میٹریل کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات میسر آسکیں اور شہر کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہو دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر ریلوے انڈر پاس، بھلیر روڈ اور انٹرچینج کا بھی دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا، انہوں نے متعلقہ افسران سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے مؤثر نظام اور شہر کی خوبصورتی کو یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں موجود رہ کر جاری منصوبوں اور صفائی کے انتظامات کی مسلسل نگرانی کریں اور شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 11

دورے کے موقع پر کیا، جہاں انہوں نے لیبارٹری، ادویات کے اسٹور، استقبالیہ، ابتدائی طبی امداد کے کمرے، الٹراساؤنڈ اور ایکسرے روم، آپریشن تھیٹر اور مختلف وارڈز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے زیر علاج مریضوں سے ملاقات کر کے علاج معالجے اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور انتظامیہ، ڈاکٹروں اور طبی عملے کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر ٹراما سینٹر کے منتظم ڈاکٹر محمود قریشی اور ڈائریکٹر ڈاکٹر ذوالفقار سومرو نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 50 بستروں پر مشتمل یہ مرکز جولائی 2026ء میں قائم کیا گیا۔ یہاں حادثات کے زخمیوں کو ایکسرے، الٹراساؤنڈ، لیبارٹری ٹیسٹ، آپریشن، شعاعی تشخیص، سی ٹی اسکین، مصنوعی تنفس اور دیگر ضروری طبی سہولیات مفت فراہم کی جاتی ہیں، جبکہ نجی اسپتالوں میں ان سہولیات پر بھاری اخراجات برداشت کرنا پڑ سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مرکز کو صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو کی سرپرستی حاصل ہے اور انتظامیہ کی ترجیح حادثات کے زخمیوں کو بروقت طبی امداد فراہم کر کے ان کی جانیں بچانا ہے۔ ڈاکٹر محمود قریشی نے وضاحت کی کہ ٹراما سینٹر کا بنیادی مقصد سنگین حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری طبی امداد فراہم کر کے ان کی حالت مستحکم کرنا ہے۔ مریض کی حالت خطرے سے باہر ہونے کے بعد مزید علاج کی ضرورت کے مطابق اسے سول اسپتال منتقل کیا جاتا ہے۔ بعض مریض ابتدائی طبی امداد کے بعد بھی مرکز میں مکمل علاج کروانے پر اصرار کرتے ہیں، حالانکہ یہ ادارہ بنیادی طور پر ہنگامی طبی امداد کے لیے قائم کیا گیا ہے۔ دورے کے دوران احمد علی قریشی نے آگاہی سیمینار میں بھی شرکت کی۔ اس موقع پر محتسب آفس کے اسسٹنٹ سید خضر عباس، ڈاکٹرز اور طبی عملہ بھی موجود تھا۔

بقیہ نمبر 12

، میانداد اور نادر چاچڑ کے ساتھ مل کر صغران چاچڑ کو قتل کیا، جس کا مقدمہ سائٹ ایریا تھانے میں درج کرایا گیا ہے۔ مظاہرین کے مطابق قتل کے مقدمے سے دستبردار ہونے کے لیے شہزادہ چاچڑ پر جنسی زیادتی کا مبینہ جھوٹا الزام عائد کر کے انہیں ہراساں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ سائٹ ایریا پولیس نے دو بے گناہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ مقتولہ کے اہل خانہ نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی سکھر اور ایس ایس پی سکھر سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، قتل کیس میں نامزد ملزمان کو گرفتار کیا جائے اور خاندان کو انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 13

اس سلسلے میں باضابطہ چلان بھیج دیا گیا ہے۔ علاقے کے شہریوں اور سماجی حلقوں نے محکمہ صحت اور ڈرگ انسپکٹر لائق الرحمان کی اس کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے اور غیر قانونی نشہ آور ادویات کا کاروبار کرنے والے دیگر عناصر کے خلاف بھی بلا امتیاز سخت کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے۔

بقیہ نمبر 14

امن کے سب سے بڑے انعام نوبیل کے لیے نامزد کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر شہباز شریف نے پوسٹ شیئر کرتے ہوئے پاک بھارت جنگ کے دوران امریکی صدر کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے لکھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ کے لیے تاریخی کردار ادا کیا، ان کی بروقت مداخلت نے پاکستان اور بھارت کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے اور جنگ بندی یقینی بنانے میں مدد دی، جو آج تک برقرار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں پاکستان نے صدر ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیا تھا۔ انہوں نے لکھا کہ ہمیں پوری امید ہے کہ خطے میں امن کے فروغ اور تنازعات کی روک تھام کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو اس بار مناسب طور پر سراہا جائے گا۔ خیال رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر نوبیل امن انعام جیتنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ میں نے اقتدار سنبھالنے کے بعد 8 جنگیں ختم کروائی ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ مجھے امن انعام نہ ملا تو یہ نوبیل کمیٹی کے لیے بھی باعثِ تنقید ہوگا۔

بقیہ نمبر 15

پنجاب اسمبلی میں جمع کروا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کروائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت کے فلیگ شپ پروگرام ''اپنی چھت، اپنا گھر'' کو اقوام متحدہ کے ادارے یو این ہیبی ٹیٹ کے سال 2026ء کے اسکرول آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے جس پر وزیراعلیٰ پنجاب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، یہ ایوارڈ عالمی سطح پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کارکردگی کا اعتراف ہے۔ 18 ماہ میں پنجاب حکومت نے دو لاکھ 20 ہزار افراد کو اپنی چھت فراہم کی ہے۔ تمام لوگوں کو میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلاسود 15 لاکھ روپے تک کا قرض دیا گیا ہے، اقوام متحدہ کی جانب سے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کی شفافیت کی تعریف کی گئی ہے، ایوارڈ تقریب میں بے گھر افراد کو اپنی چھت فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے، یہ ایوارڈ پنجاب کے 14 کروڑ عوام کے لیے بہت بڑے اعزاز کی بات ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے منصوبے اپنی چھت اپنا گھر کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 16

خلاف سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشن پر قوم کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کا مظہر ہے۔ اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ سندھ نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہلکاروں کی بہادری اور عزم قابلِ قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی اتحاد اور یکجہتی ضروری ہے، جبکہ تمام متعلقہ اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے ہی اس ناسور کا خاتمہ ممکن ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ ملک میں امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔

بقیہ نمبر 17

میں ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف اہم پیش رفت ہوئی ہے، جہاں چار گواہوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے پیشی کے دوران ملزمہ کو شناخت کرلیا۔ گواہوں نے عدالت کو بیان دیا کہ ملزمہ کو گارڈن کے علاقے سے گرفتار کیا گیا تھا۔ گواہوں میں لیڈی کانسٹیبل سونیا اشرف، تفتیشی افسر منصور، سب انسپکٹر عبدالستار اور اے ایس آئی اورنگزیب شامل تھے۔ پبلک پراسیکیوٹر شکیل عباسی نے عدالت کو بتایا کہ سی ٹی ڈی پولیس نے ملزمہ کی شناخت کی ہے، جبکہ اس کا کال ڈیٹا ریکارڈ (سی ڈی آر) منشیات فروشوں سے رابطوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ عدالت نے مزید گواہوں کو آئندہ سماعت پر طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 18

تنقید اور 9 مئی جیسے اقدامات کی کوشش پر نتائج بھگتنے کی وارننگ دے دی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ ہماری ریڈ لائن ہے، اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا اور صوبے کو دہشتگردوں کے حوالے نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ نمبر 19

کہ دوسرے فیز میں پنجاب کی ہر تحصیل میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹیز قائم کی جائیں گی۔ اجلاس میں پی ایچ ایز کیلئے 2820 ٹیکنیکل آسامیوں پر بھرتیوں کی منظوری بھی دے دی گئی۔ ہر ضلع میں ایم ڈی، ڈائریکٹر اور ٹیکنیکل سٹاف بھرتی کیا جائے گا۔ اس موقع پر پی ایچ اے کے زیر انتظام ہر ضلع میں سستے پودے فراہم کرنے کے لئے ''ان ہاؤس نرسری'' بھی قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ہر ضلع میں قائم ان ہاؤس نرسری سے شجر کاری اور موسمی پھولوں کیلئے پودے اگائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 20

رہا اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشہ استعمال کرتا ہے، سکیورٹی فورسز صوبے کی عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ اس صوبے کی پولیس اور لوگوں کی دہشت گردی کیخلاف قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، عوام کے مسترد کئے جانے کے بعد اے آئی سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 21

کہا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ، اس کے تمام اثرات دفاعی نوعیت کے ہوں گے، یہ کس طرح ہوگا؟ کون سا دستہ وہاں جائے گا؟ اسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا؟ اس کا فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کو خطے کے استحکام کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں حالیہ برسوں میں نئے سکیورٹی چیلنجز نے جنم لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کی مشترکہ دفاعی قوت کا کام کرے گا، کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ اس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی عناصر مذموم مقاصد کو عملی جامع پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے اور دفاع کیا جائے گا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ایران امریکا جنگ کے خاتمے اور معاہدے کی کوششیں کر رہے ہیں، آئندہ بھی کرتے رہیں گے، چاہتے ہیں کہ اختلافات کم ہوں، مذاکرات کے ذریعے پرامن حل نکلے، تنازع مزید نہ پھیلے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے غیر جانبداری سے امریکا اور ایران جنگ بندی کے لیے اہم کردار ادا کیا، ہمارا مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے، جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 22

نواز شریف نے 7 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کا عزم غیر متزلزل ہے، قوم پاک فوج کے ساتھ ہے۔

بقیہ نمبر 23

کے خاتمہ تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے پر سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کو سراہا ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ دہشت گردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 24

کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کبھی جمہوری پارٹی نہیں رہی، گورنر راج لگانے کے لیے زیادہ پھرتیاں پیپلز پارٹی کی نظر آ رہی ہیں۔ لانگ مارچ سے متعلق اپنے پیغام میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی تک رسائی اور دیگر مطالبات تسلیم ہونے تک مارچ جاری رہے گا، صوبے میں غیر اعلانی گورنر راج کسی صورت قبول نہیں، وزرا اور ممبران اسمبلی کی اپنے صوبے میں گرفتاریوں پر تشویش ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ رواں سال بجٹ میں پولیس کے لیے 191 ارب روپے رکھے گئے ہیں، کے پی بجٹ میں پولیس کا حصہ 7.8 فیصد ہے، پنجاب میں صرف 3.9 فیصد ہے، مالی مشکلات کے باوجود پولیس کی 3550 اسامیوں کی منظوری دی گئی، گزشتہ سال بجٹ سے ہٹ کر پولیس کو 35 ارب روپے اضافی دیے گئے، صوبائی حکومت دہشت گردی کیخلاف جنگ میں رکاوٹ نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ صوبائی حکومت چاہتی ہے تمام اسٹیک ہولڈرز کیساتھ بیٹھ کر متفقہ پالیسی بنے، صوبائی حکومت دہشت گردی کیخلاف متفقہ پالیسی پر عمل درآمد کیلئے تیار ہے، جنید اکبر خان کہہ چکے ہیں کہ متفقہ پالیسی پر عمل درآمد کروائیں گے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ حکومت کو پی ٹی آئی کے ساتھ مسئلہ ہے تو دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ جائے، حکومت اور پی ٹی آئی میں ثالثی کا پوری طرح علم نہیں، سنا ہے مولانا فضل الرحمان سے ثالثی کے لیے رابطہ کیا گیا ہے، مولانا ثالثی کے لیے آتے ہیں تو خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ نمبر 25

، بچوں کے خون سے سودا کرنے والوں سے کیا مذاکرات کریں۔ راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چودھری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے اور اب یہ مزید نہیں چلنے دینا چاہئے سیاسی جماعتوں سے سوال ہے کہ اور کتنا انتظار کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ وہاں دہشتگردی کی لہر پھیلی ہے اس کو کوئی دیکھنے کو تیار نہیں، کچھ دنوں سے خیبر پختونخوا میں طوفان بدتمیزی اور تماشہ لگا ہوا ہے، وزیراعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے اور کابینہ ناچنے میں مصروف ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 15 اکتوبر کو ڈی آئی خان میں کسٹم کے ملازمین مارے گئے کوئی ان کے گھر نہیں گیا، انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ ناچ لیں، ایس ایچ او داو؟ داور کانسٹیبل فرہاد شہید ہوا لیکن وزیراعلیٰ کے پی کے سر پر جوں تک نہیں رینگی، شہید کے بچے سوال کر رہے ہیں کہ اس کے جنازے میں شرکت کا وزیراعلیٰ اور کابینہ کے پاس وقت نہیں تھا؟ یہ دہشتگردی میں گھرے لوگوں کو اذیت دے رہے ہیں، امن وامان کا قیام انکی ترجیح نہیں ہے۔ بیرسٹر دانیال نے کہا کہ کس نے ان کو روکا تھا کہ 15 سال میں یہ دہشت گردی کے حوالے سے پالیسی بناتے، ان کے لوگ اپنی پالیسی کے لئے افغانستان کو دیکھتے ہیں، کیا جوانوں اور شہداء کے جنازے پڑھنے کیلئے پالیسی چاہئے؟ آپ لانگ مارچ میں مصروف اور صوبہ آگ کی لپیٹ میں ہے۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات کا کہنا تھا کہ اس چیز سے بخوبی واقف ہوں کہ یہ سسٹم مزید نہیں چل سکتا، ہم اس لائن کو ڈرا کریں گے اس پر کوئی ٹالرنس نہیں ہوگی، جو جماعت انکو دہشت گرد کہنے سے ڈرتی ہے وہ انکا حصہ ہے جو ان کے ساتھ کھڑی ہوتی ہے وہ انکی بی ٹیم ہے، اس جماعت کا سیاسی مرکز نفرت اور اداروں کے خلاف آگ لگانا ہے۔

بقیہ نمبر 26

مید نہیں تاہم حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہو جائے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں جبکہ گوہر خان، عامر ڈوگر اور اسد قیصر سے بھی فون پر بات چیت ہوتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی مؤقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف، تاہم کسی سمجھوتے یا مفاہمت کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا، اگر کسی معاملے پر مفاہمت بن جائے تو مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے۔ رانا ثناء اللہ نے خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس جنگ کی کامیابی کیلئے صوبائی حکومت کا کردار انتہائی اہم ہے، اگر صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرے تو بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں، آپریشن کی کامیابی کیلئے صوبائی حکومت کا تعاون ضروری ہے، کیونکہ پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر سول انتظامات صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہیں۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور ان کے علاج کے معاملات پر مشیر وزیراعظم نے کہا کہ یہ امور قانون اور جیل مینوئل کے مطابق طے ہونے چاہئیں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں شروع کرنے کیلئے منگل کا وقت دیا گیا تھا، تاہم ملاقاتوں کو سیاسی طور پر استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں کا سیاسی استعمال ہی بعد میں مسئلے کا سبب بنا، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں سمیت تمام معاملات پر مکمل بات چیت ہوئی تھی اور یہ اتفاق بھی ہوا تھا کہ اگر کوئی مسئلہ پیدا ہوتا ہے تو بات چیت کیلئے پلیٹ فارم فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 27

انسانی حقوق کے سیکریٹری بھی بورڈ میں شامل ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کی مذہبی امور کی وزارتوں کے سیکریٹری بھی بورڈ کا حصہ ہوں گے۔ متروکہ وقف املاک بورڈ میں 15 غیر سرکاری اراکین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما اختیار ولی خان بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 28

ٹیکس نمبر بند کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ محض شک یا الزام کی بنیاد پر کسی شہری یا ادارے کو بلیک لسٹ کر کے اس کا کاروبار بند نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے فیصلے میں واضح کیا کہ ٹیکس فراڈ کا الزام ثابت کرنے کے لیے ٹھوس شواہد ضروری ہیں اور ٹیکس حکام قانون کے پابند ہیں، انہیں من مانے اقدامات کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ سیلز ٹیکس نمبر معطل ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ قانونی تقاضے پورے کیے بغیر کسی کاروبار کو بلیک لسٹ کر دیا جائے۔ فیصلے کے مطابق آئین ہر شہری کو قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کاروبار کرنے کی ضمانت دیتا ہے، جبکہ محض الزامات کی بنیاد پر کسی شہری یا ادارے کے کاروباری حقوق متاثر نہیں کیے جا سکتے۔ لاہور ہائیکورٹ نے مزید قرار دیا کہ انصاف کے حصول کے لیے اپیلٹ ٹریبونل میں نئے قانونی نکات اٹھانا قانونی عمل ہے۔ ہائیکورٹ اپیل کی سماعت کے دوران قانونی نکات کا جائزہ لے سکتی ہے، تاہم حقائق کا از سر نو جائزہ نہیں لیا جاتا۔ عدالت نے فیصلے کی نقل متعلقہ اپیلٹ ٹریبونل کو بھجوانے کی بھی ہدایت کر دی۔

بقیہ نمبر 29

سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور سعودی عرب پر متعدد بیلسٹک میزائل حملوں کو ناکام بنانے پر سعودی افواج کو خراج تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، پاکستان سعودی عرب کے اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے جائز حق کی مکمل حمایت کرتا ہے، حوثی ملیشیا فوری طور پر سعودی عرب پر حملے بند کرے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا، سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاکستان کی حمایت جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 30

کا شکار ہونے کی وجہ سے ہزاروں مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، سعودی عرب کی پروازیں منسوخ ہونے سے عمرہ زائرین کو سب سے زیادہ مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سعودی عرب کے مختلف ایئرپورٹ پر سکیورٹی وجوہات کی بنا پر پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 13 پروازیں منسوخ، 12 تاخیر کا شکار ہوئیں، کراچی ایئرپورٹ سے 10 پروازیں منسوخ ہوئیں اور 13 تاخیر کا شکار ہوئیں جبکہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر 9 پروازیں منسوخ اور 8 تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق اس کے علاوہ ملتان ایئرپورٹ سے 7 پروازیں منسوخ ہوئیں۔

بقیہ نمبر 31

کے دھوئیں، فصلوں کی باقیات جلانے اور تعمیراتی مقامات سے اٹھنے والی گرد و غبار سمیت متعدد عوامل کا کردار ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں ان تمام شعبوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں فضائی آلودگی کی شدت کے دوران ہوا کی سمت، موسمی حالات، درجہ حرارت میں الٹ پھیر اور آلودہ ذرات کی فضا میں موجودگی سے متعلق مطلوبہ معلومات بروقت دستیاب نہیں تھیں، تاہم اب اس حوالے سے نگرانی اور پیش گوئی کا نظام قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے کیو آئی پنجاب ایپ کے ذریعے صوبے کے مختلف شہروں، اضلاع، یونین کونسلوں اور سڑکوں کی سطح تک فضائی آلودگی کی صورت حال دیکھی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 32

سہولت اور نرسنگ ہوسٹل کی پالیسیاں بھی منظور کرلیں۔ خاتم النبیین یونیورسٹی کے کانفرنس ہال کے استعمال کے حوالے سے فیس وصولی کی پالیسی بھی منظور کی گئی۔ پنجاب حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق اوقاف آرگنائزیشن کے ملازمین کیلئے تنخواہوں میں 7 فیصد اور پنشن میں ساڑھے تین فیصد اضافے کی منظوری دی گئی۔ بورڈ اجلاس میں اوقاف آرگنائزیشن کے حوالے سے بعض دیگر مالیاتی اور انتظامی امور کی بھی منظوری دی گئی۔ ادارے کے جن افسران اور اہلکاروں کے خلاف کرپشن اور بدعنوانی کے الزامات ثابت ہوگئے ان کے کیسز انٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کو بھجوانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اوقاف کی اراضی ناجائز قابضین سے واگزار کرانے کیلئے جاری مہم مزید تیز کرنے کا بھی فیصلہ ہوا۔ صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ کمیٹی قرآن کمپلیکس میں خاتم النبیین یونیورسٹی میں کلاسیں جلد شروع کرنے کے معاملات کا جائزہ لے گی۔ صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اوقاف کو ہر قسم کی کرپشن اور بدعنوانی سے پاک کیا جائے گا۔ کرپٹ اور بدعنوان عناصر کے خلاف جاری سخت کارروائیوں کی بدولت مزارات پر رکھے کیش باکسز کی آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ محکمہ اوقاف کی ڈیجیٹائزیشن کا عمل جاری ہے، اسکی تکمیل سے محکمہ کے امور میں مزید شفافیت آئے گی۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ کی جانب سے کی گئی اصلاحات اور اقدامات کے باعث محکمہ کے امور میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوقاف کی تمام اراضی ناجائز قابضین سے واگزار کرائی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے اوقاف کی بنجر اراضی کو قابل کاشت بنانے کا پلان طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 33

علاقے جلال دین میں اس وقت پیش آیا جب پولیس اہلکار کامران گھر سے ڈیوٹی پر تھانہ جمرود جا رہا تھا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ شہید اہلکار کی لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ درج کر کے فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 34

فروغ دینے اور درآمدی مصنوعات کے متبادل تیار کرنے کے لیے مشترکہ تعاون پر اتفاق کیا ہے۔ اس سلسلے میں اپٹا ہاؤس لاہور میں مینوفیکچررز اور ریٹیلرز کا ورکنگ سیشن منعقد ہوا، جس میں معروف ٹیکسٹائل کمپنیوں، برآمد کنندگان اور ریٹیل برانڈز نے شرکت کی۔ چیئرمین اپٹا اسد شفیع نے کہا کہ پاکستان کو صرف بین الاقوامی برانڈز کے لیے مصنوعات تیار کرنے تک محدود رہنے کے بجائے اپنے برانڈز کو عالمی منڈیوں میں متعارف کرانا ہوگا۔ اس مقصد کے لیے مقامی سطح پر عالمی معیار کی مصنوعات، جدید ڈیزائننگ، موثر برانڈنگ اور مضبوط سپلائی چین کی تیاری ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپٹا کے سرپرستِ اعلیٰ ڈاکٹر گوہر اعجاز کی قیادت میں آئندہ 12 ماہ کے دوران ٹیکسٹائل برآمدات میں 3 ارب ڈالر جبکہ آنے والے برسوں میں 10 ارب ڈالر اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس ہدف کے حصول کے لیے مینوفیکچررز اور ریٹیلرز کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔ اجلاس میں ریٹیلرز نے مقامی سطح پر مصنوعات کی تیاری میں درپیش مسائل، معیار، قیمتوں، ٹیکنالوجی اور بروقت فراہمی سے متعلق چیلنجز پیش کیے، جبکہ ٹیکسٹائل مینوفیکچررز نے اپنی پیداواری صلاحیتوں اور تکنیکی مہارت سے آگاہ کیا۔ چین اسٹور ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نو منتخب چیئرمین واصف سکندر بٹ نے کہا کہ مینوفیکچررز اور ریٹیلرز کا اشتراک درآمدی انحصار کم کرنے، مقامی صنعت کو مضبوط بنانے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 35

ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے آن لائن مکمل کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق نئی رجسٹریشن میں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں سرفہرست رہیں، جن کی تعداد 3,013، یعنی مجموعی رجسٹریشن کا 57.5 فیصد تھی۔ اس کے علاوہ 2,058 سنگل ممبر کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جن کا تناسب 39.2 فیصد رہا۔ ایس ای سی پی نے 127 لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپس اور 29 غیر منافع بخش کمپنیاں بھی رجسٹر کیں۔ دیگر رجسٹریشن میں 10 پبلک کمپنیاں، 2 تجارتی تنظیمیں اور 2 غیر ملکی کمپنیاں شامل تھیں۔

بقیہ نمبر 36

عارضی طور پر معطل کر دیں۔ اس فیصلے پر عمل کرتے ہوئے پی آئی اے کی اسلام آباد سے ریاض جانے والی پرواز PK-753 اور ریاض سے اسلام آباد آنے والی پرواز PK-754 منسوخ کر دی گئیں۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ مشرقِ وسطی میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنی پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ ترجمان نے مسافروں کو ہدایت کی کہ وہ ایئرپورٹ کے لیے روانہ ہونے سے قبل پی آئی اے کے کال سینٹر 111-786-786 پر رابطہ کر کے اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کر لیں۔

بقیہ نمبر 37

کی راہیں: ہم آہنگی کے مواقع''، تھا۔ کانفرنس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے کاروباروں کے لیے ضمانت کے بجائے کیش فلو کی بنیاد پر قرضوں، ڈیجیٹل کریڈٹ اور متبادل ڈیٹا کے استعمال پر زور دیا۔ چیئرمین پی ایم این وصدر و چیف ایگزیکٹو ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک عامر خان نے کہا کہ مائیکروفنانس کو الگ نظام کے بجائے ملکی مالیاتی نظام کا حصہ بنانا ہوگا جبکہ کامیابی کا معیار صرف قرض لینے والوں کی تعداد نہیں بلکہ ان کی معاشی ترقی، کاروبار میں بہتری اور مالی خودمختاری ہونا چاہیے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ مالی شمولیت کو صرف رسائی تک محدود رکھنے کے بجائے معیار اور ضرورت سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے PAIDAR LabsInnovation کے اجرا کا خیرمقدم کیا، جو سندھ میں دیہی کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں کو مشترکہ طور پر مالیاتی مصنوعات تیار کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ کانفرنس کا اہم نتیجہ PAIDAR ضمانتی فنانسنگ سہولت کے دوسرے مرحلے کی توسیع ہے، جس کے تحت فنانسنگ 20 کروڑ روپے سے بڑھا کر 4.2 ارب روپے کر دی گئی ہے جبکہ مالیاتی اداروں کی تعداد 3 سے بڑھا کر 8 کر دی گئی ہے۔ یہ سہولت لاڑکانہ، بدین، ٹھٹھہ، سجاول اور تھرپارکر کے قرض لینے والوں تک پہنچے گی جبکہ کم از کم 50 فیصد فنانسنگ خواتین کے لیے مختص ہوگی۔ اس موقع پر پاکستان مائیکروفنانس انویسٹمنٹ کمپنی (PMIC) اور نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے درمیان ایک ارب روپے کی فنانسنگ سہولت کا معاہدہ بھی طے پایا۔ کانفرنس میں خواتین کی مالی رسائی، مصنوعی ذہانت، موسمیاتی تبدیلی، اسلامی مائیکروفنانس، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، ریگولیشن اور 2035ء تک مائیکروفنانس کے مستقبل پر بھی غور کیا گیا۔ پاکستان مائیکروفنانس ایوارڈز 2026ء میں ایچ بی ایل مائیکروفنانس بینک کو بہترین مائیکروفنانس بینک جبکہ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کو بہترین غیر بینکاری مائیکروفنانس کمپنی کا ایوارڈ دیا گیا۔ ڈاکٹر محمد امجد ثاقب اور نوید اے خان کو بھی مالی شمولیت کے شعبے میں نمایاں خدمات پر اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب میں ملک کے بڑی تعداد میں بینکوں، مالیاتی نظام سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 38

کچے میں پھنسی ہیں، انا ختم کریں، بیٹھ کر مذاکرات کریں، پی ٹی آئی اب بھی بامقصد مذاکرات کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 39

کے سلسلے میں پاکستان کے دورے پر ہیں۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے آرچ بشپ کا خیرمقدم کرتے ہوئے امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کے فروغ میں ہولی سی کے کردار کو سراہا، انہوں نے پاکستان کی کیتھولک برادری کی بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ثالثی، مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے خطے میں امن کے قیام کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے پوپ لیو چہاردہم کی جانب سے امن اور مسئلہ فلسطین کے منصفانہ حل کیلئے کئے جانے والے اصولی مطالبات کو سراہا۔ انہوں نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے جاری انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور خطے میں امن کے قیام کیلئے عالمی برادری کی مسلسل کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور ہولی سی کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف مذاہب کے درمیان باہمی احترام، افہام و تفہیم اور پرامن بقائے باہمی کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ نمبر 40

بشریٰ بی بی کے کیسز کو بھی دیکھ رہا ہوں، پنجاب لانگ مارچ میں بالکل شرکت کرے گا اور بڑی تعداد میں قافلے شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں متعدد کارکنوں کو اغواء کیا گیا اس کی مذمت کرتا ہوں، پورے ملک فسطائیت راج ہے ہم انہیں کہتے ہیں ہوش کے ناخن لیں۔

بقیہ نمبر 41

سیاسی استحکام اور معاشی ترقی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ لاہور کے ایکسپو سینٹر میں پولٹری سے منسلک اشیاء کی نمائش سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ کاروباری سرگرمیوں میں اضافے سے ملکی معیشت بہتر ہوگی اور لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام کاروبار کے فروغ اور سرمایہ کاری کے لیے ناگزیر ہے، سیاسی مسائل کا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ مذاکرات میں ہے، تمام سیاسی قوتوں کو بات چیت کے لیے آگے آنا چاہیے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ نمائش میں آکر انہیں خوشی ہوئی ہے، کیونکہ یہاں ایک بڑی معاشی سرگرمی جاری ہے اور اس میں صرف سرمایہ کار ہی نہیں بلکہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک ہیں، اس طرح کی سرگرمیوں سے ملک میں سرمایہ کاری کو فروغ ملتا ہے اور کاروباری مواقع بڑھتے ہیں۔ محمد احمد خان نے کہا کہ آنے والے وقت میں ہر شعبے میں کاروبار کے مزید مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے، کاروبار ترقی کرے گا تو معیشت مضبوط ہوگی اور لوگوں کو ملازمتیں ملیں گی۔ انہوں نے زور دیا کہ ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے اور غربت کے خاتمے کے لیے کاروباری سرگرمیوں کا تسلسل ضروری ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے سیاسی احتجاج اور دھرنوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی عدم استحکام سے کاروبار متاثر ہوتا ہے، شاہراہیں اور موٹرویز بند ہونے سے معاشی سرگرمیوں میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے جبکہ احتجاج کے باعث کئی اسکول بھی کئی دنوں سے بند پڑے ہیں، دھرنوں کے دن نکال دیے جائیں تو گزشتہ دو سے تین سال کی مدت کا اندازہ ہو سکتا ہے کہ ان سرگرمیوں نے کتنا وقت متاثر کیا۔ محمد احمد خان کا کہنا تھا کہ یہ کیسا سیاسی حق ہے، جس کے نتیجے میں کاروبار اور سکول بند ہو جائیں؟ احتجاجی جلوس بعض اوقات لڑائی جھگڑے اور مار کٹائی تک پہنچ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب کاروباری حلقوں میں خوف و ہراس ہوگا تو کاروبار کیسے چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ بعض احتجاجی مظاہروں کے دوران فوجی تنصیبات، کور کمانڈر ہاؤس اور چھاؤنیوں کو نشانہ بنایا گیا، جس سے عدم تحفظ کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ 2014ء سے اب تک ملک ایسے حالات کا سامنا کرتا رہا ہے، انہوں نے سیاسی مخالفین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ افرادی قوت کا مظاہرہ کرنا ہی مقصد ہو تو وہ اپنے گاؤں اور کھڈیاں جیسے علاقے میں بھی ایک گھنٹے کے نوٹس پر بڑی تعداد میں لوگ جمع کر سکتے ہیں تاہم ان کے بقول، اصل ضرورت لوگوں کو جمع کرنے کے بجائے ملک کے مسائل حل کرنے کی ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ سیاسی اختلافات دور کرنے کے لیے مذاکرات کے سوا کوئی راستہ نہیں، تمام متعلقہ سیاسی رہنماؤں کو بات چیت کے لیے آگے آنا چاہیے کیونکہ طاقت کے ذریعے کسی بات کو منوانا ممکن نہیں، احتجاج اور تصادم کی سیاست سے سیاسی قوتیں اپنی گنجائش خود محدود کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی سطح پر بڑے معاہدے کر رہا ہے اور پاکستانی فوج کی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے پنجاب حکومت کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے اقدامات کی قدر کرتے ہیں، انہوں نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کو قابل ستائش منصوبہ قرار دیا اور کہا کہ پنجاب حکومت کو ہاسنگ اسکیم پر حال ہی میں ایوارڈ بھی ملا ہے۔ ملک محمد احمد خان نے سابق وزیراعظم نواز شریف کو اسٹیٹس مین قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے خیال میں اس وقت پورے پاکستان کو ایک ہی شخصیت سے توقعات وابستہ ہیں اور وہ میاں نواز شریف ہیں، انہوں نے محمود اچکزئی کے اس بیان کو بھی سراہا کہ وہ نواز شریف سے بات کریں گے۔ انہوں نے آخر میں کہا کہ ملک کی معیشت کو مضبوط بنانا اور غربت کا خاتمہ قومی ترجیح ہونی چاہیے، اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی قوتیں محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کریں اور ملک میں کاروباری سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں۔

بقیہ نمبر 42

منورہ پر ہونے والے حملوں کی بھی مذمت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس ہوا ہے جس میں پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شرکت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ کمیٹی کا دفاعی تعاون کے لیے عملی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ اجلاس میں شرکت کی۔ سجاد حیدر خان نے کہا کہ حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی اور تحفظ کی حمایت کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 43

کہ نیا ویب پورٹل محکمہ قانون نے اپنے وسائل سے تیار کیا ہے، جس میں جدید سرچ، مصنوعی ذہانت پر مبنی قانونی معاونت اور کیو آر کوڈ کے ذریعے دستاویزات کی تصدیق کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ تقریب کے دوران ڈائریکٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے وزیر قانون کو پورٹل کی خصوصیات اور محکمہ قانون کے ڈیجیٹل اقدامات پر بریفنگ دی۔ ضیاء الحسن لنجار نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے استعمال سے قانونی معلومات تک عوام کی رسائی آسان ہوگی، شفافیت میں اضافہ ہوگا اور سرکاری خدمات کی فراہمی بہتر بنائی جا سکے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سندھ حکومت سے متعلق عدالتی مقدمات کی تازہ معلومات کو بھی ویب پورٹل سے منسلک کیا جائے۔ سیکریٹری قانون نے بریفنگ میں بتایا کہ ایڈووکیٹ جنرل سندھ اور پراسیکیوٹر جنرل سندھ کے دفاتر کو بھی پورٹل سے منسلک کیا جائے گا، تاکہ قانونی معلومات اور متعلقہ ریکارڈ تک رسائی مزید مؤثر بنائی جا سکے۔ تقریب میں سیکریٹری قانون، ایڈووکیٹ جنرل سندھ، سولیسٹر سندھ، ڈائریکٹر جنرل مانیٹرنگ، انسپکشن اینڈ ایویلیوایشن، محکمہ قانون کے سینئر افسران اور کراچی بار ایسوسی ایشن، سندھ بار کونسل اور سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 44

فروغ پر نوبیل انعام دیا جا رہا ہے، 1941 میں جنوبی افریقی شہر ڈربن میں پیدا ہونے والی ناوانیتھم نادی پلے بھارتی نژاد خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ وہ جنوبی افریقا میں نسلی امتیاز کا سامنا کرتے ہوئے بڑی ہوئیں اور جنوبی افریقا کی ان اولین بھارتی نژاد خواتین میں سے ایک ہیں جنہوں نے قانون کی تعلیم حاصل کی، وہ نسل پرستی کے خلاف سرگرم افراد کا عدالتوں میں دفاع کرتی رہیں اور جیلوں کی ناقص حالات کے خلاف لڑتی رہیں۔ جنوبی افریقا کی نسل پرست حکومت کے خاتمے کے بعد وہ روانڈا میں انٹرنیشنل کرمنل ٹریبونل کی جج بن گئیں، جہاں انہوں نے جنسی زیادتی کو جنگی جرائم کا حصہ بنانے کا تاریخ ساز کام کیا۔ بعد ازاں 2008 سے 2014 کے دوران وہ اقوام متحدہ کے ہیومن رائٹس ادارے کی ہائی کمشنر کے طور پر کام کرتی رہیں جبکہ حال ہی میں انہیں غزہ اور اسرائیل میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے لیے قائم کیے گئے اقوام متحدہ کے کمیشن کا سربراہ مقرر کیا گیا تھا۔ واضح رہے امن کا نوبیل انعام (نوبیل پیس پرائز) اس شخص کو دیا جاتا ہے

بقیہ نمبر 45

یورینیم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابلِ علیحدگی حصہ ہے۔ ان سے پوچھا گیا کہ کیا تہران یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک کر سکتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ کسی بھی صورت میں نہیں۔ محمد اسلامی نے سوال اٹھایا کہ اگر عمل کے ابتدائی مرحلے ہی کو موجود نہ رہنے دیا جائے تو جوہری صنعت قائم رکھنے کا دعویٰ کیسے کیا جا سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ جوہری صنعت سائنسی اور تکنیکی ترقی کو آگے بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ایران تکنیکی ترقی کے اپنے حق سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ سربراہ ایرانی جوہری ادارے نے ایران کے افزودہ یورینیم کے ذخائر کسی دوسرے ملک کے حوالے کرنے کے امکان کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 46

فضول باتیں مت کیا کرو، بکواس بند کرو، ورنہ بے نقاب کر دوں گا کہ تم کیسے آئے، کس شرط پر آئے اور تمہیں کون لایا ہے؟ علی امین گنڈاپور نے الزام لگایا کہ سہیل آفریدی نے 26 نومبر 2025 کو دھاوا بولنا تھا لیکن ایسا نہیں کیا کیونکہ وہ وہاں معاملات طے کر کے انتظامی طور پر قابو میں آ گئے تھے، سہیل آفریدی نے معاملات طے کر کے ڈیل کی تھی۔ سابق وزیراعلیٰ نے الزام عائد کیا ہے کہ بانی تحریکِ انصاف کی ملاقاتیں سہیل آفریدی نے بند کروائیں۔ انہوں نے بشریٰ بی بی کے پیغامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سہیل آفریدی کو لانے والے شخص کو بھی پیغامات بھیجے گئے ہیں اور اس شخص نے سہیل آفریدی کو ان کے طرزِ عمل سے متعلق پیغامات کیے ہیں۔ علی امین گنڈاپور نے یہ الزام بھی لگایا ہے کہ بشریٰ بی بی سے ان کی بیٹی کی ملاقاتیں بھی سہیل آفریدی نے بند کروائیں۔ علی امین گنڈاپور کا آڈیو پیغام میں کہنا ہے کہ سہیل آفریدی نے معاملات پہلے سے طے کیے ہوئے تھے، اگر میں نے ریکارڈ نکال کر بات کی تو سہیل آفریدی منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے۔ سابق وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ سہیل آفریدی اپنی حدود میں رہیں اور اپنی اوقات سے باہر نہ نکلیں۔ علی امین گنڈاپور نے آڈیو پیغام میں سہیل آفریدی کو فکس میچ کے بچے کہتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ بشریٰ بی بی کو چھوڑ کر وہاں سے بھاگ گئے تھے۔ انہوں نے سہیل آفریدی کو مخاطب ہو کر آخر میں کہا کہ فضول باتوں سے گریز کرو، شرم بھی نہیں آتی، میں تمہیں تنبیہ کر رہا ہوں۔

اے این ایف کا منشیات اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن ،6 ملزمان گرفتار

1 کروڑ سے زائد مالیت کی 91.24 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی' ترجمان

لاہور (آئی این پی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے تعلیمی اداروں کے اطراف اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے ، 8 کارروائیوں کے دوران 6 ملزمان گرفتار کر کے 1 کروڑ سے زائد مالیت کی 91.24 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کراچی میں یونیورسٹی کے قریب ملزم کے قبضے سے 1.2 کلوگرام چرس برآمد، ڈی ایچ اے کراچی کے قریب ملزم کے قبضے سے 750 گرام چرس برآمد ہوئی ، گرفتار ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا

ٹوٹن مارکیٹ میں سرکاری ٹیموں پر تشدد، دہشت گردی سمیت سنگین دفعات کے تحت 2 مقدمات درج

مردہ مرغیوں کی اطلاع پر کارروائی کیلئے پہنچنے والی ٹیموں پر حملہ کیا گیا، متعدد ملزمان گرفتار، دیگر کی گرفتاری کے لئے چھاپے

لاہور (آئی این پی) ٹوٹن مارکیٹ لاہور میں اسسٹنٹ کمشنر، پولیس، پیرا، فوڈ اتھارٹی اور ایم سی ایل کی ٹیموں پر تشدد کے واقعے پر تھانہ شادمان میں فوڈ اتھارٹی اور پولیس کی مدعیت میں دہشت گردی سمیت سنگین دفعات کے تحت 2 علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے ۔تفصیلات کے مطابق مقدمات انسداد دہشت گردی، کار سرکاری مداخلت، اقدام قتل، ہنگامہ آرائی، سرکاری املاک کو نقصان پہنچانا، توڑ پھوڑ سمیت دیگر دفعات کے تحت درج کیے گئے ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم اے سی، پیرا اور دیگر سرکاری اداروں کے ہمراہ 1235 کلو مردہ مرغیوں کی اطلاع پر وہاں پہنچی

چنیوٹ میں اسکول کی زمین کان کنی منصوبے کیلئے حاصل کرنے کا معاملہ، حکام سے جواب طلب

سینکڑوں طلباء کی تعلیم متاثر ہونے کا خدشہ، اراضی کے حصول کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دینے کی استدعا

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے چنیوٹ میں اسکول کی زمین کان کنی منصوبے کے لیے حاصل کرنے کے خلاف کیس میں سیکرٹری مائنز اینڈ منرل، ڈسٹرکٹ ایکوزیشن کلیکٹر، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے شاہین فاؤنڈیشن سکول چنیوٹ کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار سکول کی جانب سے ایڈووکیٹ سمرا ملک نے دلائل دیئے ۔ درخواست میں پنجاب حکومت، محکمہ معدنیات اور ڈپٹی کمشنر چنیوٹ سمیت دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ چنیوٹ میں آئرن اور اسٹیل مل منصوبے کے لیے زمین حاصل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا

سرکاری فنڈز سے ذاتی تشہیر کا کیس، سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

عدالت کا درخواست گزار کو عدالتی وقت ضائع کرنے پر 10 لاکھ روپے جرمانے کا انتباہ، غیر مشروط معافی منظور

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعظم اور وزیر اعلیٰ کی جانب سے سرکاری فنڈز پر ذاتی تشہیر کے کیس پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ جسٹس فاروق حیدر نے عالیہ حمزہ کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ جو پیسہ تشہیر پر لگ رہا ہے وہ ٹیکس پیئرز کا پیسہ ہے، وزیر اعظم اور وزیر اعلی کی اشتہارات کے ساتھ تصاویر ذاتی تشہیر کے زمرے میں آتی ہے، سپریم کورٹ کے فیصلوں کے مطابق ٹیکس کے پیسے پر ذاتی تشہیر غیر قانونی ہے۔ دوران سماعت عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ دو باتوں کے لیے اتنی بڑی پٹیشن (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور بحرین کا تجارت، توانائی اور زراعت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر 7 اور 8 اکتوبر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا

اس دوران انہوں نے اسحاق ڈار سے دوطرفہ مذاکرات کیے، صدر، وزیر اعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز سے بھی ملاقاتیں کیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور بحرین نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، غذائی تحفظ، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، جبکہ دونوں ممالک کا مشترکہ وزارتی کمیشن کا چوتھا اجلاس آئندہ سال منامہ میں منعقد ہوگا۔ دفتر خارجہ کے مطابق بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر 7 اور 8 اکتوبر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا، اس دوران انہوں نے اسحاق ڈار سے دوطرفہ مذاکرات کیے، صدر، وزیر اعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز سے بھی ملاقاتیں کیں۔ اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ نے پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی، اجلاس میں تجارت و سرمایہ کاری، زراعت و غذائی تحفظ، توانائی، بحری امور، اطلاعاتی ٹیکنالوجی، ٹیلی مواصلات، صحت، تعلیم، افرادی قوت اور عوامی روابط (بقیہ نمبر 1)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں کورین وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کی بڑی کامیابی، ستمبر میں 41 ہزار 903 کیسز میں خواتین کی مدد

گھریلو تشدد کے 20 ہزار 572 کیسز رپورٹ، 20 ہزار 107 حل، خواتین 15 پر کال کر کے 2 دبائیں' سیف سٹیز

لاہور (آئی این پی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے خواتین کے خلاف ہراسانی، تشدد اور دیگر جرائم کے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن صنفی جرائم، ہراسانی اور تشدد کا شکار خواتین کو تحفظ اور انصاف کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق ستمبر 2026ء کے دوران ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے 41 ہزار 903 کیسز میں خواتین کو فوری مدد اور قانونی رہنمائی فراہم کی۔ خواتین کے خلاف مختلف جرائم پر ایک ہزار 916 مقدمات درج، 248 کیسز میں انکوائری جاری ہے۔

آزاد کشمیر بھر کے ڈاکٹرز اور میڈیکل طلبہ کے لیے بڑی خوشخبری

پی ایم ڈی سی سب آفس کے قیام کی کوششیں رنگ لانے لگیں، نیو کیمپس میڈیکل کالج امبور میں جگہ مختص، جلد افتتاح متوقع

مظفر آباد (آئی این پی) آزاد کشمیر بھر کے ڈاکٹرز اور میڈیکل طلبہ کے لیے بڑی خوشخبری سامنے آگئی ہے۔ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PMDC) کے سب آفس کے قیام کے لیے کی جانے والی کوششیں رنگ لانے لگی ہیں، جبکہ میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں وکشمیر میڈیکل کالج مظفر آباد کے نیو کیمپس امبور میں پی ایم ڈی سی سب آفس کا جلد باقاعدہ افتتاح متوقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق پرنسپل میر واعظ مولوی محمد فاروق شہید آزاد جموں وکشمیر میڈیکل (بقیہ نمبر 5)

سردار سکندر حیات خان ایک جرات مند اور انتھک سیاسی رہنما تھے، سردار عتیق احمد خان

سردار سکندر حیات خان اور ان کے خاندان نے مسلم کانفرنس کے پیغام اور نظریے کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کیا

مظفر آباد (آئی این پی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر وسابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ سردار سکندر حیات خان ایک جرات مند اور انتھک سیاسی رہنما تھے جنہوں نے آزاد خطے میں تعمیر وترقی اور بہتری انتظامیہ کی مثال قائم کی۔ سابق وزیر اعظم سردار سکندر حیات خان کی برسی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ سالار جمہوریت سردار سکندر حیات خان اور ان کے خاندان نے مسلم کانفرنس کے پیغام اور نظریے کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان کے سرد وگرم کے ساتھی رہے

Al Mustafa Pakistan
WELCOME
OOKE GODH PARTNERSHIP

برطانوی وفد کا ٹھوکر نیاز بیگ میں خانہ بدوش بستی کا دورہ، فلاحی منصوبوں کا جائزہ

بروک پاکستان اور گود کے اشتراک سے طبی سہولیات، بچوں کی تعلیم اور جانوروں کی فلاح پر بریفنگ

مہمانوں کا ثقافتی انداز میں استقبال، مقامی فنکاروں کی پرفارمنس، روایتی پگڑیاں اور یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں

لاہور (آئی این پی) لاہور کے مضافاتی علاقے ٹھوکر نیاز بیگ جٹ چوک میں برطانیہ سے آئے ہوئے وفد نے خانہ بدوشوں کی بستی کا وزٹ کیا گیا، جس کی قیادت بروک پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر جاوید اقبال گوندل نے کی۔ اس وفد میں برطانیہ سے آئے ہوئے پارٹنرز ایما بکلے (Buckley Emma)، ہاورڈ منڈی (MundyHoward)، سٹیو (Steve)، کلیئر (Clare) ڈاکٹر منوں چہرا اور ڈاکٹر عمران کبیر شامل تھے۔ جن کی آمد پر 'گود' کے عملے کی جانب سے انہیں گلدستہ پیش کیا گیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کرنے کے ساتھ ڈھول کی تھاپ پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر مہمانوں نے وہاں لگنے والے آئی کیمپ کا معائنہ کیا جب کہ ڈائریکٹر 'گود' نذیر غازی نے ری سائیکل بیگ کی افادیت اور اہمیت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں مہمانوں کو ایکوائن اونرز (گھوڑا، گدھا اور خچر مالکان) کے بچوں کے سکول کا دورہ کرایا (بقیہ نمبر 9)

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا سانگلہ ہل کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

صفائی اور بیوٹیفکیشن کے کام تیز، تعمیراتی معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے' رعنا حمید

سانگلہ ہل (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب رعنا حمید نے سانگلہ ہل کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہر میں جاری بیوٹیفکیشن، ترقیاتی اور صفائی ستھرائی کے مختلف منصوبوں کا معائنہ کرتے ہوئے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران و اہلکاروں کو ترقیاتی کاموں میں مزید تیزی لانے، تعمیراتی میٹریل کے معیار کو یقینی بنانے اور شہر کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایات جاری کیں، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل حارث حمید، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سانگلہ ہل کاشف مختار، سابق ایم پی اے چوہدری طارق محمود باجوہ، ستھرا پنجاب (بقیہ نمبر 10)

پنوعاقل ریلوے اسٹیشن پر حادثہ، فوجی اہلکار جاں بحق، اہلیہ زخمی

کراچی جانے والی رحمان بابا ٹرین سے اترتے ہوئے حادثہ پیش آنے کی اطلاع، زخمی خاتون اسپتال منتقل

سکھر (آئی این پی) پنوعاقل ریلوے اسٹیشن پر کراچی جانے والی رحمان بابا ٹرین سے اترنے کے دوران پیش آنے والے حادثے میں فوجی اہلکار عبدالغفار جاں بحق جبکہ ان کی اہلیہ خدیجہ شدید زخمی ہو گئیں۔ ایدھی انفارمیشن ڈیسک سکھر کے مطابق میاں بیوی فیصل آباد سے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ پنوعاقل آ رہے تھے کہ اسٹیشن پر ٹرین سے اترتے ہوئے حادثے کا شکار ہو گئے۔ واقعے میں جاں بحق ہونے والے عبدالغفار کی میت اور زخمی خاتون خدیجہ کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے تعلقہ اسپتال پنوعاقل منتقل کر دیا گیا۔ حادثے کی مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

شہید بینظیر بھٹو ٹراما سینٹر سکھر عوام کے لیے تحفہ ہے، احمد علی قریشی

50 بستروں پر مشتمل مرکز میں حادثات کے زخمیوں کو مفت ہنگامی طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ سندھ کا دورہ

سکھر (آئی این پی) ریجنل ڈائریکٹر صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ سکھر ڈویژن احمد علی قریشی نے کہا ہے کہ شہید بینظیر بھٹو ٹراما سینٹر سکھر کا قیام عوام کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے، جہاں سکھر، گھوٹکی، خیرپور، شکارپور اور گردونواح کے اضلاع میں حادثات کے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کر کے قیمتی انسانی جانیں بچائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ٹراما سینٹر کے (بقیہ نمبر 11)

INLAND MAIL
اندرون ملک
PAKISTAN POST

لاہور: جنرل پوسٹ آفس میں نصب لیٹر بکس میں ایک بزرگ شہری ڈاک ڈال رہا ہے۔ دنیا بھر میں گزشتہ روز ڈاک کا عالمی دن منایا گیا

لاہور میں تیز رفتار نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے 58 سالہ شخص جاں بحق

لاہور (آئی این پی) مصطفیٰ ٹاؤن کے علاقے میں تیز رفتار نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے 58 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق متوفی کی شناخت عنایت کے نام سے ہوئی ہے۔ متوفی عنایت انجینئرنگ اکیڈمی کے قریب سڑک عبور کر رہے تھے کہ اس دوران نامعلوم گاڑی نے انہیں ٹکر ماردی۔ ریسکیو ٹیموں نے زخمی عنایت کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا

مسلم لیگ ن ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے، ریاض بوزدار

کراچی (آئی این پی) مسلم لیگ ن پی ایس 123 نیو کراچی ضلع وسطی کے صدر ریاض بوزدار نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن ملک کو درپیش معاشی اور دیگر بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے، وزیر اعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت شہریوں کو کم قیمت پر پٹرول کی فراہمی خوش آئند اقدام ہے۔

سندھ ڈاک ٹکٹ نے خطے کی تاریخ میں منفرد شناخت قائم کی، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (آئی این پی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم ڈاک کے موقع پر ڈاک کے شعبے سے وابستہ کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کی سرزمین برصغیر میں ڈاک کی تاریخ کے حوالے سے نمایاں مقام رکھتی ہے۔ 1852ء میں جاری ہونے والے

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کی اسامیوں کے حتمی نتائج جاری کر دیئے

چھ محکموں اور اداروں میں امیدوار کامیاب، نتائج سرکاری ویب سائٹ پر آویزاں، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (آئی این پی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے حکومت پنجاب کے 6 مختلف محکموں اور اداروں کی اسامیوں کے حتمی نتائج کا اعلان کر دیا ۔جس میں محکمہ معدنیات، محکمہ ہاسنگ، بورڈ آف ریونیو پنجاب اور پنجاب پبلک سروس کمیشن کی مختلف اسامیوں کے حتمی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پبلک سروس کمیشن کے مطابق محکمہ معدنیات و معدنی وسائل، مائنز لیبر ویلفیئر کمشنریٹ پنجاب میں سبجیکٹ اسپیشلسٹ فزکس کی ایک آسامی کے لیے ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب (بقیہ نمبر 6)

موٹر وے پولیس کی ایمانداری، 5 لاکھ 45 ہزار روپے مالک کو واپس کر دیئے

لاہور (آئی این پی) موٹر وے پولیس سنٹرل ریجن کی ایمانداری، سڑک پر ملنے والے 5 لاکھ 45 ہزار روپے مالک کے حوالے کر دیئے۔ ترجمان سنٹرل ریجن کے مطابق احمد پور شرقیہ کے قریب قومی شاہراہ پر ملنے والی 5 لاکھ 45 ہزار روپے کی رقم مالک کو واپس کی گئی۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوم ڈاک منایا گیا

لاہور (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں گزشتہ روز (9 اکتوبر) کو یوم ڈاک منایا گیا ۔خطوط، ڈاک ٹکٹ اور ڈاکیے کا کردار، کبھی یہی رابطے کا سب سے اہم ذریعہ تھے، مگر ڈیجیٹل دور میں بھی ڈاک کا نظام اپنی اہمیت برقرار رکھے ہوئے ہے، عالمی یوم ڈاک 1874 میں یونیورسل پوسٹل یونین کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے، اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد روزمرہ زندگی، کاروبار اور عالمی اقتصادی ترقی میں ڈاک کے نظام اور خدمات کے کردار کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔

انٹرنیشنل پیس کانفرنس کیلئے جے یو آئی سندھ کی رابطہ مہم شروع

جیکب آباد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام سندھ نے انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی کامیابی اور اس کا پیغام عام کرنے کیلئے صوبے بھر میں ڈویژنل سطح پر رابطہ مہم شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلے میں اجتماعات کا آغاز 10 اکتوبر کو لاڑکانہ سے ہوگا۔

ڈاؤ یونیورسٹی کی طالبہ کو امتحان میں بیٹھنے کی اجازت

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے ڈاؤ یونیورسٹی کی نرسنگ طالبہ نصرت کو امتحان میں شرکت کی اجازت دیتے ہوئے یونیورسٹی انتظامیہ کو ضروری انتظامات کرنے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے واضح کیا کہ امتحان میں شرکت کی اجازت زیر سماعت آئینی درخواست کے حتمی فیصلے سے مشروط ہوگی۔

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، 3 مبینہ ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (آئی این پی) اورنگی ٹاؤن کے علاقے سیکٹر 14 سی میں پاکستان بازار پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد تین ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
55/S LDA بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

سمیڈا کی طرف سے کاروباری خواتین کو با اختیار بنانے سے متعلق بریفنگ

بریفنگ پاکستان سنگل ونڈو کے تحت ایف پی سی سی آئی میں منعقدہ سیشن میں دی گئی

لاہور (آئی این پی) سال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) نے خواتین کاروباری شخصیات کو با اختیار بنانے کے عزم کے تحت منعقدہ خدیجہ ویمن انٹر پرینیورشپ پروگرام کے سیشن میں اپنے اقدامات اور خدمات کو اجاگر کیا۔ پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلیو) نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) اور مشرق بینک کے اشتراک سے کاروباری خواتین کی مواقع تک رسائی کے موضوع پر یہ سیشن منعقد کیا، جس کا مقصد بالخصوص پسماندہ علاقوں کی خواتین کو مالی وسائل اور منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا تھا۔س

رمضان المبارک کے باعث نجی اسکولوں کا نیا تعلیمی سال یکم دسمبر سے شروع کرنے کا فیصلہ

فائنل ٹرم امتحانات نومبر میں ہوں گے، نئے نصاب کی کتابیں مارچ یا اپریل میں مارکیٹ میں آنے کا امکان

لاہور (آئی این پی) فروری میں ماہ رمضان کے باعث بیشتر پرائیویٹ سکولز کا نیا تعلیمی سال ایک ماہ قبل دسمبر سے شروع کرنے کا فیصلہ ہو گیا۔ بیشتر پرائیوٹ سکولوں میں تعلیمی سیشن یکم دسمبر سے شروع کیا جائے گا، تعلیمی سیشن جلد شروع ہونے سے پبلشرز کو کروڑوں روپے کا فائدہ ہوگا۔ ذرائع کے مطابق تعلیمی سال جلد شروع ہونے سے نجی پبلشرز اپنا پرانا سلیبس بیچ سکیں گے، نئے تعلیمی سال سے تمام سلیبس کی کتابیں تبدیل ہو جائے گی، نئے سلیبس کی کتابیں مارچ یا اپریل تک مارکیٹ میں آئیں گی، پرائیویٹ سکولوں میں دسمبر کی بجائے نومبر میں فائنل ٹرم کا امتحان لیا جائے گا۔ سکول مالکان کا موقف ہے کہ رمضان المبارک میں سکولوں کے اوقات کار میں کمی کے باعث تعلیمی سیشن جلد شروع کر رہے ہیں، رمضان المبارک میں اوقات کار میں کمی کے باعث سلیبس مکمل کرانا مشکل ہو جائے گا۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے انجینئر امیر مقام کی ملاقات

عوام نے انتشار کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام کے درمیان گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، لانگ مارچ اور دیگر اہم سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے خیبر پختونخوا کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے انتشار کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبہ میں قیام امن ، عوامی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گی، صوبہ کے عوام دہشت گردی اور اسکے سرپرست انتشاری سیاسی ٹولہ سے نالاں ہو گئے ہیں۔

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام ملاقات کرتے ہوئے

ٹریفک سیکٹر کے زیر التواء چالانوں کو ایک ماہ میں نمٹانے کے احکامات

سیشن جج کی مجسٹریٹوں کو ٹریفک چالانوں کو نمٹانے کی ماہانہ رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت

لاہور (آئی این پی) ٹریفک سیکٹر کے زیر التواء چالانوں کو ایک ماہ میں نمٹانے کے احکامات جاری کر دیئے گئے ۔سیشن جج لاہور طارق خورشید خواجہ نے اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق مجسٹریٹوں کو ٹریفک چالانوں کو نمٹانے کی ماہانہ رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ زیر التواء مقدمات جلد نمٹانے کے لئے کینٹ کچہری، ماڈل ٹاؤن کچہری اور ضلع کچہری کے مجسٹریٹوں میں ٹریفک سیکٹر تقسیم کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے تحت ضلع کچہری میں 17، کینٹ کچہری میں 12 جبکہ ماڈل ٹاؤن کچہری میں 12 مجسٹریٹ ٹریفک چالانوں کی سماعت اور نمٹانے کے لئے مقرر کیے گئے ہیں۔

lami Pakistan

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کرتے ہوئے

محتسب پنجاب کے 30 سال، لاہور میں عالمی کانفرنس کا کامیاب انعقاد

کانفرنس میں پاپوا نیو گنی، جنوبی افریقہ، ویسٹ کیمرون، زیمبیا، آذربائیجان، روس، سوئٹزرلینڈ، اٹلی، یوکرین اور فلپائن سمیت مختلف ممالک کے مندوبین کی شرکت

لاہور (آئی این پی) محتسب پنجاب کے دفتر کے قیام کے 30 سال مکمل ہونے پر لاہور کے ہوٹل میں 30 ویں سالگرہ کی بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں دنیا کے مختلف ممالک سے محتسب اداروں، انسانی حقوق کے شعبے سے وابستہ شخصیات اور دیگر نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس کا موضوع ''محتسب اداروں کا احتساب، گڈ گورننس اور شہریوں کے حقوق کے فروغ میں کردار'' تھا۔ کانفرنس میں پاپوا نیو گنی، جنوبی افریقہ، ویسٹ کیمرون، زیمبیا، آذربائیجان، روس، ماریشس، کیمرون کے نارتھ ویسٹ ریجن، نائیجیریا، سوئٹزرلینڈ، اٹلی، یوکرین، انڈورا، (بقیہ نمبر 8)

میزان بینک نے ''گھر ہو تو اپنا'' پروگرام کے تحت 49 ارب روپے کی فنانسنگ منظور کر لی

6 ہزار 880 درخواستیں منظور، ایک ہزار خاندانوں کو 7.34 ارب روپے فراہم کیے جا چکے ہیں

کراچی (آئی این پی) میزان بینک نے وزیر اعظم اپنا گھر پروگرام ''گھر ہو تو اپنا'' کے تحت 6 ہزار 880 درخواستوں پر تقریباً 49 ارب روپے کی ہاؤسنگ فنانسنگ منظور کر لی ہے۔ بینک کے مطابق 30 ستمبر 2026 تک ایک ہزار خاندانوں کو مجموعی طور پر 7 ارب 34 کروڑ روپے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ میزان بینک کو اس پروگرام کے تحت اپنے نیٹ ورک اور پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی کے پورٹل کے ذریعے 27 ہزار 800 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 179 ارب روپے ہے۔ بینک کے اپنے نیٹ ورک کے ذریعے 13 ہزار 474 درخواستیں موصول ہوئیں، جن کی مالیت 100 ارب 70 کروڑ روپے تھی،

کم عمر لڑکی کے مبینہ جنسی استحصال اور انسانی اسمگلنگ کا خدشہ، ماں سمیت 3 خواتین آف لوڈ

متحدہ عرب امارات جانے والی مسافروں سے پوچھ گچھ، موبائل فون سے مبینہ ایجنٹ کی گفتگو اور 4 لاکھ روپے کی منتقلی کا ریکارڈ ملا، ایف آئی اے

کراچی (آئی این پی) ایف آئی اے امیگریشن نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے متحدہ عرب امارات جانے والی دو بہنوں اور ان کی والدہ کو کم عمر لڑکی کے مبینہ جنسی استحصال اور انسانی اسمگلنگ کے خدشات کے پیش نظر آف لوڈ کر دیا۔ ایف آئی اے کے مطابق تینوں خواتین کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے انسدادِ انسانی اسمگلنگ کے متعلقہ حکام کے حوالے کرنے کی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق امیگریشن کلیئرنس کے دوران مسافروں مائرہ، علیشہ اور ان کی والدہ بینہ سے سفری مقصد اور انتظامات کے بارے میں پوچھ گچھ کی گئی۔ مائرہ نے اپنی عمر تقریباً 16 سے 17 سال بتاتے ہوئے الزام عائد کیا

کراچی میں لاقانونیت سندھ حکومت کی ناقص حکمرانی کا ثبوت ہے، ایم پی پی

9 ماہ میں اسٹریٹ کرائم کی 43 ہزار 822 وارداتیں، ستمبر میں 1080 موبائل فون چھینے گئے، شہریوں کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں، مرکزی کمیٹی

کراچی (آئی این پی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کی مرکزی کمیٹی نے کراچی میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائم اور شہریوں کے جان و مال کے عدم تحفظ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم کی مسلسل وارداتیں سندھ حکومت کی ناقص حکمرانی اور انتظامی کمزوریوں کی عکاسی کرتی ہیں۔ شہری گھروں، کاروباری مراکز اور شاہراہوں پر بھی خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ مرکزی کمیٹی کے مطابق سٹیزن پولیس لائژن کمیٹی (سی پی ایل سی) کے اعداد و شمار پر مبنی اخباری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جنوری سے ستمبر 2026 تک کراچی میں اسٹریٹ کرائم کی 43 ہزار 822 وارداتیں رپورٹ ہوئیں، جبکہ صرف ستمبر میں 4 ہزار 724 واقعات سامنے آئے۔

سیاسی محاذ آرائی سے مسائل حل نہیں ہونگے، حکومت کو عوام کی آواز سننی پڑے گی' جاوید قصوری

پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے جماعت اسلامی کی دستخطی مہم جاری، وزیر اعظم ریلیف دیں' امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے جماعت اسلامی کی دستخطی مہم جاری ہے، جماعت اسلامی اس مہم کے ذریعے عوام کو متحرک کر رہی ہے تاکہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ختم کر کے شہریوں کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جا سکے، جماعت اسلامی کے نزدیک پٹرولیم مصنوعات پر اضافی مالی بوجھ صرف ایندھن تک محدود نہیں رہتا بلکہ ٹرانسپورٹ، زراعت، صنعت اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی معاشی پالیسیوں کے باعث عام آدمی شدید مشکلات سے دوچار ہے۔

متروکہ وقف املاک بورڈ میں ہندوؤں کو مناسب نمائندگی دی جائے ،نند کمار

کراچی (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے اقلیتی امور کے کنوینر اور سابق رکن سندھ اسمبلی نند کمار گوکلانی نے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بورڈ میں ہندو برادری کو مناسب نمائندگی سے محروم رکھنا افسوسناک ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی غیر مسلم اقلیت ہندو برادری کو بورڈ کے (بقیہ نمبر 7)

صوبائی وزیر اوقاف کی حضرت قطب عالم شاہ بخاری کے مزار پر حاضری

کراچی (آئی این پی) صوبائی وزیر اوقاف، مذہبی امور، زکوۃ وعشر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے حضرت قطب عالم شاہ بخاری کے مزار پر حاضری دے کر چادر پوشی اور فاتحہ خوانی کی اور چار روزہ سالانہ عرس مبارک کی تقریبات کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

وفاقی محتسب ہراسمنٹ کی شکایات سن سکتا ہے، ملازمت پر بحالی کا حکم نہیں دے سکتا، سندھ ہائیکورٹ

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ میں نجی بینک کی جانب سے وفاقی محتسب اعلیٰ کے فیصلے کے خلاف دائر درخواست کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے ریمارکس دیے کہ وفاقی محتسب اعلیٰ ہراسمنٹ سے متعلق شکایات سن سکتا ہے، تاہم کسی ادارے میں ملازمت پر بحالی کا فورم نہیں ہے۔

8 اکتوبر کے شہدائے زلزلہ کا غم اور متاثرین کے ساتھ اہل پاکستان کی بے مثال یکجہتی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، سمعیہ ساجد

مظفر آباد (آئی این پی) چیئرپرسن کشمیر ویمن الرٹ فورم سمعیہ ساجد نے 8 اکتوبر 2005 کے ہولناک زلزلے کی 21 ویں برسی پر شہدائے زلزلہ کو خراج عقیدت اور متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ آزاد کشمیر اور پاکستان کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش انسانی المیہ ہے۔

مریدکے، وزیر اعلیٰ کا وعدہ پورا، ستھرا پنجاب کے 800 صفائی ورکرز میں فی کس 10,000 کے چیک تقسیم

کالاشاہ کاکو (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ایک اور وعدہ پورا ہو گیا عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے دن رات ڈیوٹی دینے والے ستھرا پنجاب کے ورکرز کی محنت کا اعتراف کر لیا گیا

فیصل آباد، نوجوان نے حقیقی بڑے بھائی، بھاوج اور بھتیجی پر فائرنگ کر کے ماں بیٹی کو قتل اور بھائی کو شدید زخمی کر دیا

سرگودھا (این این آئی) نوجوان نے حقیقی بڑے بھائی، بھاوج اور بھتیجی پر فائرنگ کر کے ماں بیٹی کو قتل اور بھائی کو شدید زخمی کر دیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق فیصل آباد کے علاقہ ڈجکوٹ روڈ خالد آباد کی گلی 7 میں نوجوان نے اپنے بڑے بھائی، بھاوج اور بھتیجی کو فائرنگ کا نشانہ بنا ڈالا

سرگودھا، موٹر سائیکل اور چنگچی تصادم میں 18 سالہ طالبعلم جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے قریب تیز رفتاری کے باعث کار، موٹر سائیکل اور چنگچی تصادم میں 18 سالہ طالبعلم جاں بحق اور طالب علم سمیت دو افراد زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

کراچی، شہر بھر میں پولیس مقابلے، 3 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (آئی این پی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلوں کے دوران 3 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ملزمان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق بوٹ بیسن پولیس کو کلفٹن کے بلاک 2 میں واقع اتوار بازار کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔

لیموں گوٹھ نالہ متاثرین کی بحالی، رپورٹ پیش نہ کرنے پر ہائیکورٹ برہم

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے لیموں گوٹھ نالہ متاثرین کی بحالی سے متعلق عدالتی احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر رپورٹ پیش نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکریٹری سندھ کو آئندہ سماعت پر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے خبردار کیا کہ رپورٹ پیش نہ کی گئی

صوبہ بھر میں نئے چلڈرن ہسپتال، کارڈیک ہسپتال اور کینسر ہسپتال بنا رہے ہیں

خواجہ سلمان رفیق

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں جمہوریہ کوریا کے وفد کی ملاقات

جمہوریہ کوریا اور پاکستان پنجاب بحالیاتی انجینئرنگ منصوبے کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت انتہائی خوش آئند ہے

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں جمہوریہ کوریا کے وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، سی ای او میو ہسپتال پروفیسر شہزاد انور، پروفیسر علی مدیح ہاشمی، ایم ایس میو ہسپتال ڈاکٹر عبدالمدبر ریحان، پی آئی ٹی بی افسران و دیگر فیکلٹی ممبران موجود تھے۔ کورین وفد میں مینیجنگ ڈائریکٹر کے ریری ڈاکٹر سیہون پارک، ڈائریکٹر جنجین سونگ، فرسٹ سیکرٹری آف منسٹری مون سنگ، سیکنڈ سیکرٹری آف منسٹری اور کنسلٹنٹ ینسیو چو شامل تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبہ بھر میں نئے چلڈرن ہسپتال، کارڈیک ہسپتال اور کینسر ہسپتال بنا رہے ہیں۔ حکومت پنجاب مریضوں کو اربوں روپوں کے ٹرانسپلانٹس کی مفت (بقیہ نمبر 2)

لاہور صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق چینی کمپنی گرینڈ ٹاپ کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

پولیس کی کارروائیاں ،منشیات فروش سمیت 5 ملزمان گرفتار

1470 گرام آئس، 1300 گرام چرس اور گٹکا برآمد ہوا' ترجمان

لاہور (آئی این پی) ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، شفیق آباد، لوئر مال اور زکی گیٹ پولیس کی کارروائیاں منشیات فروش سمیت 5 ملزمان گرفتار کر لیے گئے، مجموعی طور پر ملزمان کے قبضہ سے 1470 گرام آئس، 1300 گرام چرس اور گٹکا برآمد ہوا ۔ترجمان پولیس کے مطابق شفیق آباد پولیس نے کارروائی کے دوران ملزم فرمان کے قبضہ سے 520 گرام آئس برآمد کی، لوئر مال پولیس نے ریکارڈ یافتہ دو منشیات فروش عرفان اور عنصر کو دھر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 1300 گرام چرس اور 500 گرام آئس برآمد ہوئی۔

لاہور میں پریشر ہارن استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف خصوصی مہم شروع

ایک روز میں 772 بسوں، مزدوں اور دیگر گاڑیوں کے خلاف کارروائی، شہریوں کے سکون اور صحت کا تحفظ ترجیح ہے' سی ٹی او

لاہور (آئی این پی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کی ہدایت پر پریشر ہارن کے خلاف خصوصی مہم شروع کر دی گئی۔ سی ٹی او نے لاہور میں پریشر ہارن استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ پریشر ہارن کا استعمال شہریوں کے سکون اور صحت کے لیے نقصان دہ ہے، ہسپتالوں اور سکولز کے باہر ہارن استعمال کرنا سختی سے ممنوع قرار ہے، پریشر ہارن استعمال کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی،

سعودی عرب پر حوثی حملے کھلی دہشت گردی ہیں' پاکستان علماء کونسل

پورا عالم اسلام سعودی قیادت اور عوام کے ساتھ کھڑا ہے' طاہر محمود اشرفی و دیگر کا بیان

لاہور (آئی این پی) چیئرمین پاکستان علما کونسل و سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل تعظیم حرمین شریفین کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، مولانا نعمان حاشر، مولانا محمد شفیع قاسمی، مولانا انوار الحق مجاہد، علامہ طاہر الحسن، حافظ مقبول احمد، مولانا امین الحسن قاسمی، مولانا سید محمد افضل شاہ، مولانا ذوالفقار احمد، مولانا مفتی مبشر احمد نظامی، مولانا عبدالمتین قاسمی اور مولانا اسد زکریا نے اپنے مشترکہ بیان میں ابہا اور ریاض کے شہری ہوائی اڈوں پر حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید ترین مذمت کی ہے۔ قائدین نے کہا کہ شہری ہوائی اڈوں پر حملے، بے گناہ انسانوں کی جانوں کا ضیاع اور ان کارروائیوں کے نتیجے میں تعلیمی وطبی مراکز کو پہنچنے والا نقصان ناقابل برداشت ہے۔

تلونڈی ڈرگ انسپکٹر لائق الرحمان کی بڑی کارروائی

بشیر میڈیکل سٹور سے نشہ آور ادویات برآمد، چالان ارسال

الہ آباد (نامہ نگار) ڈرگ انسپکٹر لائق الرحمان نے تلونڈی میں انسدادِ منشیات اور ادویات کے قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرواتے ہوئے لائق الرحمان ایک اور بڑی کارروائی کی ہے تفصیلات کے مطابق ڈرگ انسپکٹر لائق الرحمان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے بشیر میڈیکل سٹور پر چھاپہ مارا۔ چھاپے کے دوران میڈیکل سٹور سے غیر قانونی اور ممنوعہ نشہ آور ادویات کی بڑی مقدار برآمد کی گئی ہے، جنہیں قوانین کے خلاف فروخت کیا جا رہا تھا۔ محکمہ صحت کی جانب سے ضابطے کی کارروائی مکمل کرتے ہوئے بشیر میڈیکل سٹور مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے اور (بقیہ نمبر 13)

مریدکے میں زمین کے تنازع پر فائرنگ، دوہرے قتل کا گواہ نوجوان شدید زخمی

درخواست کے باوجود مقدمہ درج نہ ہونے اور ملزمان کی عدم گرفتاری پر متاثرین کا وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی سے نوٹس لینے کا مطالبہ

مریدکے (آئی این پی) مریدکے کی آبادی ننگل ساہداں میں زمین کے تنازعہ پر با اثر ملزمان کی دن دیہاڑے اندھا دھند فائرنگ، گولیاں لگنے سے دوہرے قتل کا گواہ نوجوان شدید زخمی ہو گیا جسے تشویشناک حالت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال مریدکے سے لاہور میو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ، تحریری درخواست تھانہ صدر میں دیئے جانے کے باوجود مقدمہ درج نہ ہونے ،ملزمان کی عدم گرفتاری پر متاثرین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پولیس پنجاب سے نوٹس لینے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مخالفین کے ہاتھوں گزشتہ سال قتل کیے گئے دو بھائیوں حنیف سرا اور اسکے بھائی لطیف سرا ایڈووکیٹ کے مقدمہ کے اہم مدعی اور گواہوں صغری عزیز نے بتایا کہ مقتول حنیف سرا کی کروڑوں روپے کی ننگل ساہداں میں 41 کنال زرعی اراضی ہے

پرانا سکھر میں گندا پانی گھروں میں داخل، شہریوں کا احتجاج

میرانی محلے میں چھ ماہ سے پمپنگ اسٹیشنوں کی بجلی منقطع ہونے کا دعویٰ، میئر اور انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

سکھر (آئی این پی) پرانے سکھر کے جئے شاہ ٹاؤن کی یونین کمیٹی 6 کے میرانی محلے میں نکاسی آب کا نظام درہم برہم ہونے اور گندا پانی گھروں اور گلیوں میں جمع ہونے کے خلاف مکینوں نے احتجاج کیا۔ مظاہرین نے گندے پانی میں کھڑے ہو کر میونسپل کارپوریشن کے خلاف نعرے بازی کی اور فوری نکاسی آب کا مطالبہ کیا۔ احتجاج کی قیادت نیک محمد میرانی، عبدالستار میرانی، امیر بخش میرانی، عبدالغنی میرانی، غلام رسول میرانی اور رجب میرانی سمیت دیگر شہریوں نے کی۔ مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ گزشتہ چھ ماہ سے پمپنگ اسٹیشنوں کی بجلی منقطع ہے، جبکہ عارضی طور پر نصب کیا گیا

صغران چاچڑ قتل کیس سے دستبرداری کے لیے ہراساں کرنے کا الزام

مقتولہ کے اہل خانہ کا سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاج، آئی جی سندھ اور اعلیٰ پولیس حکام سے انصاف و تحفظ کی اپیل

سکھر (آئی این پی) سائٹ ایریا تھانے کی حدود میں رہائش پذیر چاچڑ برادری کے مردوں اور خواتین نے صغران چاچڑ قتل کیس سے دستبردار ہونے کے لیے مبینہ طور پر جھوٹے مقدمات میں پھنسانے اور ہراساں کرنے کے خلاف سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا۔ مظاہرین میں مقتولہ کے بیٹے امتیاز چاچڑ، بیٹی شبیران، نجمہ چاچڑ اور دیور شہزادہ چاچڑ سمیت دیگر افراد شامل تھے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کچھ عرصہ قبل سونیا چاچڑ نے اپنے رشتہ داروں سعید چاچڑ، عباس (بقیہ نمبر 12)

نارووال شہر اور گردونواح میں شدید ژالہ باری سے سڑک پر اولے بکھرے پڑے ہیں